O

O, o, n. انگریزی حروفِ تہجی کا چوتھا حرفِ علّت اور پندرھواں حرف ؛ اس حرفِ علّت کی آواز ؛ اس حرف O سے مشابہ کوئی گول چیز ؛ عربی میں صفـر کی علامت ؛ کسی سلسلے میں پندرھویں درجے کی علامت ؛ اس حرف کی طباعتی شکل یا ٹائپ ؛ کسی تسلسـل میں پنـدرھویں کی علامت ۔ (کیمیا) آکسیجن کی علامت ۔ (برق) برقی اکائی ohm اوہم کی علامت ۔

O, interj. سنجیدہ اور شاعرانہ زبان میں کلمہ خطاب ، جو کسی التجا میں زور پیدا کرنے کے لیے ہوتا ہے (جیسے : Praise the lord, O Jerusalem.)؛ حیرت ، خوشی ، آرزو اور تکلیف کے اظہار کا کلمہ ، اُف ؛ ہائے (جیسے : O woe is me) ۔ (اسم) کلمۂ فجائیہ ؛ اوہ ۔

oaf, n. [بھتنا ؛ شریر بَونا] احمق ؛ گاؤدی ؛ گنوار ؛ بے ڈھنگا ، کند ذہن شخص ؛ ناقص العقل شخص ۔

oafish, a. گنوار ؛ ناقِص العقل ۔

oafishly, adv. گنوار پن سے ؛ حماقت سے ۔

oafishness, n. گنوار پن ؛ کند ذہنی ؛ بے عقلی ۔

oak, n., a. بلُوط ؛ شاہ بلُوط ؛ اس کی لکڑی یا چوب بلوط ؛ سیتـا بَرچھ ؛ جنس بلوط (Quercus) قسم کا کوئی درخت یا جھاڑی بشمول پائیدار و سخت لکڑی والے بہت سے درخت ؛ اس سے مشابہ دوسرے درختوں اور جھاڑیوں میں سے کوئی ۔

oaken, a. بلوطی ۔

oak apple, oak gall, n. مازو ؛ بلُوط کے درختوں پر پیدا ہونے والے گول ابھاروں/گانٹھوں میں سے کوئی ؛ ماجو پھل ۔

oak leaf cluster, n. (عسکری) بلوطی تمغا ؛کانسی یا چاندی کا چھوٹا تمغا جس پر بلُوط کے پتّے اور پھل نقش ہوتے ہیں اور جسے دوسرے تمغوں کےساتھ پہنا جاتا ہے ، یہ تمغا اصل تمغے کا اضافی انعام سمجھا جاتا ہے ۔

oakum, n. سَن ریشے ؛ پرانے/بٹے ہوئے رسّوں سے کھولا ہوا سَن اور اس سے نکالے ہوئے ڈھیلے ریشے جن کو چوبی جہازوں کی درزیں بند کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ پرانے رسّوں کا سَن ۔

oak wilt, n. پت روگ ؛ بلُوط کے درختوں کو لگنے والی ایک فطری بیماری جس سے پتّے مرجھا کر بے رنگ ہو جاتے ہیں یا نکلنا بند ہو جاتے ہیں یا جھڑنے لگتے ہیں ۔

oar, n. چپُو ؛ پتوار ؛ کشتی کھینے ، آگے بڑھانے یا رُخ بدلنے کے لیے ایک لمبی بَلّی جس کے سرے پر تھاپی لگی ہوتی ہے ؛ اس سے ملتی جُلتی یا اس مقصد کے لیے کام آنے والی کوئی چیز ؛ دومُنھ والا چپّو ؛ کھِویّا ۔ (فعل متعدی) چپوؤں سے کشتی آگے بڑھانا یا پانی کو چیرنا ؛ کشتی کھینا ؛ چپو چلاتے ہوئے طے کرنا ، جیسے سمندر ؛ پانی چیرتے ہوئے طے کرنا ۔ (فعل لازم) کشتی چلانا ؛ اس طرح حرکت کرنا یا آگے بڑھنا گویا کشتی چلا رہے ہوں ۔

oared, a. چپّو والی ؛ پتوار دار ۔

oarfish, n. پتوار ماہی ؛ چپُو نما مچھلی ؛ سمندر کے گہرے پانیوں کی مچھلیوں میں سے کوئی مچھلی جس کی خاصیت ایک چپو نما مہیپر اور فیتے جیسا پچکا ہوا جسم ہوتا ہے اور یہ بارہ سے بیس فٹ بلکہ زیادہ لمبی ہوتی ہے ۔

oarlock, rowlock, n. پتوار ٹیک ؛ دُھرے پر نصب "U" کی شکل کا یا کسی اور طرح کا آلہ جو کشتی کھیتے یا چلاتے وقت پتوار کو تھامے رکھتا ہے ۔

oarsman, n. ملاّح ؛ کھِویّا ؛ کشتی ران ؛ پتواروں کے استعمال میں ماہر ؛ چپّو چلانے والا ؛ ورزش یا تفریح کی غرض سے کشتی کھینے والا ، خاص طور پر کشتی رانی کے مقابلے میں ۔

oasis, n. نخلستان ؛ نخلہ ؛ صحرا کے وسط میں واقع ایسا زرخیز قطعہ جہاں پانی ہو ؛ بنجر علاقے کے درمیان سر سبز مقام ۔ (مجازاً) سکون یا پناہ مہیّا کرنے والی کوئی شے (جیسے : a private study that is an oasis in a household of children.) ؛ واح ؛ واحہ ؛ ریگستان کی سیر حاصل زمین ۔

oat, n. جئی ؛ قرطُمان ؛ ایک غلاّتی گھاس (Avena sativa) جسے غذائی دانے کے لیے اگایا جاتا ہے، جو انسانی و حیوانی خوراک بنانے میں استعمال ہوتی ہے ؛ اس گھاس کے دانے ؛ اس قسم کی کوئی گھاس جیسے عام جنگلی جئی ۔

feel one's oats, (بول چال) زندہ دلی محسوس کرنا ؛ اپنی اہمیت کا پورا احساس ہونا ۔

sow one's wild oats, (بول چال) جوانی میں عیش اڑانا ؛ جوانی کی رنگ رلیاں منانا ؛ جوانی کی حماقتوں اور مہموں میں مبتلا ہونا ۔

oaten, a. جئی کا ؛ جئی کے ڈُنٹھل کا ۔

oatcake, n. جئی کا کیک ؛ جئی کی روٹی ؛ جئی کے آٹے سے بنا ہوا کیک جو عام طور پر پتلا اور خستہ ہوتا ہے ۔

oat grass, n. جنگلی جئی ؛ جئی کی کوئی بھی جنگلی نوع ؛ اس سے ملتی جلتی کوئی گھاس ۔

oath, n. قَسم ؛ سوگند ؛ حَلف (کسی بیان کی صداقت کی تصدیق کے لیے یا وعدہ وفائی کے عزم کی تصدیق کے لیے) ؛ خدا یا کسی محترم شخصیت سے باضابطہ التجا ؛ وہ بیان یا وعدہ جسے ایسی التجا کی تائید حاصل ہو ؛ رسمی تصدیق شدہ بیان یا وعدہ جو ایسی التجا کے متبادل کے طور پر قبول کیا جائے ؛ الفاظ کی وہ شکل جس میں ایسا بیان یا وعدہ مُنضبط ہو (جیسے : the oath of office) ؛ اسمائے الٰہی یا کسی مقدّس شے کا غیر سنجیدہ اور گستاخانہ استعمال ؛ کوئی گستاخانہ کلمہ ؛ لعنت ؛ بددُعا ؛ کسی اچانک بات کے اظہار کا نرم انداز ۔

oatmeal, n. جئی کا آٹا ؛ دَلیا ؛ پسی ہوئی جئی سے بنایا اور پکایا ہُوا دلیا ۔

obbligato, obligato, a. [شکر گزار ؛ ممنون ؛ احسان مند] (موسیقی) لازم ؛ لاینفک ؛ ضروری یا ناگزیر ؛ اتنا اہم جسے نظر انداز نہ

کیا جا سکے ؛ سازندوں وغیرہ کی ہدایت کے لیے مستعمل کلمہ ۔ (اسم) (موسیقی) کسی سنگت کا لازمی جزو ؛ ممتاز کردار اور آزادانہ قدر کا حامل سنگت کا واحد ساز ۔

obconical, obconic, a. (نباتیات) معکوس مخرُوطہ ؛ معکوس طور پر مخرُوطی ؛ پتّوں کی طرح مخرُوطی جس کا نوکدار سرا بنیاد یا مقام اتصال کا کام دیتا ہو ، جیسے پتّوں میں ۔

obcordate, a. (نباتیات) معکوس طور پر دِل کی شکل کا جیسے پتّے ؛ اُلٹے دِل کی شکل کا ۔

obdurate, a. ضِدّی ؛ ہٹ دھرم ؛ کٹھور ؛ ڈھیٹ ؛ انسانی جذبات کے بارے میں بے حِس اور ان سے غیر متأثر ؛ غلط روی پر ڈھٹائی سے اصرار کرنے والا ؛ بے لچک ، بے لوچ ؛ نہ جُھکنے والا ؛ ہٹیلا ۔

obduracy, n. ضِد ؛ ہَٹ دھرمی ؛ کٹھور پن ۔

obdurately, adv. ہَٹ دھرمی سے ۔

obdurateness, n. ڈھٹائی ؛ ہَٹ دھرمی ۔

obedience, n. فرمانبرداری ؛ اِطاعت شِعاری ، فرمانبرداری کا عمل یا عادت ؛ اِطاعت ؛ تعمیل ؛ اتباع ؛ حُکم برداری ۔

obedient, a. فرمانبردار ؛ مطیع ؛ تابع ؛ حکم بردار ؛ اِطاعت شِعار ۔

obediently, adv. فرمانبرداری کرتے ہوئے ؛ اِطاعت شِعاری سے ۔

obeisance, n. تعظیم ؛ کورنش ؛ جُھکنا یا آداب ؛ تعظیم یا ادب کا عمل ؛ پرستش سے بھری تعظیم ؛ اِطاعت ؛ سلام ؛ بندگی ۔

obeisant, a. تعظیم کرنے والا ؛ مطیع ؛ اطاعت گزار ۔

obelisk, n. پتھر کا مُنّا ؛ پتھر کا چہار پہلو گاؤ دم ستون ، عموماً یادگار جس کا راس ہرم نُما ہو جو قدیم مصری یادگاروں میں اکثر دیکھا جا سکتا ہے ؛ ایسے ستون سے مشابہ کوئی شے ؛ نشان جو قدیم مسوّدوں میں جعلی ، غلط یا مشکوک الفاظ اور پیروں کی نشان دہی کے لیے استعمال ہوا ہے ۔ (طباعت) خنجر (†) حاشیے کی طرف اشارے کے لیے ؛ علامتِ تحریف ۔

double obelisk, (طباعت) دوہرا خنجر (‡) مذکورہ بالا معنی ۔ دیکھیے : double dagger ۔

obelize, v.t. کسی لفظ یا پارۂ عبارت پر تحریفی نشان لگانا ؛ جعلی ، غلط یا مشکوک سمجھ کر رد کرنا ۔

obelus, n. علامت تحریف ؛ نِشان تحریف ؛ نشانِ حاشیہ ؛ ۔ یا ÷ کا نشان جو قدیم مسوّدوں میں جعلی ، غلط یا مشکوک الفاظ /عبارات کی نشان دہی کے لیے استعمال ہوا ہے ۔ (طباعت) خنجر کا نشان ۔

obese, a. توندل ؛ فربہ شکم ؛ فربہ اندام ؛ بہت موٹا ؛ کپّا ؛ فربہ ؛ زیادہ وزن والا ۔

obeseness, obesity, n. موٹاپا ؛ فربہی ۔

obesely, adv. فربہی سے ؛ مٹاپے سے ۔

obey, v.t. حُکم ماننا ، تعمیل کرنا ؛ اطاعت کرنا ؛ فرماں برداری کرنا ؛ کسی کا حُکم بجا لانا ؛ کسی کے زیر نگیں ہونا ؛ کسی کی حکومت کے تحت ہونا ؛ کسی کی ہدایت یا اختیار کو ماننا (جیسے : to obey one's sense of fitness) ۔ (فعل لازم) احکامات یا اقتدار کا مطیع ہونا ؛ جیسا کہا جائے ویسا کرنا ؛ حکم کے مطابق چلنا یا کام کرنا ؛ فرمانبردار ہونا ۔

obeyer, n. حُکم بجا لانے والا ؛ تعمیل کرنے والا ؛ سر تسلیم خم کرنے والا ؛ فرماں بردار ؛ مطیع ۔

obfuscate, v.t. تاریک کرنا یا دُھندلانا ؛ حیران کرنا ؛ گڑ بڑانا ؛ گڈمڈ کرنا ؛ حواس باختہ کردینا ۔

obfuscation, n. تیرگی ؛ ظُلمت ؛ حیرانی ؛ گڑ بڑاہٹ ؛ بدحواسی ۔

obfuscatory, a. دُھندلانے والا ؛ حیران کرنے والا ؛ گڑ بڑانے والا ۔

obi, n. [جاپانی] پٹکا ؛ کمر بند ؛ ایک لمبا اور چوڑا پٹکا جو جاپانی عورتیں اور بچے کیمونو (پوشاک) کے اوپر باندھتے ہیں ۔

obi, obeah, n. اوبی ؛ چُھومنتر ؛ جادُوئی رُسُوم جو برطانوی غرب الہند ، جنوب مشرقی امریکا اور جنوبی امریکا کے شمالی مُلکوں کے حبشیوں میں رائج ہیں ؛ ان رُسُوم میں استعمال کیا جانے والا جادُو ٹونا ۔

obit, n. تاریخ وفات ؛ کسی شخص کی تاریخ وفات کا اندراج ؛ خبر مرگ ؛ وفات ؛ وقتِ مرگ ؛ تجہیز و تکفین ؛ برسی ۔

obiterdictum, n. (قانون) اظہار ضمنی ؛ مُنصف کی ضمنی رائے جو اس کے عدالتی فیصلے کا حصہ نہ ہو ؛ کوئی ضِمنی رائے ؛ یونہی سی کوئی بات ۔

obituary, n. اعلانِ وفات ؛ مطبوعہ خبرِ مرگ ، جس میں اکثر متوفّی کی مختصر سوانح عمری بھی ہوتی ہے ؛ موت کی خبر ؛ وفیات ۔ (صفت) کسی کی موت سے یا موت کے اندراج سے متعلق ؛ موت یا وفات سے متعلق ؛ وفیاتی ۔

object, n. مدِّمقابل شے یا شخص ؛ چیز ؛ شے ؛ موضوع ؛ مشاہدہ ؛ غرض ؛ مقصد ؛ مراد ؛ مدّعا ؛ وہ شے جس کی طرف ذہن اپنی کسی بھی حالت یا عمل میں متوجہ ہو ؛ جسے دیکھا ، سوچا یا محسوس یا تسلیم کیا جائے ؛ جس پر یقین کیا جائے ؛ کوئی مرئی اور محسوس شے ؛ مقصد ، جس کے لیے کوشش کی جائے (جیسے : The object of intensive research) ؛ غایت ۔ (گرامر) مفعول ، مفعول بہ ، مفعول لہ وغیرہ ۔

objectless, a. فضول ؛ بے مقصد ۔

object, v.t. اعتراض کرنا ؛ تردید/مخالفت میں پیش کرنا ؛ مخالفانہ دلیل دینا ۔ (فعل لازم) خلاف ہونا ؛ کسی شے یا شخص کے خلاف ہونا ؛ منع کرنا ؛ بُرا ماننا ؛ ناپسند کرنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ روکنا ؛ معترض ہونا ؛ ناپسندیدگی ظاہر کرنا ۔

objector, n. مخالف ؛ مُعترض ؛ عذردار ۔

object ball, n. (بلیرڈ) وہ گیند جس پر چھڑی والی گیند سے نشانہ لیتے ہیں ؛ نشانہ لینے والے کی گیند کے سوا کوئی بھی گیند ؛ وہ گیند جسے سب سے پہلے نشانہ لگے ؛ ہدفی گیند ۔

object glass, n. بیرونی عدسہ ؛ ہدف ؛ دُور بین یا خُردبین کا وہ عدسہ یا عدسوں کا مجموعہ جو دیکھی جانے والی شے سے شُعاعیں وصُول کرکے عکس تشکیل کرتا ہے ۔

objectify, v.t. ٹھوس شکل میں پیش کرنا ؛ معرُوضی بنانا؛ مشاہدے/مطالعے کے لائق بنانا ؛ مجسّم کرنا ۔

objectification, n. تجسیم ۔

objection, n. عذرداری ؛ اعتراض ؛ اختلاف ؛ مخالفت یا ناموافقت میں کہی یا محسوس کی جانے والی بات ؛ ناپسندیدگی ، ناموافقت یا اعتراض کی وجہ یا سبب ؛ کوئی ناموافق دلیل ، وجہ یا الزام ؛ عُذر ؛ حُجّت ؛ گرفت ؛ جِرح ؛ ممانعت ۔

objectionable, a. قابلِ اعتراض ؛ لائق الزام ؛ احتجاج انگیز ؛ ناپسندیدگی ابھارنے والی ؛ لائق ملامت ، ناگوار یا توہین آمیز ؛ نادرست ؛ بے جا ؛ نامناسب ؛ ناجائز ؛ نامعقول ؛ ناپسندیدہ ۔

objectionability, objectionableness, n. ناگواری ؛ ناپسندیدگی ۔

objectionably, adv. ناگواری/ناپسندیدگی سے ؛ قابلِ اعتراض طور پر۔

objective, a. خارجی ؛ واقعی ؛ ہدف ؛ نشانہ ؛ معروضی ؛ فکر یا تصوُّر کا موضوع ؛ فکر سے زیادہ فکری نفسِ امر سے متعلّق ؛ داخلی کی ضد ؛ جذبات اور احساسات کی بجائے ان اشیا سے متعلق یا ان پر مرکوز جو ذہن کے لیے خارجی ہوں ، جیسے کوئی شخص یا کوئی کتاب ؛ کاوشوں یا اعمال کا ہدف (جیسے : an objective point)؛خود وہ شے یا اس سے متعلّق جس کی ظاہری تناسب سے نقشہ کَشی ضروری ہو (جیسے : an objective plane) ؛ واقعیت پسندانہ ۔ (گرامر) مفعولی (حالت) ۔ (اسم) بیرونی عدسہ ؛ وہ مقصد جس کے لیے کوشش کی جائے ؛ کوئی شے جس کا نشانہ لیا جائے ؛ جس پر فکر مرکوز کی جائے ؛ ہدف ؛ مقصود ؛ مطمحِ نظر ۔ (گرامر) مفعولی حالت یا اس حالت میں کوئی لفظ ۔

objectively, adv. معرُوضی طور سے؛ خارجی طور سے ۔

objectiveness, n. معرُوضیت ؛ خارجیت ؛ واقعیّت ؛ وجودِ خارجی ۔

objective complement, n. (گرامر) مفعولی تکملہ ؛ اسم ، ضمیر یا صفت جیسے کسی ایک لفظ یا الفاظ کا فعل،قلوب کے استعمال کے بعد صحیح طور پر مسند یا خبر کی اقتدا میں ہونا لازم آتا ہے تاکہ فعل میں مضمر عمل کی نشاندہی ہو سکے (جیسے : They elected him captain کے فقرے میں لفظ captain سے ظاہر ہے) ۔

objectivism, n. خارجیت ؛ معروضیت ؛ واقعیت پسندی ؛ وقوف کے خارجی عناصر پر زور دینے کا رُجحان ۔ (فلسفہ) نظریۂ خارجیت ؛ نظریۂ معروضیت ؛ یہ نظریہ کہ حقیقت کا وجود ذہن سے باہر خارج میں ہے ؛ اخلاقی نظریہ جو کسی اخلاقی نظام کو موضوعی اندازے سے علیحدہ برقرار رکھتا ہے ؛ خیالات و احساسات کے بجائے ان اشیا سے بحث کرنے کا رجحان جو ذہن کے لیے خارجی ہوں ، جیسے کسی ادیب یا فنکار میں ۔

objectivist, n., a. خارجیت پسند ؛ معروضی ؛ معروضیہ ؛ واقعیت پسند ؛ حامئ معروضیت ۔

objectivistic, a. خارجیت پسندانہ ؛ معروضیت پسندانہ ۔

objectivity, n. خارجیت ؛ معرُوضیت ؛ واقعیت ؛ معروضی ہونے کی خاصیت ؛ ان اشیا میں انہماک جو ذہن سے علیحدہ خارج میں ہوں ؛ ایسی حقیقت جس کا وجود ذہن کے باہر ہو؛ وجودِ خارجی ۔

object lesson, n. معروضی سبق؛ وہ سبق جس میں کسی مادّی شے ، کارکردگی یا تجربے کو تعلیم کی بنیاد بنایا جائے ؛ ٹھوس مثال ؛ وہ شے جو کسی اصول کو ٹھوس شکل میں ظاہر کرے ۔

object d'art, n. صنّاعی کا نمونہ ؛ کوئی نادرہ کاری ؛ آرٹ سے تعلّق رکھنے والی کوئی قیمتی شے ؛قیمتی فن پارہ ۔

objurgate, v.t., v.i. لعن طعن کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛تنبیہہ کرنا ؛ بُرا بھلا کہنا ؛ ملامت کرنا ؛ سختی سے ڈانٹ ڈپٹ کرنا ؛ لعنت ملامت کرنا ؛ لتاڑنا ۔

objurgation, n. گوشمالی ؛ سرزنش ؛ ملامت ؛ تنبیہہ ؛ لعنت ملامت ؛ لتاڑ ؛ جھاڑ۔

objurgatory, a. ملامتی ؛ تنبیہی ؛ ملامت آمیز۔

oblanceolate, a. (نباتیات) معکوس سنانیہ ؛ ایسے پتّے کا جو نیزے کے پھل سے مشابہ ہو اور جس کا چپٹا/چوڑا حِصّہ وسطی حصّے کے اوپر ہو۔

oblast, n. اوب لاسٹ ؛ روس کا ایک انتظامی منطقہ ؛ علاقہ ؛ ضلع ۔

oblate, oblate spheroid, a. (جیومیٹری) مقابل چپٹا؛ شلجمی ؛ ایسے کُرے سے متعلق جو قُطبَین پر اس طرح پچکا ہو کہ اس کے قُطر کی سب سے زیادہ چوڑائی ان کے عین وسط میں واقع ہو ؛ نارنگی نُما ؛ مُسطّح القُطبین ؛ چپٹا کُرہ نما ؛ مسطح کُرّہ ؛ شلجمی کُرہ نُما ؛ شلجمیہ ۔

oblateness, n. پچک ؛ چپٹاپن ؛ تسطیح ۔

oblately, adv. چپٹے پن سے ؛ شلجمی طور پر۔

oblate, n. (رومی کیتھولک کلیسا) وہ دنیا دار جو خانقاہ میں کسی قسم کا عہد لیے بغیر یا مکمل اطاعت کے بغیر داخل ہوا ہو ۔ (بڑے O سے) وہ دنیا دار جو مذہبی اور خیراتی کام کے لیے وقف ہو گیا ہو۔

oblation, n. نیاز ؛ چڑھاوا ؛ نذر ؛ قُربانی؛ خدا کو نذر گزرانے کا عمل جیسے عشائے ربّانی میں روٹی اور شراب کی پیش کش ؛ خدا کو پیش کردہ نذرانہ جیسے عَشائے ربّانی کے اجزا ؛ کوئی نذر نیاز جو نیکی اورخیرات کے اظہار میں پیش کی جائے ۔

oblational, oblatory, a. قربانی کا ؛ نذر کا ؛ نذر نیاز سے متعلّق ۔

obligate, v.t. پابند کرنا ؛ کچھ شرائط پُوری کرنے کے لیۓ اخلاقاً یا قانوناً پابند کرنا ۔ (صفت) پابند ؛ مجبور ۔ (حیاتیات) ایک خاص جگہ پر محدود ، جیسے کئی طفیلی کیڑے ؛ طفیلی حلیف (facultative) کی ضد ۔

obligation, n. پابندی ؛ فرض ؛ احساسِ فرض ؛ احساسِ ذِمّہ داری ؛ احسان ؛ بار احسان ؛ وعدے یا معاہدے کے ذریعے خود کو پابند کرنے کا عمل ؛ مُعاہدے یا وعدے کی پابند کرنے والی طاقت ؛ اخلاقی یا قانُونی فرض عائد کرنے والی کوئی شے ؛ کسی فائدے یا خدمت کے لیے احسان مند ہونے کی حقیقت یا حالت ، جیسے بار تشکر ۔ (قانون) ایسا معاہدہ جسے قانون نافذ کرے ۔ (تجارت) کوئی ذمّہ داری ، جیسے معاہدہ ، تمسّک یا پرونوٹ ؛ قول و قرار ؛ ضمانت ؛ مُچلکہ ؛ ذمّہ داری قرضہ ؛ وُجُوبِ لازم ؛ مہربانی ؛ عنایت ؛ پابندی؛ بار ؛ ذمّہ داری ؛ شرط ؛ قرار ؛ لُزوم ؛ وُجُوب ؛ قول ؛ اقرار نامہ ۔

obligato, a., n. دیکھیے : Obbligato ۔

obligatory, a. اخلاقاً یا قانوناً پابند کرنے والا ؛

obligatorily, adv. ذمّہ داری کے طور پر ضُروری ؛ لازمی ؛ لابدی ؛ معاہدے کے طور پر تحریری (جیسے : an obligatory record) ؛ معاہدے کی دستاویز ؛ ناگزیر ؛ فرض ؛ لازم ؛ واجب ؛ ضروری ۔

لازمی طور سے ؛ لازماً ۔

obligatoriness, n. وجُوب ؛ پابندی ۔

oblige, v.t. پابند کرنا ؛ احسان کرنا ؛ خُوش کرنا ؛ ممنون کرنا ؛ دل جوئی کرنا ؛ کسی جسمانی ، اخلاقی یا قانونی طاقت کے ذریعے مجبور کرنا ؛ کسی قدغن کے ذریعے پابند کرنا ؛ کسی احسان کے ذریعے باندھ لینا ؛ کسی کا ممنونِ احسان ہونا ؛ کسی کے لیے کوئی خدمت بجا لانا ؛ مرہونِ منّت کرنا ؛ مجبور کرنا ؛ مہربانی کرنا ؛ محظُوظ کرنا ؛ احسان مند بنانا ۔

obliged, a. ممنون ؛ زیرِ احسان ؛ زیر بار ۔

obliger, n. پابند کرنے والا ؛ معاہدہ کرنے والا ؛ ممنونِ احسان کرنے والا ۔

obligee, n. (قانون) متعہدلہٗ ؛ ایسا شخص جس نے کی دوسرے کو قانوناً پابند کر رکھا ہو ؛ ایسا شخص جسے اقرار نامہ دیا جائے ؛ ازرُوئے اخلاق ، ایسا شخص جو کسی حاصل کردہ فائدے یا احسان کے لیے رہین منت ہو ؛ مرہونِ منت ؛ زیر بارِ احسان ۔

obliging, a. مُحسن ؛ مُنکسر مزاج ؛ مدد کرنے والا ؛ سلوک کرنے والا ؛ بامروت ؛ خوش خُلق ؛ خلیق ؛ مائل بہ احسان و عنایت یا خدمات انجام دینے پر آمادہ ؛ دوسروں کا خیال رکھنے والا ؛ رضامند ؛ رحم دل ۔

obligingly, adv. اِحسان کرتے ہوئے ؛ مہربانی سے ؛ مروّت سے ؛ خوش خُلقی سے ۔

obligingness, n. بامروّتی ؛ خُوش خلقی ؛ حُسنِ اخلاق ؛ خلق و مروّت ۔

obligor, n. (قانون) متعہد ؛ ایسا شخص جو کسی فرض کی ادائیگی کا قانوناً پابند ہو ؛ ایسا شخص جس نے اقرار نامہ دیا ہو ؛ مُقِر ؛ پابند عہد ۔

oblique, a. آڑا ؛ تِرچھا ؛ ٹیڑھا ؛ کج ؛ علامت تغیّر ؛ جو عمودی ہو نہ متوازی ؛ ڈھلوان ؛ جوراست یا سادہ و سہل نہ ہو ؛ جس کا اظہار بالواسطہ ہو ؛ پُر پیچ ؛ بالواسطہ مقصد شُدہ یا حاصل شُدہ ۔ (جیومیٹری) ایسے ٹھوس جسم سے متعلق (بالخصوص/اُستوانی یا مخروطی جسم) جس کا محور اس کے قاعدے پر عمودی نہ ہو ۔ (جہازرانی) قُطب نُما کی بنیادی سمتوں سے الگ کسی اورسمت میں جہاز کو چلانا ۔ (نباتیات) ترچھی جڑ والے پتّے کا حامل ۔ (اسم) (تشریح الاعضا) آنکھ یا پیٹ کے ان عضلات سے متعلق جو کسی زاویے پر ہوں لیکن بغلی یا پہلوئی نہ ہوں ۔ (متعلق فعل) (عسکری) ۴۵ درجے کے زاویے پر ، بالخصوص کوچ کے دوران ۔ (فعل لازم) ٹیڑھا ہونا ؛ زاویے پر ہونا ۔

obliquely, adv. ترچھے پن سے ؛ آڑے ترچھے رُخ میں ؛ غیر عمُودی طور پر ۔

obliqueness, n. ٹیڑھ ؛ ترچھا پن ؛ اخلاقی کجی ۔

oblique angle, n. زاویۂ غیر قائمہ ؛ ایسا زاویہ جو قائمہ نہ ہو ، جیسے زاویۂ حادّہ یا منفرجہ ۔

oblique case, n. (گرامر) غیرفاعلی حالت ؛ حالتِ فاعلی یا حالت ندائی کے سوا کوئی اور حالت ۔

obliquity, n. خمیدگی ؛ اریب ؛ کج روی ؛ ٹیڑھ ؛ ترچھا پن ؛ کجی ؛ اخلاقی /دماغی کجی ؛ آڑا یا ترچھا ہونے کی کیفیت ؛ اخلاقی اقدار سے انحراف ؛ ذہنی کج روی یا اس کی کوئی مثال ؛ ابہام ، بالخصوص تحریر یا تقریر میں رکھا جانے والا دانستہ ابہام ؛ اُلجھن پیدا کرنے والا بیان ؛ ڈھال/اتار یا اس کا درجہ ۔ (فلکیات) زمین کے مدار کی چپٹی سطح اورزمین کے خطِ استوا کا درمیانی زاویہ ، جو ۲۳ درجے ، ۲۶ دقیقے اور ۴۰،۱۶ء ثانیے کے مساوی ہے اور ۴۷ ثانیے فی صدی کی شرح سے کم ہوتا چلا جا رہا ہے ۔

obliquitous, a. ترچھا ؛ کج ؛ ڈھلوان ؛ مبہم ۔

obliterate, v.t. مٹانا ، محو کر دینا ، چھیل دینا ، جیسے کسی تحریر کا ؛ تباہ کر دینا اور نشان تک باقی نہ چھوڑنا ؛ رد کر دینا یا منسوخ کر دینا ؛ تلف کرنا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ کالعدم کر دینا ، منسوخ کرنا ۔

obliteration, n. محو کرنے کا عمل ؛ حکّ ؛ فسخ ؛ اتلاف ۔

obliterative, a. مٹانے والا ؛ محو کرنے والا ؛ تباہ کُن ۔

oblivion, n. نسیان ؛ فراموش گاری ؛ بُھول ؛ فراموشی ؛ تغافُل ؛ گوشۂ گمنامی ؛ طاقِ نسیان ؛ نگاہ تغافُل کا شکار ؛ فراموشیدگی ؛ بھلا دیے جانے کی حالت یا اِیما ؛ سرکاری معافی ؛ عدم اعتنا ؛ بے اعتنائی ۔

oblivious, a. فراموش گار ؛ نسیانی ؛ تغافُل شعار ؛ بے سُدھ ؛ بُھول جانے والا ؛ غافل ؛ بُھلکڑ ؛ فراموش کن ؛ فراموشی پیدا کرنے والا ؛ بے خبر ؛ غائب الذہن؛غائب دماغ (عموماً of اور to کے ساتھ مستعمل) ۔

obliviously, adv. غفلت سے ؛ تغافُل شِعاری سے ۔

obliviousness, n. غفلت ؛ نسیان ؛ سہو ؛ تغافُل شِعاری ؛ فراموش گاری ۔

oblong, a. لمبوترا ؛ مُستطیل ؛ مستطیل نما جس کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو ؛ ایسی شے جو لمبی زیادہ اور چوڑی کم ہو ۔ (اسم) کوئی مستطیل نُما شکل ۔

oblongness, n. لمبوترا پن ۔

obloquy, n. ملامت آمیز یا توہین آمیز زبان ؛ کسی شخص یا اس کے اعمال کی کُھلم کُھلا مذمّت ؛ عوامی الزام دہی یا بدگوئی سے پیدا ہونے والی رسوائی ؛ لَعن طَعن ۔

obnoxious, a. بیہودہ ؛ مکرُوہ ؛ قابل نفرت ؛ نامعقول ؛ لائق ملامت ؛ قابلِ مذمت ؛ کریہہ ؛ ناپسندیدہ ؛ نامقبول ؛ گھناؤنا ؛ نفرت انگیز ؛ منحوس ۔

obnoxiously, adv. نامعقول طور سے ؛ بیہودہ طریقے سے ؛ ناپسندیدہ طور پر ؛ گھناؤنے طریقے سے ۔

obnoxiousness, n. بیہودگی ؛ نامقبولیت ؛ ناپسندیدگی ؛ کراہیّت ۔

oboe, n. (موسیقی) اوبو ؛ شہنائی ؛ نفیری ؛ الغوزہ ؛ ایک قسم کی نے ؛ دُہری بانسری ؛ مُنھ سے بجایا جانے والا لکڑی کا ساز جو پتلی گاؤ دُم نلکی کی شکل کا ہوتا ہے ، جس میں سُر دُہری پتّی سے پیدا کیا جاتا ہے ؛ آرگن باجے میں پتّی بند کرنے کا لٹو جو الغوزے جیسا سُر پیدا کرتا ہے ۔

oboist, n. الغوزہ نواز ؛ نے نواز ۔

obovate, a. (نباتیات) معکوس بیضوی ؛ بیرونی خطوط میں معکوس طور پر بیضوی ؛ جس کا تنگ سرا نیچے کی طرف ہو۔

obovoid, a. (نباتیات) معکوس بیضہ نُما ؛ بیضوی جسم کا جو چھوٹے سرے پر جُڑا ہو۔

obscene, a. گندا ، بیہودہ ، خلافِ تہذیب ، فحش ؛ شایستگی یا اخلاق کے مقرّرہ معیار کے خلاف ؛ ناشایستہ ؛ عُریاں تصویروں والا ؛ گفتگو یا عمل میں ناگوار ؛ بدچلنی پر اُکسانے اور نفسانی خواہش جگانے پر مائل ؛ شہوت انگیز۔

obscenely, adv. بے حیائی سے ؛ فُحش طریقے سے۔

obsceneness, n. گندی بات/حرکت ؛ فحّاشی۔

obscenity, n. گندا پن ؛ فُحش ؛ فُحش کیفیت یا خُصوصیت ؛ ناشایستگی ؛ کوئی فُحش چیز ، جیسے فُحش زبان۔

obscurant, n. مخالفِ اصلاح ؛ ظُلمت پسند ؛ اصلاح دشمن ؛ جو شخص اخفا میں رکھتا ہو، بالخصوص ایسا شخص جو ترقیٔ عِلم کا مخالف ہو یا تحقیق و اصلاح کو روکنے کی کوشش کرتا ہو ؛ مخالفِ ترقی ؛ قدامت پسند ؛ مخالفِ معارف۔ (صفت) ایسے عمل کے بارے میں یا اس سے متعلّق ؛ ابہام پسند۔ نیز : Obscurantic۔

obscuration, n. ظُلمت ؛ تیرگی ؛ احتجاب ؛ اِخفا۔

obscurantism, n. اصلاح دُشمنی ؛ ترقی کی مخالفت ؛ اصلاح و تحقیق کی مخالفت ؛ جہل پسندی ؛ ابہام پسندی ؛ ظلمت پسندی کا مسلک ؛ عِلم و تحقیق کی مخالفت ؛ جان بوجھ کر پیدا کردہ اِخفا یا ابہام۔

obscurantist, n., a. جہل پسند ؛ ابہام پسند ؛ ظُلمت پسندی کا حامی ؛ ظُلمت پسند ؛ عِلم دشمن۔

obscure, a. مخفی ؛ دُھندلا ؛ تاریک ؛ غیر واضح ؛ مُبہم ؛ گمنام ؛ غیر معروف ؛ کٹھن ؛ مشکل ؛ مغلق یا جو آسانی سے سمجھ میں نہ آئے ؛ جس کا اظہارشستگی سے نہ ہو؛ جو کسی حس کے لیے صاف یا واضح نہ ہو ؛ دُنیاوی یا اہم مشاغل سے دُور یا ہٹا ہوا ؛ گم نام ؛ شُہرت سے محروم ؛ روشنی سے عاری ؛ مغموم ؛ افسردہ ؛ مدّھم ۔ (صوتیات) بے اثر حرف عِلّت کی خاصیت والا (جیسے : Schwa میں) ۔ (فعل متعدی و لازم) تاریک بنانا یا دُھندلا کرنا؛ کم قابلِ فہم ، کم قابلِ خواندگی یا کم مرئی بنانا؛ دیکھے جانے یا پہچانے جانے سے روکنا ؛ پردہ اخفا میں ڈال یا رکھ دینا ؛ ماند کر دینا ؛ پھیکا کر دینا؛ پردہ ڈالنا ؛ مُغلق یا مبہم کر دینا ؛ چھپانا ؛ ڈھکنا ؛ دُھندلانا ؛ اندھیرا کرنا ؛ ماند یا پھیکا کرنا؛ گہنا دینا ؛ بُھلا دینا ۔ (صوتیات) ایسے رُکن تہجّی میں ، جس پر زور نہ ہو حرف عِلّت کو بے اثر بنانا (جیسے : schwa) میں ۔ (اسم) پوشیدہ یا مخفی شے۔

obscuredly, obscurely, adv. غیر واضح طور پر ؛ مُبہم طریقے سے ؛ گمنامی میں۔

obscureness, n. پوشیدگی ؛ ابہام ؛ گمنامی ؛ ظُلمت۔

obscurity, n. ابہام ؛ مبہم ہونے کی کیفیت یا خاصیّت ؛ معنی میں اُلجھاؤ ؛ ابہام ؛ کسی گُمنام یا غیر معروف شخص یا شے کی کیفیت ؛ تاریکی یا دُھندلا پن ؛ ظُلمت۔

obsequious, a. خُوشامدی ؛ چاپلُوس ؛ دُوسرے کی مرضی کا حد سے زیادہ مطیع یا فرماں بردار ؛ ہدایت یا مرضی کے مطابق کام کرنے والا ؛ جی حضوریا ؛ فرماں بردار ؛ اطاعت شعار ؛ حُکم کا غلام۔

obsequiously, adv. اِطاعت شعاری سے ؛ غُلامانہ طور پر۔

obsequiousness, n. اِطاعت شعاری ؛ غلامی۔

obsequy, n. (عموماً جمع) تجہیز و تدفین کی رسم یا تقریب۔

observable, a. قابلِ مشاہدہ ؛ دیدنی ؛ جو نظر آتا ہو ؛ جس کا مُشاہدہ کیا جا سکے ؛ لائق دید۔

observability, observableness, n. مشاہدہ کر سکنے کی حالت ؛ دیکھے جا سکنے کی حالت۔

observance, n. رِیت ، رواج ، رسم؛ شِعار ؛ پابندی ؛ تعمیل ؛ منانا ؛ منانے ، پابندی کرنے یا تعمیل کرنے کا عمل ، جیسے رُسُوم ، طریق کار ، قوانین یا قواعد وغیرہ ؛ مناسب طریقے سے منانا جیسے تقریبات ؛ کوئی ضابطہ ، تقریب یا رسم جو کسی خاص موقع یا استعمال کے لیے ہو (جیسے : patriotic observances) ؛توجہ ؛ کوئی پاکیزہ ؛ مذہبی ضابطہ یا دستور العمل۔

observant, a., n. باریک بیں ؛ تیز نظر ؛ کاربند ؛ تیز یا محتاط مشاہدہ کرنے والا ؛ بغور دیکھنے والا ؛ فرض شناس ؛ فرائض یا احکام پر توجّہ دینے والا ؛ عمل پر جما رہنے والا جیسے فرائض پر کاربند (عموماً of کے ساتھ جیسے: observant of duties) ۔

observantly, adv. بغور دیکھتے ہُوئے ، مشاہدہ کرتے ہوئے۔

observation, n. دید ؛ مشاہدہ ؛ مشاہدہ کرنے کا عمل ، استطاعت یا عادت ؛ دیکھنا یا توجّہ کرنا ۔ (سائنس) تجربات کے دوران یا کائنات میں وقوع پذیر ہونے والے مخصوص مظاہر کا مشاہدہ ؛ کسی مظہر کا مطالعہ جو اکثر کسی آلے کی مدد سے کیا جاتا ہے ، جیسے دُوربین سے سیّاروں کا مشاہدہ ؛ ایسے عمل سے حاصل کردہ معلومات ؛ رصد ؛ مشاہدہ پر مبنی رائے یا فیصلہ ؛ توجُّہ ؛ تبصرہ۔

observational, a. مشاہدہ پر مبنی ؛ مشاہداتی۔

observatory, n. رصدگاہ ؛ کائناتی مظاہر کے مشاہدوں کے لیے استعمال کی جانے والی جگہ ، خاص طور پر فلکیاتی مشاہدوں کے لیے کوئی عمارت ؛ ایسی جگہ جہاں سے اچھی طرح دیکھا جا سکتا ہو ؛ جنتر منتر۔

observe, v.t. دیکھنا؛ بغور دیکھنا ؛ مشاہدہ کرنا ؛ (پر) عمل کرنا؛ (کے بارے میں) اظہار خیال کرنا ؛ سرگرمی سے شریک ہوئے بغیر دیکھنا ؛ توجُہ سے دیکھنا ؛ (پر) نظر رکھنا ؛ رائے زنی کرنا ؛ اِدراک کرنا ؛ غلطی پکڑنا ؛ دریافت کرنا ؛ تبصرہ کرنا ؛ نشان دہی کرنا ؛ مناسب آداب کے ساتھ منانا ، جیسے تہوار ؛ جشن منانا ؛ معمول نبھانا یا اس پر جمے رہنا ؛ تعمیل کرنا ؛ فرماں برداری کرنا ۔ (فعل لازم) شریک ہوئے بغیر توجُہ دینا یا نگران ہونا ؛ سمجھ لینا ؛ کچھ کہنا ؛ رائے دینا ؛ رچانا ؛ پابندی کرنا ؛ انجام دینا۔

observedly, observingly, adv. غور سے ؛ غائر نظر سے۔

observer, n. مُشاہِد ؛ بغور دیکھنے والا ؛ پابندی کرنے والا ؛ ناظِر ؛ شاہد ؛ مشاہدہ کرنے والا شخص یا آلہ ۔ (عسکری) وہ شخص جو توپ خانے کے نشانوں کا مشاہدہ کرکے گولہ باری کی ہدایت دیتا ہے ؛ وہ شخص جو فوجی سرگرمیوں کے مشاہدے اور عموماً ان کی اطلاع دینے پر مامُور ہو ؛ کوئی تقریب یا رسم ، جیسے تہوار کی چُھٹی منانے والا شخص ؛ وہ شخص جسے کسی اہم واقع کی پڑتال سونپی جائے لیکن اس میں شرکت کی اجازت نہ ہو ؛ نِگران ؛ نگہبان ؛ نظر رکھنے والا ؛ صاحبِ نظر ؛ پابند ؛ عامِل ؛ ماننے والا ؛ رکھنے والا ؛ کرنے والا ؛

obstetric, obstetrical, a. قِبالی ؛ دایہ گیری کے بارے میں ؛ وضعِ حمل سے متعلق ؛ حمل ، زچگی ، وضع حمل اور ولادت کے بعد کے زمانے میں عورت کی دیکھ بھال سے متعلق ؛ قبالت سے متعلق ۔

obstetrically, adv. دایہ گیری کی رُو سے ؛ قبالت کے طور پر ۔

obstetrician, n. اُمور زچگی کا ماہر طبیب ؛ قبالت دان ۔

obstetrics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) قِبالت ؛ دایہ گیری ؛ وضع حمل کا فن ؛ طِبّی سائنس کی وہ شاخ جس میں قبل از پیدائش دیکھ بھال اور بچّے کی پیدائش شامل ہوتی ہے ۔

obstinacy, n. ڈھٹائی ؛ ہَٹ ؛ ضد ؛ ضدّی ہونے کی کیفیت ، نظیر یا خاصیت ؛ ہٹ دھرمی پر مبنی نقطۂ نظر ، احساس یا عمل ۔

obstinate, a. ڈھیٹ ؛ ہٹیلا ؛ ضدّی ؛ وہ مرض یا ایسی مزاحمت جس پر آسانی سے قابُو نہ پایا جا سکے ؛ کسی رائے یا مقصد پر ڈٹا رہنے والا ؛ ارادے پر سختی سے قائم رہنے والا ؛ عقــل یا دلیل کے آگے نہ جُھکنے والا ؛ آسانی سے کم یا زیر نہ ہونے والا ؛ علاج سے متاثر نہ ہونے والا ؛ ناقابل تسخیر ؛ خود رائے ؛ صعب العلاج ۔

obstinately, adv. ڈھٹائی سے ؛ ضد سے ۔

obstinateness, n. خُودرائی ؛ تمرُّد ؛ ہٹیلا پن ؛ ضد ۔

obstreperous, a. سرکَش ؛ بے قابُو ؛ بے لگام ؛ ہنگامہ آرا ؛ شورمچانے والا ؛ جھگڑالو ؛ فسادی ؛ غوغائی ؛ اُودھم یا غل غپاڑا مچانے والا زندہ دل ؛ پُر شور طریقے یا دانستہ سرکشی سے اختیار ، ہدایت یا مشورے کی مزاحمت کرنے والا ؛ پُر شوروشغب ۔

obstreperously, adv. سرکَشی سے ؛ بغاوت سے ۔

obstreperousness, obstreperosity, n. سرکشی ؛ بغاوت ؛ جھگڑالو پن ؛ فسادی پن ۔

obstruct, v.t. روڑے اٹکانا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ مسدُود کرنا؛ ایسی رُکاوٹوں سے بند کرنا یا روکنا جو گزرنے میں مزاحم ہوں، جیسے سڑک یا راستہ بند کرنا ؛ (کے) راستے ، ترقی یا عمل میں مزاحم ہونا یا رکاوٹ ڈالنا ؛ کسی کے راستے میں اس طرح کھڑے ہونا کہ وہ کچھ نہ دیکھ سکے ؛ حائل ہونا ؛ آگے چلنے نہ دینا ؛ راستہ روکنا ، مزاحمت کرنا ؛ ترقی میں خلل اندازی کرنا ؛ سدّ راہ بنانا ؛ رکاوٹیں کھڑی کرنا ؛ مشکلات پیدا کرنا ۔

obstructive, a., n. مزاحم ؛ حائل ؛ خلل انداز ؛ رکاوٹ ڈالنے والا ؛ متعرض ؛ انسدادی ؛ قابض ۔

obstructor, n. راستے کا پتھر ؛ حائل ؛ مزاحم ۔

obstruction, n. سدّراہ ؛ روک ؛ مزاحمت ؛ سنگ راہ ؛ رکاوٹ ڈالنے کا عمل یا صورت ؛ ایسی کوئی بھی چیز جو راستے ، گزر گاہ یا سڑک میں رکاوٹ بنے یا اسے بند کرے ؛ نقل و حرکت ، نشو و نما یا سرگرمی میں مخل یا مزاحم ہونے والی چیز ؛ پارلیمان کے سرکاری کام میں حیلوں سے تاخیر ؛ تاخیری حربہ ۔

obstructionist, n. خلل انداز ؛ پارلیمان کی کارروائی میں رکــاوٹ ڈالنے والا ؛ جان بُوجھ کر روڑے اٹکانے والا ، بالخصوص وہ شخص جو پارلیمانی یا قانُونی چالوں سے اجلاس کی کارروائی میں مُخل یا مزاحم ہو ۔

معائنہ کرنے والا ۔

obsess, v.t. وہم ، اندیشہ ، آسیب ، خیال مسلّط ہو جانا ؛ کسی شخص کے خیالوں پر غیر معمولی حد تک چھا جانا ؛ ذہن پر طاری ہونا ؛ متواتر ستانا یا پریشان کرنا ، عموماً کسی ناپسندیدہ یا غیر مطلوب سوچ یا جذبے کا ۔

obsessive, a. حاوی ؛ مُسلّط یا طاری ہو جانے والا ؛ ذہن پر چھا جانے والا ۔

obsessively, adv. حاوی ہوتے ہُوئے ۔

obsession, n. خیال یا سوچ کا غلبہ یا تسلُّط ؛ غلبے یا تسلّط کا عمل ؛ نامطلُوب تواتر کے ساتھ ذہن میں در آنے والی سوچ یا جذبہ ؛ بذاتِ خود ایسی سوچ ؛ خبط ؛ آسیب ؛ وہم ؛ آزار ۔

obsessional, a. آسیبی ؛ غلبہ پا لینے والا ؛ چھا جانے والا ۔

obsessionally, adv. طاری ہوتے ہوئے ۔

obsidian, n. (معدنیات) بَرکانی شیشہ ؛ شیشے جیسا آتش فشانی مادّہ ؛ آتش فشاں قبیل کی سیاہ رنگ بلّوری چٹان ، جو اپنی پتلی پرتوں میں کسی حد تک شفاف ہوتی ہے اور پوٹ کے زیورات بنانے میں کام آتی ہے ؛ شیشۂ معدنی ۔

obsolesce, v.i. متروک ہونا یا ہو جانا ۔

obsolescent, a. متروک ؛ غیر مستعمل ؛ مُعطّل ؛ جس کا رواج ختم ہو رہا ہو ؛ جو بتدریج متروک ہو رہا ہو ؛ جس کا استعمال ختم ہو رہا ہو، جیسے کوئی لفظ ؛ مائل بہ کہنگی ؛ پرانا جو اب زیادہ جدید طرز یا قسم کا نہ رہا ہو ، جیسے کوئی مشین ۔ (حیاتیات) رفتہ رفتہ غائب ہو جانے والا یا ناقص طور پر ترقی یافتہ ، ادھورا جیسے عضو یا نشان ۔

obsolescence, n. متروک پن ؛ ترک ؛ تعطُّل ؛ عدم استعمال ؛ منسوخیت ۔

obsolescently, adv. عدمِ استعمال سے ؛ تعطُّل سے ؛ متروک طور پر ۔

obsolete, a. متروک ؛ منسوخ ؛ ناکارہ ؛ غیر مروّج ؛ دقیانـوسی ؛ فرسودہ ؛ کُہنہ ؛ جس کا استعمال ختم ہو چکا ہو یا مزید استعمال میں نہ ہو (جیسے : an obsolete custom, an obsolete word) ؛ ترک شدہ ؛ ردّی قسم کا (جیسے : an obsolete battleship) ؛ اگلے وقتــوں کا ۔ (حیاتیات) ناقص طور پر ترقی یافتہ ؛ جو خاص طور پر دوسرے افراد ، جیسے صنف مخالف یا کسی متعلقہ نوع کی مماثل خصوصیت کے مقابلے میں غیر نمایاں ہو ۔ (فعل متعدّی) کسی زیادہ جدید یا بہتر نعمُ البدل کے ذریعے متروک کر دینا ۔

obsoletely, adv. متروک طور پر ؛ دقیانوسی طور سے ۔

obsoleteness, n. فرسُودگی ؛ دقیانُوسیت ؛ ناقص پن ؛ متروک پن ۔ ناکارہ ہونے کی حالت ۔

obstacle, n. سدّ ؛ حائلہ ؛ روک ؛ رکاوٹ ؛ مشکل ؛ سنگِ راہ ؛ ترقی کی راہ میں حائل ہونے والی کوئی بھی شے ؛ کسی بھی طرح کی رکاوٹ یا مزاحمت ؛ دقّت ؛ آڑ ؛ اوٹ ؛ اڑچن ۔

obstacle course, n. (عسکری) کٹھ راہ ؛ تربیتی علاقے میں وہ مشکل راستہ جس میں دیواریں ، باڑھیں، کھائیاں، رکاوٹیں اور دوسری مزاحمتیں ہوں اور جنھیں عبور کرنا لازم ہوتا ہے ۔

obstructionism, n. خلل اندازی ؛ پارلیمان کے اجلاس میں رُکاوٹ ڈالنے کا طریقہ ۔

obstructionistic, a. خَلل انداز ۔

obstruent, a. (صوتیات) حائل ؛ مانع ؛ کسی آوازِ تکلّم کی ادائیگی کے دوران ، ہوا کے راستے میں لمحہ بھر کو انقباض پیدا کرنے والا ۔ (اسم) (طِب) وہ مادّہ جو بدن کے فطری راستوں کو بند کر دیتا ہے ؛ سُدّہ ۔ (صوتیات) لفظ کی ایسی ادائیگی جس سے ہوا کا راستہ بند ہو جائے ۔

obtain, v.t. لینا ؛ پانا ؛ حاصل کرنا ؛ قبضہ حاصل کرنا ؛ وصول کرنا ؛ لا دینا ؛ قبضہ پانا ؛ رواج پانا ؛ لے لینا ۔ (فعل لازم) رواجی یا عام استعمال میں ہونا (جیسے : the custom still obtains) ؛ رائج ہونا ؛ مروج ہونا ؛ جاری ہونا ؛ عام ہونا ۔

obtainable, a. قابلِ حُصُول ؛ دست یاب ۔

obtainer, n. حاصِل کرنے والا ۔

obtainment, n. حُصُول ؛ دست یابی ۔

obtect, obtected, a. (حشریات) ملفوف ؛ خول دار ؛ سخت صلبینی خول سے ڈھکا ہوا ، جیسے کچھ منجھ روپی کیڑے ۔

obtest, v.t. گواہ کے طور پر طلب کرنا ؛ التماس کرنا ؛ التجا کرنا ؛ درخواست کرنا ۔ (فعل لازم) احتجاج کرنا ؛ صدائے احتجاج بلند کرنا ۔

obtestation, n. التجا ؛ التماس ؛ احتجاج ۔

obtrude, v.t., v.i. مخل ہونا ؛ ناخواندہ مہمان بننا ؛ سر پہ سوار ہونا ؛ خواہ مخواہ دخل دینا ؛ زبردستی آگے کو بڑھنا ؛ کسی جگہ یا حالت میں نامناسب طور پر یا بغیر کہے زبردستی چلے آنا (جیسے : to obtrude oneself upon a person's privacy) ؛ بصد اصرار پیش کرنا ؛ بے جادخل دینا ؛ زبردستی دخل اندازی کرنا ؛ اصرار کرنا ؛ دخل در معقولات کرنا ؛ بن بلائے چلے آنا ؛ مخل صحبت ہونا ؛ بنا پوچھے گھس جانا ۔

obtruder, n. زبردستی چپکنے والا ؛ مخل ؛ ناخواندہ مہمان ۔

obtrusion, n. خلل اندازی ؛ دخلِ بے جا ۔

obtrusive, a. دخل انداز ؛ خلل انداز ؛ دخل درمعقولات کرنے والا ؛ زبردستی مخاطب کرنے والا ۔

obtrusively, adv. خواہ مخواہ دخل دے کر ؛ زبردستی مُخِل ہو کر ۔

obtrusiveness, n. دخل اندازی ؛ خلل اندازی ۔

obtund, v.t. سُن کرنا ؛ کُند کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ ماؤف کرنا ۔

obtundent, a., n. حِسیت کو ماؤف کرنے والا ؛ حسّیت ماؤف ؛ بے حِسی (جیسے اعصاب کی) ؛ مخدّر ۔

obtundent agent, (دندان سازی) مخدّر دوا یا چیز ؛ دانتوں کے اعصاب کو سُن کرنے یا سُلا دینے والی دوا ۔

obturate, v.t. بند کرنا؛ مسدُود کرنا ؛ روک دینا ؛ بند کر دینا ۔

obturation, n. انسداد ؛ کسی شگاف کو بند کرنے والی کوئی چیز ، جیسے کیمرے کا شٹر یا آپریشن کے بعد پیٹ کا شگاف بند کرنے والی سرجیکل پلیٹ ۔

obturator, n. مسدّد ؛ سادّ ؛ عَضلہ سادّ ؛ عُرُوق سادّ ؛ عُرُوق مسدّد ؛ شٹر ۔

obtuse, a. کُند ؛ کُند ذہن ؛ غبی ؛ دِھیما ؛ ہلکا ہلکا ؛ منفرجہ زاویہ ؛ جونوکدار اور تیز نہ ہو ؛ کُھٹّل ؛ جو تیز حسیت نہ رکھتا ہو ؛ بے وقوف ؛ میٹھا میٹھا ، جیسے درد ۔

obtusely, adv. کند ذہنی سے ؛ بے وقوفی سے ؛ کُندی سے ۔

obtuseness, n. کندی ؛ کھٹّل پن ؛ کُند ذہنی ۔

obtuse angle, زاویۂ منفرجہ ؛ زاویہ قائمہ سے بڑا لیکن ۱۸۰ درجے سے کم کا زاویہ ۔

obverse, a. بالمقابل ؛ سامنے کے رُخ ؛ سیدھا رُخ ؛ سامنا ؛ کسی کی طرف مُڑا ہوا یا مقابل ؛ کسی اور شے کا مُماثل جیسے جوڑ یا جواب ؛ اُوپر کی نسبت نیچے سے تنگ ، جیسے کوئی پتّی ۔ (اسم) کسی سِکّے ، تمغے یا ایسی ہی کسی شے کا وہ رُخ جس پر بُنیادی نقش کندہ ہوتا ہے (سیدھا رُخ) ؛ کسی بھی شے کا سامنے کا یا بُنیادی رُخ ؛ کوئی جوڑ بدل یا جواب ۔ (منطق) قضیّۂ معکوس ؛ ایک قضیے کی نفی سے دُوسرا قضیہ بنانا ۔

obversely, adv. جوڑ پر ؛ جواب میں ؛ بالمقابل ۔

obversion, n. (منطق) مقابل رُخی ؛ تعدیل ؛ انتاج کا ایک طریقہ جس میں کسی اثباتی قضیے سے منفی قضیہ برآمد کیا جاتا ہے یا منفی قضیے سے اثباتی ، جیسے 'تمام انسان فانی ہیں' سے 'کوئی انسان غیرفانی نہیں ہے' کی نفی کا عمل یا اس کی مثال جس کی نفی کی جائے ؛ استنتاجِ متکافیہ ؛ استنتاجِ معکوس ۔

obvert, v.t. مقابل رُخ کرنا ؛ اس طرح پلٹنا کہ ایک دُوسری سمت سامنے آ جائے ۔ (منطق) نفی کے ذریعے استنتاج کرنا ، جیسے کوئی قضیہ ؛ الٹ دینا ؛ اوندھا کرنا ؛ پھیر دینا ۔

obviate, v.t. دُور کرنا ؛ دفع کرنا ؛ پیش اندیشی کے ذریعے مشکلات یا اعتراضات کا توڑ ، خاتمہ یا تدارُک کرنا ؛ غالب آنا ؛ راستہ صاف کرنا ۔

obviation, n. توڑ ؛ علاج ؛ تدارُک ۔

obviator, n. توڑ کرنے والا ؛ تدارُک کُنندہ ۔

obvious, a. بیّن ؛ صاف ؛ ظاہر ؛ واضح ؛ آسانی سے معلوم ہو جانے والا ، دیکھا جانے والا یا سمجھ میں آ جانے والا ؛ مکمل طور پر سادہ یا عیاں ؛ اظہرمن الشمس ؛ ظاہر و باہر ؛ بالکل نمایاں ؛ صریحی ؛ پیش پاافتادہ ؛ کُھلا ہوا ؛ سامنے کا ۔

obviously, adv. صاف طور پر ؛ صریحاً ۔

obviousness, n. صراحت ؛ وضاحت ؛ صفائی ۔

obvolute, a. معکوس پیچاں ؛ اندر کی طرف مُڑا ہوا یا لپٹا ہوا ۔ (نباتیات) جس کے پتوں کے کنارے ایک دُوسرے پر چڑھے ہوئے ہوں ۔

ocarina, n. ایک طرح کا بیضوی باجا ؛ ایک سادہ باجا جو کسی حد تک لمبوترے انڈے سے مشابہ ہوتا ہے ، جس میں بانسری کی طرح چھید اور سیٹی جیسا منہ سے بجانے والا دہانہ ہوتا ہے ۔ نیز(بول چال): sweet potato ۔

occasion, n. موقع ؛ محل ؛ کسی وقوعے ،

ماجرے یا اہم واقعے کا موقع یا وقت ؛ بجائے خود کوئی اہم واقعہ ؛ کوئی نمایاں واقعہ یا وقت ؛ کوئی موزوں یا مناسب وقت (جیسے : putting it off until the right occasion) ؛ کسی خاص عمل کا ضمنی سبب ، محرّک یا وجہ (جیسے : the occasion for my discharge)؛کوئی مطالبہ یا ضرورت (جیسے : having no occasion for it) ۔ (فعل متعدی) ضمنی سبب ہونا ؛ پیدا کرنا یا لانا ؛ سبب یا باعث بنانا ۔

occasional, a. موقعی ؛ تقریبی ؛ کبھی کبھار واقع ہونے والا لیکن کسی پابندی یا نظم سے نہیں ؛ خاص موقع کے لیے ساختہ یا موزوں (جیسے : occasional verse) ؛ حسب ضرورت استعمال کے لیے ، جیسے ہنگامی میز یا کرسی ؛ ہنگامی ؛ مُوَقَّتی ۔

occasionally, adv. گاہے گاہے ؛ کبھی کبھار لیکن اکثر نہیں ۔

occasionalism, n. (فلسفہ) موقعیت ؛ نظریۂ مشیّت الٰہی ؛ یہ نظریہ کہ ذہن اور مادّے کا تعامُل عِلّت و معلُول کے تعلق سے پیدا ہونے والے نتیجے کے طور پر نہیں سمجھا جا سکتا ، بلکہ اس مفروضے سے کہ خدا کسی بھی اختیاری عمل کے موقع پر جسم میں مماثل حرکت پیدا کر دیتا ہے اور جسم کی حالت کے وقت ذہنی کیفیت مماثل ہو جاتی ہے ۔

occasionalist, n. مشیّتِ الٰہی کا قائل ؛ مذکورہ بالا نظریے کو ماننے والا ۔

occident, n. مغربی علاقے ؛ مغرب ۔ (بڑے O سے) مغربی ممالک ؛ مغربی نصف کُرّہ ، مشرق (Orient) کے برعکس ۔

occidental, a. مغربی ؛ یورپی ؛ دیار فرنگ یا مغرب کا ۔ (عموماً بڑے O سے) مغربی ممالک کا/سے تعلق رکھنے والا/کی خصوصیات رکھنے والا ۔ (اسم) (عموماً بڑے O سے) مغربی ممالک میں بسنے والا یا مقامی ۔

occidentalism, n. (عموماً بڑے O سے) مغرب پرستی ؛ مغربی/فرنگی خصوصیات یا مزاج ؛ مغربیت ۔

occidentalist, n. (عموماً بڑے O سے) مستغرب ؛ مغرب/فرنگ پسند ؛ مغربی/فرنگی اداروں کا طالب علم یا حامی ۔

occidentalize, v.t. مغربی/فرنگی رنگ چڑھانا ۔

occidentally, adv. مغربی یا فرنگی طرز پر ۔

occipital, a. (تشریح الاعضا) قذالی ؛ موخری ؛ پُشتِ سر کا/سے تعلق رکھنے والا ؛ سر یا کھوپڑی کے پچھلے حِصّے کا ۔(اسم) پشتِ سر کی ہڈی ۔

occipitally, adv. مُوخر طور پر ؛ پشت سر کے طور پر ۔

occipital bone, n. (تشریح الاعضا) ایک مرکّب ہڈّی جو کھوپڑی کا پچھلا حصّہ بناتی ہے ۔

occiput, n. (تشریح الاعضا) گُدّی ؛ سر یا کھوپڑی کا پچھلا حِصّہ ؛ قذال ؛ قفا، پُشت سر ۔

occulde, v.t. بند کرنا ؛ روک دینا ، جیسے کسی راستے کو ؛ بجلی وغیرہ کی سپلائی بند کرنا ؛ اندر یا باہر روک دینا ۔ (کیمیا) دھاتوں یا دوسری ٹھوس چیزوں کا جذب کرنا اور روکنا ، جیسے گیسوں کو ۔ (فعل لازم) (دندان سازی) اچھی طرح مِل جانا یا ایک دوسرے میں درست طریقے سے بیٹھ جانا ، جیسے اوپر نیچے کے جبڑوں میں مقابل دانتوں کا ۔

occludent, a. روکنے یا بند کرنے والا ۔

occlusive, a. موندنے والا ؛ بند کرنے والا ؛ جاذِب ۔

occluded front, n. (موسمیات) وہ محاذِ ہوا جو اس وقت تشکیل پاتا ہے جب کوئی سرد محاذ ہوا یا سرد ہوا کی کمیّت سطح زمین سے گرم ہوا کی کمیّت کو پرے دھکیلتی ہے ۔

occlusion, n. سداد ؛ بند کرنے ، روکنے یا جذب کرنے کا عمل؛ بند ہونے ، رکنے یا جذب ہونے کی کیفیت ۔ (کیمیا) انجذابِ گیس ؛ دھات کے مساموں میں گیسوں کا رُکنا ۔ (دندان سازی) اوپر نیچے کے جبڑوں میں مقابل کے دانتوں کا اچھی طرح ملاپ ؛ بستگی دندان ۔

occult, a., n. رمزی ؛ سِرّی ؛ پُراسرار ؛ جو ظاہر نہ کیا جائے ؛ جو مخفی رکھا جائے ؛ جو صرف محرم راز کو بتایا جائے ؛ جو عام یا فطری عِلم کی حدوں سے پَرے ہو ؛ خفیہ ؛ ماورائی ۔ (ابتدائی علوم) جو فقط ملاحظے سے ظاہر نہ ہو بلکہ تجربے کرنے سے دریافت ہو ؛ ایسی نوعیت کا جو سمجھی نہ جا سکے ، جیسے طبیعی خصوصیات ؛ ایسی خصوصیات سے نمٹنے والا یا ان کا تجربہ کرنے والا (جیسے : Occult science) ؛ بعض نام نہاد عُلوم کا/سے تعلق رکھنے والا ، جیسے جادو یا نجوم ، جن سے مخفی یا پُراسرار ذریعوں کا مبینہ ادراک یا استعمال شامل ہو ؛ ایسے علوم سے کام لینے والا (جیسے : oc-cult philosopher)؛ سحری ؛ خارق العادت ۔

occultly, adv. پُراسرار ذریعے یا طریقے سے ۔

occultness, n. سرّیت ۔

occult, v.t. چھپالینا ؛ اوجھل کردینا ، جیسے کسی چیز اور آنکھ کے درمیان کوئی پردہ حائل کرکے ۔ (فلکیات) گہنا دینا ، جیسے کسی جرم فلکی کو ؛ ایک جرم فلکی کا دُوسرے کو چھپا لینا ۔ (فعل لازم) نظر سے چھپنا یا اوجھل ہونا ، جیسے روشنی کے منار سے وقفے وقفے سے آنے والی شعاعِ نور ۔

occulter, n. چُھپانے والا ۔

occultation, n. احتجاب ؛ اخفا ۔ (فلکیات) گرہن ؛ کسی جرم فلکی کا دُوسرے کو ، مشاہدہ کرنے والے اور اس کے درمیان سے گزرتے ہوئے ، چُھپا لینا ، خاص طور پر چاند کی وجہ سے کسی ستارے یا سیّارے کا گہن ؛ نظر سے اوجھل کرنے کا عمل یا اس طرح پیدا ہونے والی پوشیدگی ۔ (مجازاً) نظر یا خیال سے پوشیدگی ، اخفا ؛ اختفا ۔

occultism, n. مافوق الفطرت اور اس سے رابطے کا عِلم ، عقیدہ ؛ نظریہ ؛ ابلاغ ؛ عِلمُ الاسرار ؛ عِلم غیب ؛ سرّیات ؛ سرّیت ؛ عقیدۂ غیب ؛ عِرفان ۔

occultist, n. عِلمِ غیب کا معتقد ؛ عالمِ اسرار ؛ مافوق الفطرت پر یقین رکھنے والا یا اس کا ماہر ؛ عالمُ الغیب ؛ معتقدِ غیب ؛ عارف ۔

occupancy, n. قبضہ ؛ کرایہ داری ؛ سکونت ؛ جگہ گھیرنے کا عمل ؛ قبضے کی مدت ۔ (قانون) کسی غیر مملوکہ جائیداد پر حق مِلکیّت کے حُصُول کے لیے قبضہ

occupant, n. دخیل ؛ پٹے دار ؛ قابض ؛ ساکن ؛ متصرّف ؛ مالک بربنائے قبضہ ۔

occupation, n. کام/پیشہ ؛ قبضہ ؛ کسی شخص کی
بُنیادی ملازمت ، کاروبار، تجارت یا روزی کے دیگر ذرائع ؛ گھیرنے یا
قبضہ لینے کا عمل ، جیسے زمین یا عمارتوں کا ؛ فوجی حملے کے ذریعے
کسی بدیسی مُلک یا قلمرو پر گرفت اور تسلُّط ؛ مصروفیت ؛ روزگار ؛
تصرُّف ؛ دخل ؛ دھندا ؛ بسیرا ۔

occupational, a. تصرُّفی ؛ پیشہ جاتی ؛ پیشہ وارانہ ؛
قبضے یا تصرف سے متعلق ؛ پیشے یا تجارت سے متعلق ، جیسے ہدایت ؛
کاروباری ؛ شغلی ۔

occupationally, adv. قبضہ کرتے ہوئے ؛ پیشے کے لحاظ سے ۔

occupational therapy, n. (طِب) شُغلی علاج ؛ کمزور مریضوں کے معالجے
کا ایک طریقہ جس میں تفریح ، جسمانی ورزش یا پیشہ وارانہ تربیّت
کے لیے ہلکا کام کروایا جاتا ہے ۔

occupy, v.t. قبضہ لینا ؛ قابض ہونا ؛ لے لینا اور
قبضہ رکھنا ، جیسے فوجی فتح کے ذریعے ؛ لینا ، جیسے جگہ یا وقت ؛
صرف کرنا یا استعمال میں لانا ، جیسے کسی کا وقت یا توّجہ ؛ پُر کرنا ،
جیسے کوئی عہدہ یا منصب ؛ بسانا یا رہنا ؛ رہایش رکھنا ؛ سکونت کرنا ۔

occupiable, a. قابلِ قبضہ ؛ قابل تصرُّف ۔

occupier, n. قابض ؛ متصرِّف ۔

occur, v.i. ہونا ؛ واقع ہونا ؛ رُوپذیر ہونا ؛ ذہن ،
تصوّر یا حافظے میں آنا یا پیش آنا ؛ وُقوع پذیر ہونا ؛ اس طرح موجود
ہونا کہ ڈھونڈا یا دیکھا جا سکے ۔

occurrence, n. وقوع ؛ ہونے یا پیش آنے کا عمل ؛
کوئی واقعہ/وقوعہ/ماجرا یا حادثہ ۔

occurrent, a. واقع ؛ وارد ؛ واقع ہونے والا ؛
پیش آنے والا ۔

ocean, n. سمُندر ؛ بحر ؛ محیط ؛ ساگر ؛ کھارے
پانی کا وہ عظیم قطعہ جس نے سطحِ زمین کا ۷۰ فی صد سے زائد حصّہ
ڈھانپ رکھا ہے ؛ اس قطعے کا کوئی سا بھی جغرافیائی حِصّہ یا تقسیم
جیسے عام طور پر بحراوقیانوس ، بحرالکاہل ، بحرہند ، بحر منجمد شمالی
اور بحر منجمد جنوبی کہا جاتا ہے ۔ (مجازاً) بہت بڑی وسعت یا مقدار
(جیسے : .the undulating ocean of grass) ۔ (صفت) سمندر کے بارے
میں یا اس سے متعلق ؛ بحری ۔

oceanarium, n. مطالعہ گاہِ بحر ؛ بحر بیں ؛
ایک بڑا حوض یا وہ عمارت جس میں یہ حوض ہو ، جسے سُمنـدری
زندگی کے مُطالعے یا نمایش کے لیے استعمال کیا جائے ۔

oceanic, a. بحری ؛ بحر باش ؛ بحر سے متعلق ؛ بحر
میں واقع ہونے والا یا بحر کا پیدا کردہ جو چھوٹے سمندروں سے مُمیّز ہو ؛
وسیع ، عریض ۔

oceanography, n. بحری جغرافیہ ؛ بحر غرافیہ ؛
بحریات ؛ بحری مظاہر کی سائنس اور مطالعہ ؛ زیر بحر فضا سے بحث
کرنے والی سائنس اور زیرِ آب نقـل و حمل ، مواصلات ، جغرافیہ اور
انجنئیرنگ جیسے شعبوں میں کی جانے والی تحقیق ؛ بحری تحقیق ۔

oceanographer, n. ماہر بحری جغرافیہ ؛ بحری جغرافیہ دان ۔

oceanographic, oceanographical, a. بحری جغرافیائی ۔

oceanographically, adv. بحری جغرافیائی طور پر ۔

ocean sunfish, headfish, n. بحری سُورج مچھلی ؛ استوائی اور معتدل
سمنـدروں میں پائی جانے والی بعض بڑی مچھلیوں میں سے کوئی ،
خصوصاً مولا مولا نامی مچھلی جس کا جسم چھوٹا اور پنکھ بہت لمبے
ہوتے ہیں ۔

ocellated, ocellate, a. چشمیہ دار ؛ سادہ یا مرکبّ
آنکھیں رکھنے والا ؛ آنکھ جیسے نشانات یا دھبّے رکھنے والا ؛ چشمک
دار ؛ چشم نُما ۔

ocellation, n. چشمیہ ؛ آنکھ سے مشابہ کوئی دھبّا
یا نشان ۔

ocellus, n. (حشریات) چشم حشرہ ؛ کسی کیڑے یا
دوسرے مَفصل پایاں کی سادہ آنکھ جو لاروائی اور بالغ دونوں حالتوں
میں موجود ہو ۔ (عموماً جمع) بعض تتلیوں اور پروانوں یا کیڑوں کے
پروں پر آنکھ جیسا رنگ دار حلقہ ۔ (طیوریات) مور کی دُم کے پروں
پر آنکھ جیسا رنگین چمکدار نشان ؛ چشمک ۔

ocellar, a. چشم دار ؛ چشمک دار ۔

ocelot, n. میدانی چیتا ؛ گُربہ پلنگ ؛ چیتے
سے مشابہ چتیوں والی بلِّی (Felis pardalis) جو شب گرد اور درختوں پر
کود پھاند کرنے والی ہوتی ہے ۔

ocher, ochre, n. گیرو ؛ ملتانی مٹّی ؛ ہلکے زرد
رنگ سے لےکرخاکی سرخ رنگ تک کی آئرن آکسائڈ ملی چکنی مٹّیوں میں
سے کوئی سی مٹی جو رنگ سازی میں زیادہ کام آتی ہے ؛ ہلکا بادامی
رنگ ۔

ocherous, ochreous, ochery, a. گیروی ۔

ochlocracy, n. انبوہی حکومت ؛ عوامی حکومت ؛ انبوہ شاہی ؛
انبوہ کی حکومت ؛ مجمع کی حکمرانی ؛ انبوہ گردی ۔

ochlorat, n. انبوہی حکومت کا حامی ۔

ochlocratic, a. انبوہ شاہی سے متعلق ؛
انبوہی حکومت سے متعلق ۔

ochlophobia, n. (نفسیات) انبوہ ترسی ؛ ہجوم یا
مجمع کا مریضانہ خوف ۔

o'clock, adv. بجے ؛ ساعتی ؛
گھڑی کا یا گھڑی سے : وقت کی صراحت کے لیے استعمال ہوتا ہے
(جیسے : one o'clock) ۔

ocotillo, n. (نباتیات) چیڑنُما جھاڑی ؛ میکسیکو اور
جنوب مغربی امریکا میں اُگنے والی موٹے خاردار تنے کی ایک جنگلی
جھاڑی جس پر سرخ رنگ کے خوبصورت پھول لگتے ہیں اور جو
محض خوش منظری کے لیے کاشت کی جاتی ہے ۔

ocrea, ochrea, n. (نباتیات) پاپوشہ ؛ شاخ کے جوڑ پر واقع
غلاف جو دوگوشکوں کے ادغام کا نتیجہ ہو ۔

ocreate, a. (نباتیات) پاپوشی ؛ ایسے غلافوں
سے مزیّن ؛ غلاف دار ۔

octachord, n. (موسیقی) ہشت تارہ ؛ آٹھ تاروں
والا ساز ؛ آٹھ سُروں کا کوئی معیاری سپتک یا ٹھاٹھ ۔

octagon, octangle, n. (جیومیٹری) مُثمّن ؛ ہشت ضلعی شکل ؛ آٹھ ضلعے
اور آٹھ زاویے والی شکل ؛ ہشت پہلو شکل ۔

octagonal, a. ہشت ضِلعی ؛ آٹھ ضلعوں اور آٹھ
زاویوں والی شے ، جیسے کوئی عمارت ؛ کوئی ہشت پہلو چیز ؛ مثمّن ؛

ہشت پہلو ۔

octagonally, adv. مثمن کی طرح ۔

octahedron, n. (جیومیٹری) مثمّنُ السطوح ؛ ہشت سطحی ؛ ایسی ٹھوس شے جس کے آٹھ رُخ ہوں ؛ ہشت سطحی مجسّم ۔

octahedral, a. مثمّن مجسّم کی شکل میں ؛ ہشت سطحی ۔

octamerous, a. ہشت پارہ ؛ ہشت رکنی ؛ آٹھ حصّوں پر مشتمل یا منقسم ۔ (نباتیات) ایسے پھولوں سے متعلق جن کے ہر حلقے میں آٹھ جزو ہوں اور ہر جزو حاملِ زر ہو ، جیسے آٹھ زر بردار ۔

octameter, n., a. ہشت رُکنی بحر؛ آٹھ اوزان یا بحور کی نظم ۔

octane, n. (کیمیا) آکٹین میتھین سلسلے کا ہائیڈروکاربن ۔

octane number, شور بند خصوصیات کے ساتھ بڑھنے والی ایندھن کی قدر ۔

octanol, n. آکٹین سے حاصل ہونے والی چار الکوحلوں میں سے کوئی ایک جو زیادہ تر مانع کف عامل ، محلّل یا خوشبو کے جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

octant, n. ثُمن ؛ آٹھواں حصّہ ؛ کسی دائرے کا آٹھواں حصّہ ؛ ثمن دائرہ ۔ (جہازرانی) ایک آلہ جو اصولاً سدس پیما یا ربع سے مشابہ ہوتا ہے لیکن اس میں دائرے کے آٹھویں حِصّے کے برابر ایک قوس یا ۴۵ درجے ہوتے ہیں ۔ (فلکیات) کسی سماوی جسم کا وہ مقام جب وہ کسی دوسرے سے ۴۵ درجے پر ہو ۔ (جیومیٹری) تین سطحات کے تقاطع سے جو آٹھ قطعے بنتے ہیں ان میں سے کوئی؛ ثُمنِ محیط ۔

octave, n. آٹھواں ؛ آٹھ ؛ کسی سلسلے کا آٹھواں یا آٹھ چیزوں کا مجموعہ یا سلسلہ ۔ (کلیسیات) کسی تہوار سے آٹھواں دن جسے پہلا دن گِنا جائے ؛ کسی تہوار سے شروع ہونے والا آٹھ دن کا عرصہ ۔ (موسیقی) وہ سُر جو کسی خاص سر سے آٹھ درجے پر ہو ؛ ایسے سروں کا درمیانی وقفہ ؛ ایسے سروں کا ہم آہنگ امتزاج ؛ اس وقفے میں پھیلنے والا سروں یا کسی ساز کے پردوں کا سلسلہ ؛ اٹھ سرے ٹھاٹھ یا سپتک میں نیچے سے آٹھواں سُر جس کے ساتھ سپتک کا اعادہ شروع ہو جاتا ہے ؛ آرگن باجے میں وہ کلید جس کی نلیوں کے سُر استعمال ہونے والے پردوں کی عام امتداد سے آٹھ درجے اوپر ہوتے ہیں ؛ سرگم ۔ (تیغ بازی) آٹھ وار روکنے کے سلسلے میں آٹھواں وار ۔ (عروض) آٹھ مصرعوں کا قطعہ یا ایک بند ، جیسے کسی سانٹ کے پہلے آٹھ مصرعے ۔ (صفت) آٹھ مصرعوں یا حِصّوں پر مشتمل ؛ مثمّن ۔

octavo, n. ثُمن ؛ فُل اسکیپ کے صفحے کی ۱/۸ تقطیع ؛ کسی کاغذ یا کاغذ کے تختے کی آٹھ صفحاتی تقطیع ؛ مخفف : 8vo,8° ؛ ایسی کتاب جس کے ہر تختے کے آٹھ اوراق ہوں ، ایک صفحہ عموماً ۶ × ۹½ انچ ؛ ایسی کتاب جس کے صفحات کی یہ تقطیع ہو ۔ (صفت) مثمّن ؛ آٹھ تہوں والا ۔

octet, octette, n. ہشت نفری راگ ؛ ہشت بیت ؛ موسیقی کا وہ ٹکڑا جو آٹھ آوازوں یا سازوں کے لیے ہو ؛ آٹھ گویّوں یا ناٹکیوں کی منڈلی ؛ آٹھ افراد کی کوئی بھی ٹولی ۔ (عروض) آٹھ مصرعوں کا قطعہ،خاص طور پر کسی سانٹ کے پہلے آٹھ مصرعے ؛ مثمن ۔

octillion, n., a. دس ارب سنکھ ؛ برطانیہ اور جرمنی میں دس لاکھ کی آٹھویں قوت ، جسے ایک کے بعد ۴۸ صفروں سے ظاہر کیا جاتا ہے ؛ امریکا اور فرانس میں ایک ہزار پدم ، جس کی نمائندگی ایک کے بعد ۲۷ صفروں سے ہوتی ہے ۔

octillionth, a., n. دس ارب سنکھواں ؛ دس لاکھ کی آٹھویں قوت کا ؛ اس درجے کا ۔

October, n. [قدیم رومی سال کا ، جو مارچ سے شروع ہوتا ہے آٹھواں مہینہ] اکتوبر ؛ گریگورین تقویم میں سال کا دسواں مہینہ جس میں ۳۱ دن ہوتے ہیں ۔ (برطانوی) اکتوبر میں کشید کی جانی والی بیئر یا سیب کی شراب ۔

octodecillion, n. امریکی اور فرانسیسی نظام ہائے شمار میں ایک صفتی عدد ، جسے ایک کے بعد ۵۷ صفروں سے ظاہرکیا جاتا ہے؛ دس کی ستاونویں قوّت ۔ (برطانوی، جرمنی) صفتی عدد ، ایک ، جس کے بعد ۱۰۸ صفر ہوں ۔ (صفت) اس درجے کا ؛ اس کے مساوی ۔

octodecimo, n. اٹھارواں حصّہ ؛ فل اسکیپ کے صفحے کی ۱/۱۸ تقطیع؛ ایسی کتاب کے صفحے کی تقطیع ۴ × ۶½ انچ ، جس کا ہر ورق کاغذ کے پورے تاؤ کا اٹھارواں حصّہ ہو ؛ اس تقطیع کی کتاب ؛ مخفف : 18mo یا 18° ۔ (صفت) اٹھار ویں حصّے میں ؛ جس کے صفحے اس تقطیع کے ہوں ۔

octogenarian, n. پیر فَرتوت ؛ اسی سال کا شخص ؛ وہ شخص جس کی عمر اسی یا اسّی اور نوّے سال کے درمیان ہو ۔

octogenary, a., n. پیرہشتاد سالہ ؛ اسّی سال کا ۔

octopod, n. (حیوانیات) ہشت پایہ ؛ آٹھ پاؤں والا ؛ ہشت پایاں (Octopoda) کے قبیل کا کوئی سر پایہ ، جس پر کوئی بیرونی خول ہو یا نہ ہو، بشمول اخبوط ، حلزونۂ کاغذی اور حلزونۂ جوفی ، جس کے آٹھ بازو ہوں اور جسے ایک قیف نما خمدار نلکی تیراتی ہو ۔ (صفت) ہشت پایاں سے تعلّق رکھنے والا ؛ آٹھ پاؤں یا آٹھ بازوؤں والا ؛ ہشت نیشی صدفہ ؛ ہشت پایہ ۔

octopodan, a., n. ہشت پایہ ؛ ہشت پایاں ۔

octopdous, a. آٹھ پاؤں یا آٹھ بازوؤں والا ؛ ہشت پایانی ؛ ہشت پایہ ۔

octopus, n. آکٹوپس ؛ اخبوط ؛ اسی نام و جنس کا کوئی سرپایہ جس کے آٹھ بازو ہوں جن پر چُوسنے (اعضائے مصّن) ہوں، جس کی آنکھیں بڑی بڑی اور جسم بے خول ہو، جس کے اندر ایک چھوٹا سا خول بھی ہو -نیز: devilfish ۔ (مجازاً) ایسی تنظیم جو دُور اثر اور طاقت ور ہو ۔

octoroon, n. اٹھوغلا ؛ ایسا شخص جس کے خون میں آٹھواں حِصّہ حبشی خون ہو اور جو کسی چوغلے اور سفیدفام کی اولاد ہو ۔

octosyllabic, a. ہشت رُکنی ؛ آٹھ رُکنی ، ہشت ارکانیہ ؛ آٹھ ارکانِ تہجّی والا ۔ (اسم) کوئی ایسا لفظ ، مصرع یا شعر جس میں آٹھ ارکان ہو ۔

octosyllable, n. آٹھ رکنی مصرع ، شعر یا لفظ ۔

octroi, n. چُنگی ؛ محصول چنگی ؛ کسی شہر میں لائی جانے والی بعض اشیا پر لگایا جانے والا ایک مقامی محصول ؛ وہ جگہ جہاں یہ محصول لیا جاتا ہو ؛ وہ عمّال جو یہ محصول جمع کرنے پر مامور

ہوں ۔

octuple, a. ثمانیہ اضعاف ؛ آٹھ گنا؛ ہشت چند ؛ آٹھ لڑا ؛ آٹھ کارگر جزو یا عنصر رکھنے والا ؛ آٹھ گُنا بڑا ۔ (فعل متعدی) آٹھ گنا بڑا بنانا ۔

octuplet, n. ایک ہی طرح کی آٹھ چیزوں کا مجموعہ یا سلسلہ ۔ (موسیقی) ہشت نفری راگ ؛ آٹھ سُروں کا مجموعہ جو اسی قدر کے چھ سُروں کے دورانیہ میں بجایا جائے ۔

octuply, adv. آٹھ گنا کرتے ہوئے ؛ ہشت چند کے طور پر ۔

ocular, a. عینی ؛ چشمی؛ آنکھوں کا ؛ آنکھوں دیکھا ؛ چشم دید ؛ آنکھ کا یا آنکھ سے متعلق (جیسے : ocular movements) ؛ آنکھ کی فطرت کا یا آنکھ کی طرح کا (جیسے : an ocular organ) ؛ آنکھ یا نظر سے انجام دیا ہوا (جیسے : ocular inspection) ؛ بصری ؛ نظری ،چشم دیدہ یا حقیقی منظر سے ماخوذ (جیسے : ocular proof) ؛ آنکھ یا نظر سے محسوس کیا ہوا (جیسے : ocular demonstration) ؛ حقیقتاً دیکھنے والا (جیسے an ocular witness) ۔ (اسم) کسی بصری آلے کا عدسہ عینی ؛ چشمہ ۔

ocularly, adv. آنکھ کے ذریعے سے ؛ نظر سے ۔

oculist, n. طبیبِ چشم ؛ آنکھ کے معائنے اور علاج کی تربیت اور مہارت رکھنے والا ؛ ماہرِ عینیات ؛ چشمہ بنانے والا ؛ ماہر امراضِ چشم ؛ معالجِ چشم ۔

oculomotor, a. (تشریح الاعضا) آنکھ کے ڈھیلے کو حرکت دینے والا ؛ محرّکِ چشم ۔

oculomotor nerve, n. (تشریح الاعضا) ان دماغی اعصاب کے جوڑے میں سے کوئی جو آنکھ کے ڈھیلے کو حرکت دینے والے بیشتر عضلات فراہم کرتا ہے ؛ عصب محرکِ چشم ۔

od,odic force, odyl, odyle, n. [بیرن کارل فان ریچن باخ (۱۷۸۸ـ۱۸۶۹ء) کا دیا ہوا نام] آڈ ؛ سرّ ایک فرضی قوّت جس کے بارے میں خیال کیا جاتا تھا کہ ساری کائنات میں جاری و ساری ہے اور مقناطیسیت ، تنویم اور کیمیائی عمل میں اپنے آپ کو آشکار کرتی ہے ۔

odic, a. سِرّی ؛ آڈ سے متعلق ۔

odalisque, odalisk, n. کسی حرم میں کوئی داشتہ یا لونڈی ۔

on, adv. پر ؛ آگے ؛ کی طرف ؛ کھلا ؛ ہو رہا ؛ جاری ؛ انسلاک ؛ اتّصال یا سہارے کے مقام پر یا اس کے اندر (جیسے : put the coffee on, put coal on) ؛ اپنے یا کسی شے کے اوپر (جیسے : to put one's coat on, to take on polish or color) ؛ کسی چیز سے منسلک جیسے سہارے کے لیے (جیسے : to catch or hold on) ؛ آگے کی طرف سامنے یا کے ساتھ ؛ جیسے کسی دوران یا عمل میں (جیسے : further on, come on, get on in the world) ؛ مسلسل قاعدے کے ساتھ (جیسے : to work on) ؛ فعال حالتِ کار یا عمل میں (جیسے : turn on the gas, war is on) ۔

be on to, مکمل باخبر یا آگاہ ہونا ، جیسے کسی کوشش ، منصوبے یا صورت حال سے ۔

on, a. عمل میں یا استعمال میں ؛ نزدیک تر واقع ؛ قریب ؛ مجوزہ (جیسے : what is on after dinner ?) ۔ (کرکٹ) وکٹ یا میدان کی اس سمت کا منظر جہاں بلّے باز کھڑا ہو ۔ (اسم) جاری یا کھلا ہونے کی کیفیت یا حقیقت ۔ (کرکٹ) بلّے باز کے مقابل کی سمت ۔

onager, n. گورخر ؛ جنگلی گدھا ۔ (حیوانیات) ریوڑوں کی شکل میں ایران ، افغانستان اور پاکستان میں پایا جانے والا گہرے بادامی رنگ کا جنگلی گدھا ، جس کی پُشت پر ہلکی دھاریاں ہوتی ہیں اور جس کی اصل جنس فرس (equus) ہے ؛ دورانِ جنگ سنگ اندازی کے لیے استعمال کی جانے والی ایک قدیم مشین ؛ منجنیق ۔

onanism, n. انزالِ خارجی؛ مُشت زنی؛ مُباشرت کے دوران انزال سے پہلے خروج؛ جلق ؛ عزل ۔

onanist, n. عزّال ؛ جلق زن ؛ مُشت زن ۔

onanistic, a. جلق یا عَزل سے متعلق ۔

once, adv. ایک بار ؛ پہلے ؛ جونہی ذرا ایک بار؛ اگر ایک بار بھی؛ یکایک ؛ ایک ہی بار؛ کسی وقت بھی یا کبھی (جیسے : if the facts once become known) ؛ ماضی میں کسی وقت یا سابقہ ؛ ایک درجے یا مرحلے سے (جیسے : a cousin once removed) ۔ (صفت) جو کبھی تھا ؛ سابق ۔ (حرفِ عطف) اگر یا جب کسی وقت ؛ اگر کبھی ؛ جب کبھی ۔ (اسم) ایک وقت ؛ ایک ہی بار ؛ ایک موقع ۔

once and for all, آخری بار ؛ یقینی طور پر ؛ قطعی طور پر ؛ واضح طور پر ؛ ہمیشہ کے لیے ؛ سدا کے لیے ۔

once in a while, کبھی کبھار ؛ غیر متواتر ؛ گاہے ماہے ۔

once upon a time, کسی غیر یقینی زمانے میں ، عموماً بہت پہلے ؛ ایک دفعہ کا ذکر ہے ۔

all at once, ایک ساتھ ؛ اچانک ؛ بیک وقت ۔

at once, بیک وقت ؛ ایک ساتھ ؛ فی الفور ۔

once-over, n. (بول چال) ایک واحد یا مختصر نظر ، تشخیص یا اندازہ ؛ جلدی میں کیا ہوا سطحی کام ۔

oncogenesis, n. مرضِ رسولی ؛ مرضِ سلعہ ۔

oncology, n. (طِب) عِلمِ سَلعات؛ سلعیات ؛ عِلمِ طِب کا وہ حصّہ جس میں رسولیوں کا علاج اور مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

oncologic, oncological, n. سلعیاتی ؛ رسولی یا سلعہ کے علاج سے متعلق ۔

oncoming, n. رسائی ؛ کسی چیز کی آمد یا قربت (جیسے : on coming of winter) ۔ (صفت) آنے والا ؛ پہنچنے والا ؛ ہنگامی یا ناگہانی ؛ آئندہ ۔

one, a. ایک ؛ کوئی ؛ کسی ؛ واحد ؛ متحد ؛ یک ؛ دو یا زیادہ کے مقابلے میں ایک ہی واحد شے ، اکائی یا فرد ؛ فی (جیسے : one book, one person) ؛ کسی چیز کی انفرادی مثال (جیسے : one day of the month) ؛ غیر یقینی یا غیر حتمی وقت کا

onerousness, n. مشقّت ؛ سختی ؛ مشکل ۔

oneself, pron. اپنے آپ ؛ آپ ؛ خود ؛ اپنی ذات ؛ آپ ہی ؛ کسی شخص کا اپنا وجود ؛ کسی فعل یا بیان کے مفعول پر زور دینے کے لیے یا راجع الی الفاعل کے طور پر ؛ کسی شخص کی عمومی ، جسمانی یا ذہنی حالت (جیسے : not to feel oneself) ۔ نیز : one's self ۔

one-shot, a. ایک بار والا ؛ غیر متوالی ؛ ایک واحد عمل یا کوشش کا ؛ جو دُہرایا نہ جائے ؛ غیر مکرّر ؛ کسی جریدے کے ایسے منفصل شمارے سے متعلق جس سے پہلے یا بعد دوسرے شمارے نہ ہوں ۔

one-sided, a. یک طرفہ ؛ یک رُخہ ؛ غیر منصفانہ ؛ ایک ہی رُخ رکھنے والا ؛ جس کا ایک رُخ دوسرے کی نسبت زیادہ بڑا یا نُمایاں ہو ؛ جس کے تمام حصّے ایک ہی رُخ پر ہوں ، جیسے کوئی نظام گُل ؛ یک سُو گُلہ ؛ یک سُو برگہ ؛ ایک رُخ پر مُڑا یا جُھکا ہوا ؛ ایک ہی رُخ پر واقع ہونے والا یا وجود رکھنے والا ۔ (مجازاً) مسئلے یا سوال کے ایک ہی رُخ سے تعلّق یا ایک ہی رخ پر غور کرنے والا ؛ جانب دارانہ ؛ غیر منصفانہ (جیسے : .one-sided judgment) ۔ (کھیل) ایک غالب اور فتح یاب کھلاڑی والا ۔ (قانون) یک طرفہ ؛ یک فریقی جیسے کوئی معاہدہ ۔

one-sidedly, adv. یک طرفہ طور سے ۔

one-sidedness, n. یک طرفگی ۔

one-step, n. یک قدم ؛ ۱۹۲۰ء کے دوسرے عشرے کی ابتدا کا گول رقص جس میں جوڑے ریگ ٹائم (امریکی حبشیوں کا پسندیدہ ناچ) تال پر ناچتے تھے ؛ اس رقص کے لیے ریگ ٹائم دُھن ۔

one-time, a., adv. کبھی کبھار کا ؛ کسی زمانے کا ؛ جو کسی زمانے میں ہونے والا رہا ہو ؛ سابق (جیسے : his one time partner) ۔

one-track, a. یک روشی ؛ یک راہی ؛ صرف ایک راستہ رکھنے والا ۔ (بول چال) فقط ایک ہی دلچسپی ، سرگرمی یا خیال تک محدود ۔

one-upmanship, n. برتری کا مستقل فائدہ یا گُنجایش برقرار رکھتے ہوئے مسابقت کا رُجحان ، چاہے معاشرے میں ہو یا کاروبار اور کھیل کُود میں ۔

one-way, a. یک طرفہ ؛ فقط ایک ہی سمت میں مُتحرّک ، حرکت کی اجازت دینے والا یا حرکت کی گنجایش پیدا کرنے والا ؛ مبادلے یا جواب سے عاری ؛ یک سمتی (جیسے : one-way relations) ۔

ongoing, a. جاری ؛ مداخلت کے بغیر آگے بڑھتا ہوا (جیسے : separate ongoing investigations) ۔

onion, n. بَصَل ؛ پیاز ؛ سوسن کے خاندان سے متعلّق جنس پیاز (Allium cepa) کی ایک باغاتی سبزی ؛ مخصوص تیز بو اور ذائقہ رکھنے والی خوردنی گنٹھی ۔

onionlike, oniony, a. پیاز نُما ؛ پیاز جیسا ؛ پیازی ۔

onionskin, n. ایک قسم کا مضبوط ، پتلا ، نیم شفاف چمکیلا کاغذ ۔

on-line, a. یک سَمتی ؛ سَمت پر ۔ (کمپیوٹر معلومات بندی) مرکزی کمپیوٹر کی براہِ راست نگرانی میں کام کرنے والا ۔ (ریلوے)

مظہر (جیسے : he will show up one day) ؛ اتّحاد یا ملاپ کے ذریعے واحد (جیسے : responding with one cheer) ؛ معاہدے یا میثاق میں شامِل (جیسے : of one opinion) ؛ ایک منفرد قسم ، خاصیّت یا کِردار کا ؛ غیر منقسم ؛ اپنی جگہ مکمل ؛ وہی یا ایک ہی (جیسے : It was all one and the same to them) ۔

one, n. اصلی /بُنیادی ؛ پہلا عدد ؛ صِفر اور دو کا درمیانی عدد ؛ بندسہ ۱ جو عدد کو ظاہر کرتا ہے ؛ کسی سلسلے میں پہلا ؛ ایک واحد شخص یا شے ؛ کوئی اکائی ؛ وَحدت ۔

at one, معاہدے یا سمجھوتے کی حالت میں یعنی مُتحدّ ۔

one and all, ہر ایک ، انفرادی اور اجتماعی طور پر ۔

one by one, یکے بعد دیگرے ؛ ایک کے بعد ایک ، تسلسل میں ؛ باری باری ۔

one, pron. غیر متعیّن طور پر ظاہر کیا ہوا کوئی بھی شخص یا شے ؛ کوئی فرد ؛ کوئی چیز ؛ پہلے سے ظاہر کردہ گروہ کا واحد شخص یا شے ؛ کوئی خاص شخص یا وجود ؛ کوئی آدمی ، زید یا بکر ؛ ہم سب میں سے کوئی ۔

one of these days, آج کل میں ؛ کسی روز یا کسی وقت ؛ جلد ہی (جیسے : He'll return one of these days) ۔

one another, pron. ایک دوسرے (سے) ؛ باہم ؛ یک دگر ؛ آپس ؛ باہم دگر ؛ ایک دوسرا ۔

one-base hit, one-bagger, n. (بیس بال) بلّے باز کو پہلے بیس پر پہنچانے والی محفوظ ضرب ؛ ایک ''سنگل'' ۔

one-egg, a. یک بیضوی ؛ ایک ہی خُلیے سے پیدا شدہ ۔

one-horse, a. یک اسپی ؛ یک فرسی ؛ ایسی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جُتا ہو ۔ (بول چال) غیر اہم ، یونہی سا (جیسے : one-horse town) ۔

oneiric, a. خوابی ؛ رویائی ؛ خواب سے متعلّق یا خواب کا ؛ ایسے عَالمِ بیداری سے متعلق جو خواب جیسا ہو ؛ خواب ناک بیداری سے متعلّق ۔

oneirocritic, n. تعبیر گو ؛ مُعبّر ؛ خوابوں کی تعبیر و تشریح کرنے والا ۔

oneirocritical, a. تعبیری ؛ خوابوں کی تعبیر و تشریح سے متعلق ۔

oneirocritically, adv. تعبیرِ خواب کے طور پر ؛ تعبیری طور پر ۔

oneiromancy, n. [خواب ، غیب دانی] رویائی تفاؤل ؛ خوابوں کے ذریعے غیب گوئی ۔

oneiromancer, n. خوابوں کے ذریعے غیب گوئی کرنے والا ؛ رویائی فال گو ۔

oneness, n. یگانگی ؛ اتّحاد ؛ وحدت ؛ ایک ہونے کی حالت ؛ یکتائی ؛ بے مثالی ؛ اِتّفاق ؛ کُلیت ؛ ایک پن ۔

onerous, a. محنت طلب ، کٹھن ، سخت ؛ مشکل ؛ کڑا ، بھاری یا تکلیف دہ (جیسے : onerous duties or responsibilities) ۔ (قانون) غیر سودمند قانونی بار یا ذمّہ داری ڈالنے والا ۔

onerously, adv. تکلیف دہ طور سے ۔

ontogeny, n. (حیاتیات) کسی عضویہ کی انفرادی افزایش کی تاریخ ؛ تاریخِ نُطفہ ؛ ارتقاءِ جنین ۔
ontogenetic, a انفرادی ارتقائی ؛ شخصی ارتقائی ۔
ontogenetically, adv. انفرادی ارتقا کے طور سے ۔
ontology, n. (فلسفہ) وجودیات ؛ مابعد الطبیعیٰات ؛ ہستی و وجود کی خاصیت کا تجریدی مطالعہ ؛ دیکھیے : metaphysics ۔
ontological, a. وجودیاتی ؛ وجودیات سے متعلق ؛ مابعدالطبیعیاتی ۔
ontologist, n. وجودی ؛ وجودیاتی ؛ ماہرِ علمُ الوجود ۔
ontologically, adv. وجودیاتی طور سے ۔
onus, n. بوجھ ؛ فرض ؛ ذمہ داری ؛ بار ؛ کلنک کا ٹیکہ ۔
onward, onwards, adv. آگے کی طرف بڑھتا ہوا ؛ آگے ؛ ایسے نقطے کی جانب جو سامنے یا آگے ہو ؛ آگے کی طرف ، جیسے زماں یا مکاں میں پہلے سے کسی مقام یا نقطے پر ؛ اگاڑی ؛ آگے کو ۔ (صفت) آگے بڑھا ہوا ؛ چڑھا ہوا ؛ آگے ۔
onyx, n. جزع ؛ ناخُنہ ؛ سلیمانی پتھر ؛ سنگِ سلیمانی ؛ مختلف رنگ دار منطقوں یا شگافوں والا نیم شفاف چُونے کا زرد پتھر ؛ عقیقِ سلیمانی کی تہیں رکھنے والا یشب جو بعض اوقات انگوٹھیوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ جس پر کوئی رنگ نہ چڑھ سکے ۔ (طب) پاؤں یا ہاتھ کی اُنگلی کا ناخُن ۔ (امراضیات) قرینے کی تہوں میں پیپ کی حالت ۔ (صفت) کالا یا سیاہ ۔
oocyte, n. (حیاتیات) مادہ گمٹہ ؛ بیضۂ خلیہ ؛ مبیضی انڈا (بلوغت سے پہلے) ۔
oodles, n. (عوامی) ڈھیروں ؛ بہت سی مقدار (جیسے : oodles of money) ۔
OOgauge, n. زیرو زیرو گیج ؛ ریل کی نمونے کی پٹڑی بچھانے میں استعمال ہونے والا پٹڑی ناپ ، جس میں پٹڑیاں ایک دوسرے سے پون انچ دُور ہوتی ہیں ۔
oogenesis, oogeny, n. (حیاتیات) تولید بیضہ ؛ تشکیل بیضہ ؛ بیضہ دان میں ابتدائی جراثیمی خلیوں سے شروع ہونے والی خلیوں کی تقسیم کا سِلسلہ جس کے نتیجے میں بیضہ خلیہ پیدا ہوتا ہے ۔
oogenetic, a. تشکیل بیضہ سے متعلق ۔
oogonium, n. (نباتیات) بیضِ کیسہ ؛ بیضِ کُرہ دان ؛ تالوسی پودوں میں پایا جانے والا یک خانی ، مادہ جنسی ساختمان جو ایک یا زیادہ بیضے پیدا کرتا ہو ۔
oolite, n. (ارضیات) حجر الجص ؛ دانے دار چُونے کا پتھر ؛ مچھلی کے انڈے سے مشابہ گول متحجّرات سے بنی ہوئی چٹان ، عموماً کیلسیئم کاربونیٹ کی ۔
oolitic, a. دانے دار چُونے کے پتھر والا ۔
oology, n. علمِ بیض الطیُور ؛ پرندوں کے انڈوں ، ان کی شکل ، رنگ ، جھول کی تعداد اور سینے کی مُدّت سے متعلّق علم ۔
oological, a. بیض الطیُوراتی ۔
oologist, n. پرندوں کے انڈوں کا ماہر ۔
oologically, adv. بیض الطیُوراتی طور سے ۔

باضابطہ لائن پر واقع یا اس پر ہونے والا ۔
onlooker, n. دیکھنے والا ؛ تماشائی ؛ تماشابیں ؛ پاس کھڑا ہوا ۔
onlooking, a. تماشائی ۔
only, adv. صرف ؛ محض ؛ ہی ؛ اگر کہیں ؛ سوائے اس کے ؛ واحد ؛ اکیلا ؛ فقط ایک مقصد کے لیے (جیسے : He is going only because his parents are there.) ؛ نہ زیادہ نہ کم ؛ نرا ؛ ذرا ؛ خالی ؛ سَراسَر ؛ سَربسَر ؛ بالکل ؛ یک قلم ؛ البتہ ؛ مگر یہ ہے کہ ؛ بجُز اس کے کہ ؛ اگر یہ نہ ہوتا کہ ؛ بس (جیسے : It is only a bruise) ؛ تنہا ؛ بِلا شرکت ؛ مخصوص (جیسے for you only) ؛ وقت سے کُچھ پہلے (جیسے : I told him only this morning) ؛ آخر میں (جیسے : You will only wish you had never come.) ؛ بلاشُبہ ، بالکل (اس صُورت میں only کے بعد too لگایا جاتا ہے ، جیسے : He was only too pleased to go; it was only too obvious.) ۔ (صفت) تنہا ؛ اکلوتا ؛ ایک ہی (جیسے : the only child in the family) ؛ جس کا موازنہ مُمکن نہ ہو ؛ واحد (جیسے : There is only one Shakespeare) ۔ (حرفِ عطف) لیکن (جیسے : I would have bought it only it was too expensive) ؛ سوائے اس کے ؛ بجُز ازیں ۔
onomastic, a. اسمی ؛ دستخطی ؛ کسی نام یا ناموں کا/سے متعلق یا نسبت رکھنے والا یا کسی چیز کا نام رکھنے کے بارے میں ؛ ناموں پر مشتمل ۔ (قانون) کسی ایسے قانونی معاہدے یا دستاویز کے دستخط کا مظہر جس کا متن کسی دوسرے شخص کے خط میں ہو ۔
onomastics, n. عِلم اَعلام ؛ اسمائے معرفہ کے ماخذ اور معانی کا علم ۔
onomatopoeia, n. وضعِ اسمائے صَوت ؛ صَوتی تسمیہ ؛ صوتی ترکیب ؛ کسی شے یا عمل سے پیدا شُدہ یا وابستہ آوازوں کی نقل میں الفاظ بنانا ، جیسے بھنبھناہٹ ، گڑگڑاہٹ ، کُو کُو ؛ اس طرح بنایا ہوا کوئی لفظ ۔ (علم بیان) تحریر یا تقریر میں قَدرِ خطابت بڑھانے کے لیے ایسے فِطری مددگار الفاظ کا استعمال ۔
onomatopoeic, onomatopoetic, a. صوتی اسمی ۔
onomatopoeically, onomatopoetically, adv. وضع اسمائے صَوت کے طور پر ۔
onrush, n. آگے کی طرف طاقتور روانی یا بہاؤ ۔
onrushing, a. آگے کی طرف طاقت سے بڑھنے والا ۔
onset, n. حملہ یا دھاوا ؛ آغاز ؛ ابتدا ؛ بلاّ ؛ یورش ؛ زوروشور کی ابتدا ؛ چڑھائی ؛ شروع ۔
onsetter, n. حملہ آور ؛ آغاز کُنندہ ۔
onsetting, a. شروع ہونے والا ۔
onshore, a. ساحل پر یا ساحل کی طرف بڑھتا ہوا یا مشق کرتا ہوا ؛ ساحل پر یا ساحل کے قریب ؛ خُشکی پر ہونے یا کیا جانے والا ۔ (متعلّقِ فعل) ساحل کی سمت/سے قریب یا ساحل کے متوازی ؛ خُشکی یا ساحل پر ۔
onslaught, n. سخت حملہ ؛ دھاوا ؛ حملہ یا بلاّ خاص طور پر جو زور دار اور شدید ہو ۔
onto, prep. کسی جگہ یا مقام کے اوپر ؛ کے اوپر ؛ پر (جیسے : to throw the ball onto the roof) ۔ (بول چال) کسی کے بارے میں باخبر یا اس سے ہشیار (جیسے : I am onto his tactics) ۔

oolong, n. گہرے رنگ کی چائے کی ایک قسم جسے سُکھانے سے پہلے جزوی طور پر خوشبُودار بنایا جاتا ہے۔

oomiak, n. دیکھیے : Umiak ۔

oomph, n. شخصی سِحر ؛ جسمانی دِلکشی ؛ جِنسی کشش ؛ بشاشت ؛ طاقت۔

oophorectomy, ovariectomy, n. (جرّاحی) مبیض برآری ؛ مبیضی امراضیات کی علامت جیسے رسولی وغیرہ کی وجہ سے ایک یا دونوں مبیضوں کو عملِ جراحت کے ذریعے الگ کرنا۔

oophorectomize, v.t. مبیض برآری کرنا ؛ بیضہ دانی کا نکال دینا۔

ooze, n. مد ؛ رساؤ ؛ تہ میں جمی ہوئی کیچڑ ؛ ملائم کیچڑ یا گارا ؛ دلدل یا گلابہ ؛ سمُندر کی تہ کے بعض حصّوں میں پائی جانے والی کلسی کیچڑ جس میں زیادہ تر چھوٹے عضویوں کے خول ہوتے ہیں ؛ بلوط اور سماق کی چھال کا پانی جو چمڑا کمانے میں کام آتا ہے ؛ رسنے کا عمل ؛ نرم بہاؤ ؛ رسنے والی شے ؛ رساؤ۔ (فعل لازم) مساموں یا چھوٹے سوراخوں سے چھننا یا رِسنا ، آب ریز ہونا (جیسے : water oozed out of the marshy ground) ؛ دکھائی دیئے بغیر حرکت میں ہونا ؛ کسی مادّے سے نمی کا خارج ہونا۔ (مجازاً) آہستہ آہستہ یا غیر محسوس طریقے سے چُو جانا یا نکل جانا (اس صورت میں ooze کے بعد out یا away استعمال ہوتا ہے ، جیسے : His courage oozed away bit by bit)۔ (فعل متعدی) رسنے سے بنانا ؛ آہستہ آہستہ رسنا ، جیسے نمی کا ٹپکا یا چوا۔

oozy, a. رساؤ والا ؛ آب ریز ؛ رسنے والا۔

ooze leather, n. سابر ؛ بچھڑے کی کھال یا دوسری کھال سے بنایا ہوا چمڑا جس میں کھال کی گوشت والی سمت پر مخملی چمک پیدا کی جاتی ہے۔

opacity, n. دُھندلا پن ؛ ابہام ؛ کثافت ؛ دُودھیا پن ؛ ناشفّافی ؛ ناشفّاف ہونے کی حالت ؛ دُھندلا پن/تاریکی روشنی یا آواز کے لیے غیر نفوذ پذیری ؛ دُھندلے پن کا درجہ ؛ کسی مادّے میں ، اشعاعی توانائی کا راستہ روکنے کی استعداد ؛ معانی کا ابہام ؛ غبی پن یا حماقت ؛ کوئی دُھندلی چیز۔ (عکّاسی) کسی پلیٹ یا فلم پر ایملشن کے روشنی جذب کرنے کی استعداد۔

opah, n. اوپا ؛ ماہی شوخ رنگ ؛ تنبو مچھلی (Lampris regius) ؛ بڑی اورخوبصورت بیضوی سمندری مچھلی جس کا سُرخ گوشت خُوردنی ہوتا ہے۔

opal, n. عین الہِرّ ؛ اوپل ؛ دُودھیا پتّھر ؛ مختلف رنگوں اور قسموں کا آبی صلوان جو نہ تو گار کی طرح سخت ہوتا ہے اور نہ کثیف ، روشنی کے قزح رنگی انعکاس کی خاصیّت رکھنے والا پتّھر سب سے بہتر ہوتا ہے ؛ اس قسم کی معدنیات سے متعلق ایک قیمتی پتّھر ؛ سفید دُودھیا شیشہ۔

opalescence, n. دُودھیا پن ؛ دُودھیا قزح رنگی ؛ اوپل کی طرح کے رنگوں کا کھیل ؛ دودھیا قزح رنگی روشنی کا انعکاس۔

opalescent, a. دودھیا قزح رنگ ؛ دودھیا۔

opaline, a. دُودھیا پتّھر سا ؛ دودھیا (شیشہ) ؛ دُودھیا پتھر سے متعلق یا اس جیسا ؛ دودھیا۔ (اسم) شیشے کی ایک قسم کا نیم شفاف شیشہ ؛ دُودھیا شیشہ۔

opaque, a. ناشفّاف ؛ غیر شفّاف ؛ مبہم ؛ کند ؛ ناروشن ؛ مدھم ؛ آواز ، حرارت یا بجلی کی ترسیل نہ کرنے والا ؛ غیر مَجلّا ؛ دُھندلا ؛ غبی ؛ احمق ۔ (اسم) کوئی غیر شفّاف شے ۔ (عکاسی) ایک غیر شفّاف رنگ جو کسی تصویر یا منفی فوٹو کے حصّوں کو منعکس ہونے سے روکنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ (فعل متعدی) (عکّاسی) (منفی فوٹو) کی تصحیح کرنا ، خاص طور پر جب چھپائی کے لیے پلیٹ بنائی جا رہی ہو۔

opaquely, adv. دُھندلاہٹ سے ؛ غیر شفاف طور سے ؛ مبہم طریقے سے۔

opaqueness, n. دُھندلاہٹ ؛ دُھندلا پن ؛ غیر شفّافیّت ؛ ابہام۔

op art, optical art, n. بیسویں صدی کے وسط میں فروغ پانے والا تجریدی مصّوری کا مکتبِ فن ، جس میں ہندسی اشکال اور اکثر مرتعش رنگوں کے استعمال سے ایسے بَصری تأثّرات اور التباس پیدا کیے جاتے ہیں جن پر مُتحرّک ہونے اور سہ جہتی گہرائی رکھنے کا گمان ہو۔

ope, v.t., v.i., a. دیکھیے : Open ۔

Op-Ed page, n. مقابل ادارتی صفحہ ؛ اخبار کا وہ صفحہ جو اداریے کے سامنے ہوتا ہے ، جس پر انفرادی نُقطۂ نظر شائع کیا جاتا ہے۔

open, a. آشکارا ؛ روشن ؛ وا ؛ باز ؛ عیاں ؛ کُھلا ؛ خالی ؛ بحث یا فیصلہ طلب ؛ دعوت عام والا ؛ شگُفتہ ؛ بے تعصّب (ذہن و دل والا) ؛ جو بند نہ ہو ، جیسے دروازہ ، پھاٹک یا کھڑکی ؛ جو بند ، چُھپا ہوا یا مقفّل نہ ہو ، جیسے مکان ، کار ، ڈبّا یا دراز ؛ کُھلا یا غیر محفوظ ؛ جو رکاوٹوں ، حصّوں یا دیواروں وغیرہ سے گِھرا نہ ہو ، جیسے کوئی جگہ ؛ جہاں سب داخل ہو سکیں ، جسے استعمال کرسکیں ، بانٹ سکیں یا جس کے لیے مقابلہ کر سکیں (جیسے : an open session or tournament) ؛ قابلِ رسائی یا ممکن الحصول (اس صورت میں اکثر open کے بعد to لایا جاتا ہے) ؛ میّسر ، دستیاب (جیسے : the only course open to us) ؛ درخواستوں ، پیشکشوں یا خیالات کے لیے قابلِ رسائی یا اثر پذیر (اکثر to استعمال ہوتا ہے ، جیسے : open to suggestion) ؛ شکار یا مچھلی پکڑنے کی ممانعت والا ، جیسے کوئی موسم۔ (بول چال) قانونی پابندیاں عائد نہ کرنے والا (جیسے : an open town) ؛ خالی جیسے کوئی عہدہ ؛ بے مصرف ، جیسے وقت ؛ غیر فیصل شُدہ ، جیسے کوئی مسئلہ ؛ مستوجب یا بشرط (اس کے بعد to آئے گا ، جیسے : open to temptation) ؛ عام دیکھنے یا جاننے کے لیے آشکار یا موجود یا کُھلے عام جاری ؛ اخفا کے بغیر عمل کرنے والا ؛ بے روک ، بے لاگ یا بے تکلُّف ؛ پھیلایا ، بڑھایا یا بچھایا ہوا (جیسے : an open newspaper) ؛ فراخ دل یا سخی (جیسے : giving with an open hand) ؛ سوراخوں یا روزنوں والا یا چھید دار یا مسام دار ؛ بے رکاوٹ ، جیسے کوئی راستہ ، سرزمین ، پانی کا بہاؤ یا منظر ؛ کہر ، دُھند یا برف سے مبرّا یا نرم و معتدل ۔ (طباعت) لفظوں اور سطروں کے درمیان معمول سے زیادہ فاصلے والا جیسے مطبوعہ مواد ۔ (موسیقی) ایسے آرگن پائپ کا ، جس کا سِرا اوپر سے بند نہ ہو ؛ ایسے تار کا جو اُنگلی سے نہ رُکتا ہو ؛ ایسے سُر کا جو اس طرح کے پائپ یا تار سے پیدا ہو ؛ ہوا کے ساز پر سلائڈ یا پردے کی مدد کے بغیر۔ (صوتیات) آواز جو منھ کو نسبتاً زیادہ کھولنے سے ادا ہو ؛ جو بجائی

رکن کے آخر میں حرفِ صحیح پر ختم نہ ہو ، جیسے کوئی حرفِ علّت ؛ حرفِ علّت پر ختم ہونے والا جیسے کوئی ہجائی رُکن ؛ بین الاقوامی معاہدے کے تحت دُشمن کے حملے سے محفوظ ، غیر قلعہ بند اور غیر مقبوضہ (جیسے : an open city) ؛ تیار اور معاملت کے لیے آمادہ ۔

openly, adv. کُھلم کُھلا ؛ کُھلے بندوں ؛ صاف صاف ؛ صاف گوئی سے ؛ علانیہ ؛ برملا ؛ عام طور سے ؛ کھلے خزانے ؛ بے روک ٹوک ؛ بلا لحاظ ؛ ڈنکے کی چوٹ ؛ دن دہاڑے ؛ صریحاً ؛ بے خوف ہو کر؛ کُھلے عام ؛ صاف طور پر ۔

openness, n. کُشادگی ؛ صراحت ؛ صاف گوئی ؛ کُھلا پن ۔

open, v.t. کھولنا ؛ کُشادہ کرنا ؛ وا کرنا ؛ بند یا مقفّل حالت سے اس طرح حرکت کرنا کہ گُزرنے کا راستہ بن سکے ؛ رسائی دینا یا قابل رسائی یا دستیاب بنانا ؛ رکاوٹوں سے پاک کرنا ؛ عوام یا گاہکوں کے استعمال کے لیے قائم کرنا ؛ عِلم ، ہمدردی یا خیالات کے لیے قابل رسائی بنانا ؛ سوراخ کرنا یا بزور شگاف ڈالنا ؛ پردہ ہٹانا ؛ عیاں کرنا یا نظر بہ کھول دینا ؛ ظاہر کرنا ، آشکار کرنا یا فاش کر دینا ؛ پھیلانا ، بڑھانا یا بچھانا ؛ چھدرا کرنا ؛ کم گُتھا ہوا یا کم ملا ہوا بنا دینا ؛ عمل میں لانا ، اِبتدا ، آغاز یا شروعات کرنا ۔ (قانون) عدالت یا جیوری کے سامنے مقدمے کا اولین بیان دینا ؛ مزید دلائل یا مُہلت کی گُنجایش پیدا کرنے کے لیے کسی فیصلے یا حکم کو واپس لینا یا منسُوخ کرنا ۔ (جہاز رانی) نظر آنا ۔ (فعل لازم) دروازے ، عمارت ، ڈبّے یا ایسی ہی کسی چیز کا کُھلا ہونا ؛ رسائی ہونا (اس صورت میں in یا into کے ساتھ) ؛ سوراخ ، راستہ یا نکاس بنا لینا (towards,upon, into کے ساتھ) ؛ علم ، ہمدردی یا خیالات کا وصول کُنِندہ بن جانا ، جیسے ذہن ؛ نظر میں آنا یا زیادہ مرئی یا واضح ہو جانا ؛ عیاں یا آشکار ہو جانا ؛ بچھ جانا یا بڑھ جانا ؛ علمیت کا ظاہر یا عیاں ہونا یا خیالات و جذبات کا آشکار ہونا ؛ کم چھدرا ہونا ؛ ابتدا آغاز یا شروعات ہونا ، جیسے کسی اجلاس ، میعاد ، موسم یا دورے کا ۔

open, n. کوئی صاف یا کُھلی جگہ ؛ بیرونِ در ؛ کوئی سوراخ یا شگاف ؛ کوئی آسامی یا موقع ؛ عوام کے دیکھنے یا جاننے کے لیے آشکار ہونے کی صورت یا حالت (جیسے : the news is in the open) ؛ ایسا ٹورنامنٹ یا مقابلہ جس میں پیشہ ور یا شوقین کوئی بھی حصّہ لے سکے (جیسے : golf open) ۔

open admission,
open enrollment, n. غیر محدود داخلہ ؛ بلالحاظ داخلہ ۔

open air, n. کُھلی فضا ؛ ہوائے بیرونِ در ، گھر سے باہر کی ہوا ۔

open-air, a. بیرونِ در وجود رکھنے والا یا ہونے والا ۔

open-and-shut, a. ظاہر ، واضح ، عیاں ، آسانی سے طے ہونے والا ۔

open chain, n. (کیمیا) منفصل زنجیر ؛ کاربن کے جوہروں کا سلسلہ یا کڑی جو منفصل ہوں یا جن کے سِرے جڑے ہوئے نہ ہوں جیسے کہ نامیاتی مرکبّات میں ہوتے ہیں ۔

open-chain, a. منفصل زنجیری ۔

open classroom, n. کُھلی تدریس ؛ غیر رسمی تعلیم کا ایک طریقہ ، جس میں طلبہ اُستاد کی رہنمائی میں موضوعات پر بحث کرتے ہیں ۔

open door, n. آزاد تجارتی پالیسی ؛ کسی مُلک میں تمام قوموں کے لیے یکساں شرائط پر داخلے کی حکمت عملی ، خاص کر تجارتی مقاصد کے لیے ؛ آزادانہ داخلہ یا رسائی ۔

open-door, a. آزاد ، وسیع یا کُشادہ ۔

open-end, a. غیر محدُود ؛ مفتوح الطرف ؛ آزاد جوابی ؛ غیر معیّنہ حدُود والا ؛ متعدد تاویلوں یا آزادئ عمل کی گُنجایش والا ۔ (مالیات) اضافی قرض کی اجازت دینے والا (جیسے : an open - end mortgage)؛ اصل سرمائے کے مزید حِصص جاری کرنے کی گُنجایش والا (جیسے : an open - end investment company) ۔

opener, n. فتّاح ؛ کُشاد کار ؛ افتتاح کرنے والا ؛ کھولنے یا شروع کرنے والا شخص یا شے ؛ سربند ڈبّے کھولنے کے لیے استعمال ہونے والا آلہ (جیسے : a bottle opener) ؛ تھئیٹر یا ورائٹی پروگرام کا پہلا آئٹم یا کھیلوں کے سلسلے کا پہلا کھیل ؛ افتتاحی لطیفہ ، فردی مکالمہ یا کوئی بات جو توجُّہ حاصل کرنے یا سامعین کا مُوڈ بنانے کے لیے استعمال ہو ۔ (جمع) (پوکر) بازی لگانے کے لیے کھلاڑی کو درکار ضروری پتّوں کی پہلے سے طے شُدہ کم سے کم تعداد یا پتّوں کا مجموعہ ۔

open-eyed, a. آنکھیں کُھلی رکھنے والا ؛ چوکنا ؛ محتاط ؛ چوکس ؛ باخبر ؛ ہَکّا بَکّا ؛ حیرت زدہ ۔

open-handed, a. فراخ دل ؛ سخی ؛ فیّاض ؛ دریا دل ؛ کُھلے دِل والا ؛ کُشادہ دِل ؛ کُشادہ دَست ۔

open-handedly, adv. کُشادہ دستی سے ؛ دریا دلی ، سخاوت یا فیاضی سے ۔

open-handedness, n. کُشادہ دَستی ؛ دریا دِلی ، سخاوت ، فیاضی ، فراخ دلی ۔

open-hearted, a. صاف دِل ؛ بے لاگ یا صاف گو ؛ مُخلص ؛ فیض رساں ؛ نیک دِل ؛ کُشادہ دِل ؛ بے ریا ؛ بے مکروفریب ؛ بے لاگ ؛ ناطرف دار ؛وسیع الخیال ؛ سچے دل والا ؛ سینہ صاف ؛ بھولا ؛ بامروت ؛ خوش خلق ؛ پُرخلوص ۔

open-heartedly, adv. کُشادہ دِلی سے ؛ خلوص سے ؛ صاف گوئی سے ۔

open-heartedness, n. کُشادہ دلی ؛ صاف گوئی ؛ خلوص ؛ مروّت ؛ گرم جوشی ؛ خوش خُلقی ۔

open-hearth, a. (فلزیات) کُھلا چُولھا ؛ کُھلی بَھٹی ؛ فولاد سازی میں استعمال ہونے والی ایک قسم کی بھٹی سے متعلّق ؛ اس عمل کی صراحت یا اس عمل سے متعلّق جس کے ذریعے اس قسم کی بھٹی میں فولاد بنایا جاتا ہے یا اس بھٹّی میں بنے ہوئے فولاد سے متعلق ۔

open-heart surgery, n. (جراحی) ایسا اپریشن جس میں دورانِ خون ، ہارٹ لنگ مشین (ورید قلبی آلے) کے ذریعے منتقل کرتے ہوئے تشخیص یا علاج کے لیے دل کو چاک کیا جاتا ہے ؛ قلب شگاف جراّحی ۔

open house, n. کُھلا گھر ؛ ایسا وقت یا موقع جب گھر کے دروازے ان تمام دوستوں کی مہمان نوازی کے لیے کھول دیے جاتے ہیں جنھیں ملاقات کے لیے آنے یا خاطر مدارت سے لُطف اندوز ہونے کی خواہش ہو ؛ وہ مُدّت جب کوئی بحری اڈّا ، اسکول یا دوسرا ادارہ دیکھنے والوں کے لیے کُھلا ہوتا ہے ؛ ایسی سکونت گاہ جسے مالک یا دلاّل نے

بیچنے کی غرض سے دِکھانے کے لیے کُھلا رکھا ہو۔

keep open house, ملاقاتیوں کی مدارات کے لیے ہمہ وقت تیار رہنا۔

open housing, fair housing, n.: جائیداد کی کُھلی فروخت یا کرایہ دہی ؛ وہ اصول و دستُور جس کے تحت نسل ، رنگ ، مذہب یا قومیّت کی امتیازی بُنیاد پرجائیداد کی فروخت یا کرایہ دہی ممنوع ہوتی ہے ۔

open-housing, a. جائیداد کی بلا امتیاز فروخت یا کرایہ دہی سے متعلق (جیسے : an-open housing ordinance) ۔

opening, n., a. افتتاح ؛ اسامی ؛ ترقّی کا موقع ؛ اس شخص یا شے کا عمل جو کھولتا یا کھولتی ہے ؛ کھول دینا یا کُھل جانا ؛ ابتدا ، آغاز یا شروعات کرنے کا عمل ؛ کسی چیز کا پہلا حصّہ یا ابتدائی مرحلہ ؛ کسی پروگرام ، موسم ، اجلاس ، فیشن شو ، میعاد ، دورے یا کسی شے کے استعمال کا افتتاح یا اولین نمایش (جیسے : the opening of Parliament, an opening of a sale) ؛ ٹھوس مادّے میں خالی جگہ ؛ دراڑ ، سوراخ یا روزن ؛ داخلہ یا راستہ دینے والی کُھلی یا سپاٹ جگہ ؛ ایسی جگہ یا مقام جہاں رکاوٹ یا قبضہ نہ ہو ؛ ایسا قطعۂ زمین جو برابر کے جنگل کے قطعات کے مقابلے میں کم درخت رکھتا ہو ؛ اسامی یا خالی عہدہ ؛ نوکری حاصل کرنے کا موقع ۔ (قانون) گواہی پیش کرنے سے قبل عدالت یا جیوری کے سامنے وکیل کی طرف سے مقدمے کا بیان ۔ (شطرنج) بازی شروع کرنے کا ایک خصوصی انداز۔

open letter, n. کُھلی چٹھی ؛ کُھلا خط ؛ خط کی شکل میں لِکھا ہوا احتجاج ، درخواست ، تنقید یا تجویز جو کسی خاص شخص یا جماعت کے نام ہو ، لیکن وسیع تر تشہیر و خواندگی کے لیے رسالوں یا نشری ذرائع اِبلاغ کو جاری کیا جائے ؛ احتجاجی خط ۔

open-letter, a. ذرائع ابلاغ کی معرفت جاری کیے جانے والے خط سے متعلّق ۔

open-loop, n. کُھلا حلقہ ؛ کمپیوٹری نظام جس میں خود تصحیحی میکانی نظام نہیں ہوتا۔

open-minded, a. کُشادہ دِل ؛ وسیعُ النظر ؛ بے رائے ؛ نئے دلائل یا خیالات کے لیے کُھلا ذہن رکھنے یا دکھانے والا؛غیر جانب دار ؛ بے تعصُّب ؛ صاف دل ۔

open-mindedly, adv. وسیعُ النظری یا غیر جانب داری سے ۔

open-mindedness, n. وسیعُ النظری ؛ غیر جانب داری ؛ کُشادہ دلی ؛ وسعتِ نظر ؛ بے تعصّبی ۔

open-mouthed, a. بونّق ؛ مُنھ کُھلا رکھنے والا ؛ مُنھ پھاڑ کر دیکھنے والا (جیسے حیرت سے) ؛ پُر شور ؛ پُرخروش ، لالچی ، بسیار خور ؛ کُشادہ دہن ؛ بے لگام ؛ دریدہ دہن ۔

open-mouthedly, adv. بونّق پن سے ؛ لالچ سے ۔

open-mouthedness, n. بونق پن ؛ لالچ ۔

open order, extended order, n. (عسکری) جوانوں کی مشق یا جنگی صف بندی جس کے دوران میں فوجی ایک دوسرے سے نسبتاً زیادہ فاصلے پر کھڑے ہوتے ہیں ؛ کُھلی صف بندی ۔

open sesame, n. کُھل جا سِم سِم ۔ (مجازاً) کوئی حرف شناخت یا افسوں جس سے در وا ہو جائیں ؛ کامیابی کی راہ سے رکاوٹیں دُور کرنے والے ذرائع ؛ طِلسم کُشا ۔

open shop, n. کھلا کارخانہ ؛ ایسا کارخانہ ، گودام یا کوئی اور کاروباری ادارہ جہاں یونین سے وابستہ یا ناوابستہ کارکن کسی امتیاز کے بغیر ملازم رکھے جاتے ہوں ، ہر چند کہ یونین کو سارے کارکنوں کے لیے سودا کار ایجنٹ کی حیثیت حاصل ہو۔

open-shop, a. کُھلے کارخانے سے متعلّق ؛ ایسے کارخانے یا کاروباری مرکز سے متعلق جہاں ملازمت کے لیے یونین سے وابستگی یا ناوابستگی ضروری نہ ہو۔

open stock, n. فاضل اشیا ؛ ذخیرۂ عام ؛ چینی یا چاندی کے برتنوں کے کُھلے سیٹ جن کے اجزاء متبادل برتنوں کے طور پر فروخت کے لیے رکھے جائیں ۔

open syllable, n. (صوتیات) کسی حرفِ علّت یا دو حُروف علّت سے مرکب آواز پر ختم ہونے والا ہجائی رُکن ۔

open up, v.t., v.i. لڑنے لگنا یا گولیاں چلانے لگنا ؛ بے تکلّفی سے باتیں کرنے لگنا ؛ پھیل جانا یا ظاہر ہو جانا ۔ (عوامی) کسی کے بارے میں مخبری کرنا ؛ اندر شگاف ڈالنا ؛ آشکار یا افشا کرنا ؛ قابل رسائی یا دستیاب بنانا ؛ رفتار بڑھانا ، جیسے کار کی ۔ (عوامی) جراحی کرنا ؛ اپریشن کرنا ۔

openwork, n. لکڑی ، پتّھر یا کلابتون کا کسی قسم کا بھی زیبایشی و آرایشی کام جس میں خالی جگہیں رکھی گئی ہوں ۔

opera, n. غنائیہ ؛ تمثیل غنائی ؛ اوپیرا ؛ موسیقی پر ترتیب دیا ہوا ڈراما یا ڈرامائی تحریر جسے گا کر اداکاری کے ذریعے اور بعض اوقات رقص کے ساتھ ، آرکسٹرا کی سنگت میں پیش کیا جائے ؛ ایسے غنائی ڈرامے کی موسیقی ، الفاظ یا پیش کش ؛ وہ ہال یا تھیٹر جہاں اوپیرا پیش کیا جائے ۔

operatic, a. غنائیہ سے متعلّق ۔

operatically, adv. غنائیہ کے طور پر۔

opera, n. (زیادہ تر موسیقی) opus کی جمع ۔

operable, a. قابلِ جرّاحی ؛ قابلِ عمل ؛ عملی ؛ جس کا علاج جرّاحی سے ہو سکتا ہو۔

operability, n. عملیّت ؛ قابلِ جرّاحی ہونے کی کیفیت ۔

operably, adv. قابلِ جرّاحی طور پر۔

opera bouffe, opera bouffa, n. (فرانسیسی/اطالوی) مزاحیہ غنائی تمثیل ، خاص طور پر مضحکہ خیز کرداروں کے ساتھ ۔

opera comique, n. (فرانسیسی) جُزوی طور پر بولے ہوئے مکالموں پر مشتمل ، طربیہ کی شکل میں غیر سنجیدہ غنائیہ ؛ انیسویں صدی سے پہلے کا لامحدود موضوعات والا غنائیہ جس میں چند ہی بولے جانے والے مکالمے ہوتے تھے ۔

opera glass, opera glasses, n. مُقرّبہ ؛ چھوٹی دُوربین ؛ ناٹک دُوربین ؛ آئینۂ تماشائی ؛ کم طاقت رکھنے والی چھوٹی دُوربین جیسی کہ تھیٹر یا کنسرٹ میں استعمال کی جاتی ہے ۔

opera hat, n. سیاہ ریشمی کپڑے کا بنا ہوا مردوں کا اونچا ہیٹ جسے اسپرنگ کی مدد سے اصل شکل میں برقرار یا کُھلا رکھا جاتا ہے ۔

opera house, n. اوپیرا گھر ؛تماشا خانہ ؛ غنائیہ خانہ ؛ اوپیرا کی پیش کش کے لیے مخصوص تھیٹر۔

operate, v.i.,v.t. چلانا ؛ عمل کرنا ؛ جرّاحی کرنا ؛ کام کرنا ، عمل آوری یا وظیفہ سرانجام دینا ؛ زور یا اثر ڈالنا ؛ مطلوبہ نتیجہ پیدا

کرنا ؛ عملِ جرّاحی سر انجام دینا ؛ تمسکات یا اجناس کا خریدنا اور بیچنا، خاص طور پر سٹّے بازی کے ذریعے یا بڑی تعداد و مقدار میں ؛ فوجی کارروائی کرنا (عام طور پر against کے ساتھ) ۔ عمل میں لانا یا کام جاری رکھنے کا سبب ہونا ؛ چلانا یا چلتا رکھنا، جیسے کسی مشین کو ؛ اثر کرنا یا پورا کرنا ؛ عمل درآمد ہونا ۔

operatable, a. عمل میں آ سکنے کے قابل ؛ کام میں آنے کے قابل ؛ قابل عمل ۔

operation, n. عملیہ ؛ آپریشن ؛ کارروائی ؛ عمل ؛ چلانے کا عمل ، طریقہ یا ڈھب ؛ سرگرمی کا کوئی طور (جیسے : a mental operation) ؛ کام یا پیداوار کی کسی شکل میں کوئی طریقہ ؛ پیداواری یا صنعتی سرگرمی کا طریق عمل (جیسے : a building operation) ؛ تجارتی لین دین ، خاص طور پر جو سٹّے کی نوعیت کا یا بڑے پیمانے کا ہو (جیسے : an operation in wheat) ۔ (جرّاحی) عمل جرّاحی ؛ مریض کے بدن پر جرّاحی کا طریق عمل یا طریقِ کار ، عموماً آلات کی مدد سے ۔ (عسکری) جنگ نُما کارروائی کا طریق عمل ۔ (ریاضی) کسی رقم کی قدر اور ہیئت بدلنے کے لیے اس پر عمل کاری کی کارروائی ، جیسے جمع یا تفریق میں ۔ (جمع) فعل افعال ۔

in operation, زیر عمل ؛ نافذ العمل ؛ رُوبہ عمل ۔

operational, a. عملیاتی ؛ عمل/کام سے متعلق ؛ کسی سرگرمی ، طریق کار یا دیگر عمل کا/کے بارے میں ؛ استعمال کرنے یا کام لینے کے لیے درست حالت میں ؛ عملی ۔ (عسکری) خُشکی ، سمندر یا فضا میں فوجی سرگرمیوں کا یا ان سے متعلق ؛ کسی دستے کی چوکس حالت کے متعلق جو کسی فعال ذمہ داری ، خاص طور پر جنگ آزمائی کے لیے تیّار ہو (جیسے : The tank unit is operational) ۔

operations research, operational research, n. عملیاتی تحقیق ؛ کارگُزاری بڑھانے کی غرض سے تجارت یا حکومت میں کسی عمل کاری کا سائنسی مطالعہ ۔

operative, a. نافذ ؛ لاگو ؛ نافذُ العمل ؛ کارگر ؛ مؤثر ؛ عملیاتی ؛ اثر دار ؛ زیرِ عمل ؛ قوّت آزما ؛ فعال ؛ اثر انگیز ؛ جسمانی ، جرّاحی یا دیگر عملیات سے متعلّق ۔ (اسم) ہُنر مند کارکُن ؛ دستکار ؛ جاسُوس ؛ سُراغ رساں ۔

operatively, adv. عملیاتی طور سے ؛ مؤثر طور سے ؛ عملی طریقے سے ۔

operativeness, n. عمل کاری ؛ کارآمدگی ؛ کارگری ۔

operator, n. عامِل ؛ کارگُزار ؛ چلانے والا ؛ کل کار ؛ آپریٹر ؛ کسی اختراع یا مشین کی پیداواری عمل کاریوں کو سُبک دستی سے نمٹانے یا سنبھالنے والا شخص (جیسے : a sewing machine operator) ؛ کسی کاروبار کا مالک یا مُنتظم (جیسے : a real estate operator) ؛ دلاّل ۔ (جرّاحی) جرّاحی کا عمل سرانجام دینے والا ، جرّاح ۔ (عوامی) چلتا پُرزہ ؛ اپنی محنت سے غیر متوقع اور غیر معمولی فائدہ حاصل کرنے والا زیرک شخص ۔ (ریاضی) علامتِ ریاضی ۔

operculum, n. (نباتیات) ڈھکنا ؛ خول ؛ خیشوم ؛ سرپوش ؛ مدوّر کشادگی سے پیدا ہونے والا سرپوش یا ڈھکنا جیسا کہ کائیوں کے بذرہ دانوں اور بعض بیجی پودوں کے ڈوڈوں میں ہوتا ہے ؛ در تختی ۔ (حیوانیات) ایک قرنی غلاف جو بعض معدہ پا خولوں میں موجود جھری پر ، جان دار کے مکمل طور پر سُکڑنے کی صُورت میں نمودار ہوتا ہے؛ پیشتر مچھلیوں کے گلپھڑوں کو ڈھانپنے والا استخوانی ڈھانچا ۔

operculate, operculated, a. سرپوشی ؛ خیشوم دار/گلپھڑے دار ۔

opercular, n., a. خیشوم پوشش ۔

operetta, n. اپریٹا ؛ آپرک ؛ نقل غنائیہ ؛ چھوٹا اوپیرا ؛ تفریحی موضوع رکھنے والا مختصر غنائیہ جو اکثر مزاحیہ ہوتا ہے اور جس میں عموماً مکالمے بولے جاتے ہیں ؛ غیر سنجیدہ غنائیہ ۔

operetist, n. غنائیہ کار ؛ مختصر غنائیے کا اداکار/فن کار ۔

operose, a. محنت طلب یا تھکا دینے والا ؛ محنتی ؛ مشقّت کرنے والا ۔

operosely, adv. محنت سے ؛ مشقّت سے ۔

operoseness, n. محنت ؛ مشقّت ۔

ophicleide, n. اوفی کلائڈ ؛ دُہری مُڑی ہوئی مخروط نُما دھاتی نلکی پر مشتمل ایک متروک ہوائی ساز جس میں عموماً گیارہ پردے ہوتے تھے ۔

ophidian, a. افعی کا ؛ ماری ؛ حنشی ؛ سانپ کا ، سانپ سے متعلّق یا سانپ کے بارے میں یا اس سے مخصُوص ۔ (اسم) افعی ؛ مار ؛ سانپ ۔

ophiology, n. اُفعیات ؛ سانپوں کا علم ؛ حیاتیات کی وہ شاخ جو سانپوں سے متعلّق ہے ؛ علمُ الافاعی ۔

ophiological, a. افعیاتی ؛ متعلق بہ افعیات ۔

ophiologist, n. ماہر افعیات ۔

ophite, n. سنگِ سماق ؛ مَرمَرِ سبز ؛ حضری مرمر ؛ سبز سماقی چٹان یا حجر الحیہ ؛ ذُو بنیاد ۔

ophitic, a. بعض سبز سماقی چٹانوں کی ساخت سے متعلّق جن میں فلسپار کی قلمیں جوف معدن میں جمی ہوئی ہوتی ہیں ۔

ophthalmia, n. (امراضیات) آشوبِ چشم ؛ پپوٹے ، آنکھ یا اس کی جِھلّیوں کی سوزش ؛ آنکھ کا وَرم ۔

ophthalmic, a. چشمی ؛ عَینی ؛ آنکھ کا یا آنکھ کے بارے میں ؛ آشوبِ چشم کا مریض ۔

ophthalmologist, n. طبیبِ چشم ؛ امراضِ چشم کا ماہر ڈاکٹر ۔

ophthalmology, n. (طِب) عینیات ؛ علمِ امراضِ چشم ؛ آنکھ کی تشریح ، وظائف اور امراض سے بحث کرنے والی سائنس ۔

ophthalmologic, ophthalmological, a. عینیاتی ؛ علمِ امراضِ چشم سے متعلّق ۔

ophthalmologically, adv. عینیاتی طور پر ؛ آنکھ کی بیماریوں کے طور پر ۔

ophthalmoscope, n. درُونِ چشم بین ؛ چشم بین ؛ آنکھ کے اندرونی حصے کو دیکھنے یا آنکھ کے پردے کا معائنہ کرنے کا آلہ ؛ شبکیہ بین ۔

ophthalmoscopic, ophthalmoscopical, a. معائنۂ چشم سے متعلّق ۔

ophthalmoscopy, n. شبکیہ بینی ؛ چشم بینی یا معائنۂ چشم ۔

opiate, n. مخدّر چیز ؛ افیون آمیز دوا ؛ اِفیون آمیز خواب آور ؛ افیون یا اس سے ماخوذ جزو رکھنے والی دوا ، جس کی خاصیّت نیند لانا یا درد گھٹانا ہو ۔ (بول چال) افیون وغیرہ کی حامل کوئی نشے والی چیز ؛ احساس کو کُند کرنے ، اعصاب کو تھپکنے

یا سکون دینے والی کوئی شے ۔ (صفت) خواب آور ؛ نشہ آور ؛ افیون دار ۔ (فعل متعدی) افیون آمیز دوا دینا ؛ بے حِس کرنا یا مضمحل کرنا ۔

opine, v.t., v.i. سوچنا ؛ فرض کرنا ؛ تاثُّر یا رائے رکھنا ؛ رائے کا اظہار کرنا ؛ رائے دینا ؛ مشورہ دینا ۔

opinion, n. رائے ؛ خیال ؛ عقیدہ ؛ کوئی اندازہ یا اعتقاد جو کسی تاثُّر سے زیادہ قوی لیکن یقینی علم سے کم پائدار ہو ؛ اشخاص یا اشیا کے کردار یا خواص کے بارے میں اندازہ یا تاثر ؛ رائج العام انداز نظر یا خیال (جیسے : public opinion) ؛ افسر مجاز کی طرف سے کسی فیصلے کا سرکاری اظہار ۔ (قانون) عدالتی بیان ، جس میں کسی مخصوص فیصلے پر پہنچنے کا استدلال اور قانونی اصول پیش کیے جائیں ۔

openionated, a. خود سر ؛ ضِدّی ؛ اپنی رائے سے نہ ہٹنے والا ؛ خود رائے ؛ ہٹ دھرم ؛ ہٹّی ۔

opinionatedly, adv. خود رائی سے ؛ ہٹ دھرمی سے ۔

opinionatedness, n. خود رائی ؛ ہٹ دھرمی ۔

opinionative, a. خودسَر ؛ ادّعا پسند ؛ رائے کے بارے میں یا رائے سے متعلّق ؛ عقائد میں ہٹ دھرم ؛ کٹّر ۔

opinionatively, adv. کٹّر پن سے ؛ خود سَری یا ادعا پسندی سے ۔

opinionativeness, n. کٹّر پن ؛ خود سری یا ادّعا پسندی ؛ خود رائی ؛ خود پسندی ؛ ہٹ دھرمی ؛ ضِد ۔

opisthognathous, a. پس فکہ ؛ پیچھے کی طرف ڈھلوان جبڑے رکھنے والی کھوپڑی یا جانور کے بارے میں ؛ پیچھے کی طرف ڈھلوانی جبڑے سے متعلق ۔

opisthognathism, n. پیچھے کی طرف ڈھلوان جبڑے رکھنا ؛ پس فکہی ۔

opium, n. افیون یا افیم ؛ گُل لالہ یا کوکنار (Papaver somniferum) کے کچّے پھلوں کا خُشک کردہ رَس ، جو اپنی اصل میں ایک زہریلا ، نشہ آور علّتی قلیاسا ہے جس سے مارفین اور کوڈین بھی حاصل کی جاتی ہے ۔

opium poppy, n. گُل لالہ ؛ کوکنار ؛ مشرقی ملکوں میں پیدا ہونے والی نیلگوں سبز یک فصلی نبات (Papaver somniferum) جو اب ساری دنیا میں اپنے غلافی پھلوں کے لیے اُگائی جاتی ہے جن کے دُودھ جیسے رَس سے افیون بنتی ہے ، یہ پودا اپنے سفید ، گلابی اور سُرخ پھولوں کی وجہ سے زیبایش کے لیے بھی اُگایا جاتا ہے ۔

opossum, n. مُوش کیسہ دار ؛ مشرقی امریکا میں پایا جانے والا گیرندہ دُم دار ، کیسہ دار اور پستان دار شبینہ جانور جو اپنے بچّے کو پیٹ پر بنی ہوئی تھیلی میں رکھتا ہے اور خطرے کے وقت خود کو مردہ ظاہر کرنے کے لیے مشہور ہے ؛ صاریغ ۔

opponent, n. دُشمن ؛ حریف ؛ فریق مُخالف ؛ مدِمُقابل ؛ غنیم ؛ نزاع ، بحث ، کھیل یا ایسی ہی کسی بات میں مخالف فریق کی حمایت کرنے والا ۔ (صفت) مخالف ؛ معاند ؛ موقف میں مخالف ۔ (تشریحُ الاعضا) پٹّھے کے بارے میں جو اپنے حصّوں کو متقابل لا کر کسی دوسرے پٹّھے کے مخالف عمل کرتا ہو یا اس کی حرکت کو محدود کرتا ہو ؛ عضلہ متقابلہ سے متعلّق ۔

opportune, a. درُست ؛ باموقع ؛ مناسب ؛ بروقت ؛ خاص طور پر موزوں یا برمحل ؛ برجستہ ؛ موقع سے یا سازگار ۔

opportunely, adv. موقع سے ؛ بروقت یا برمحل ؛ عین موقع پر ؛ ٹھیک وقت پر ۔

opportuneness, n. مناسبت یا موزونیت ۔

opportunism, n. موقع پرستی ؛ مصلحت کوشی ؛ اِبن الوقتی ؛ ممکنہ نتائج یا اخلاقی اصولوں کی زیادہ پروا کیے بغیر ہر موقع کو اپنے فائدے کے لیے اِستعمال کرنے کا عمل یا حکمتِ عملی ؛ ایسے رویّے کی کوئی مثال ؛ موقع پرستانہ رویّہ ۔

opportunist, n., a. موقع پرست ؛ اِبنُ الوقت ؛ مصلحت کوش ؛ زمانہ ساز ؛ مطلبی ؛ مطلب پرست ۔ موقع پرستانہ ۔

opportunistic, a.

opportunistically, adv. اِبنُ الوقتی یا موقع پرستی سے ۔

opportunity, n. موقع ؛ مناسب یا موزوں وقت یا موقع ؛ سازگار صورتِ حال یا اِتّفاق ؛ محل ۔

opposable, a. قابل مزاحمت ؛ قابل مخالفت ؛ مخالفت یا مزاحمت کیے جانے کا اہل ؛ مقابلہ کیے جانے یا کسی اور چیز کے مقابلے میں رکھے جانے کے قابل ، جیسے انگوٹھا اور شہادت کی اُنگلی ۔

opposability, n. مخالفت ؛ مزاحمت ۔

oppose, v.t. مخالفت کرنا یا مقابلے میں لانا ؛ خلاف عمل کرنا یا مخالفت میں جدوجہد کرنا ؛ خلاف جدوّجہد ، مزاحمت یا مقابلہ کرنا ؛ حریف یا مخالف یا مزاحمتی یا مبارزتی قوّت کے طور پر رکھنا ؛ رکاوٹ یا مزاحمت کے طور پر رکھنا ؛ راستہ روکنا ؛ مخالف یا متضاد ہونے کے طور پر استعمال کرنا یا سمجھنا ؛ مقابل تلافی یا تقابل کی نسبت سے رکھنا (جیسے : to oppose the advantages to the disadvantages) ؛ سامنا یا مقابل کرتے ہوئے رکھنا ؛ مقابلے میں لانا ۔ (فعل لازم) تقابل میں ہونا یا خلاف ہونا ؛ مقابل ہونا ۔

opposer, n. مُخالف یا مُقابل ۔

opposingly, adv. مُخالفانہ طور پر ؛ مُقابلۃً ؛ مُخالفت سے ۔

opposite, a. مُتضاد ؛ مخالف ؛ اُلٹ ؛ اُلٹا ؛ اُلٹی طرف ؛ دوسری جانب ؛ ضِد ؛ مُقابل ؛ بالمُقابل ؛ مُتقابِل ؛ کسی چیز کے مقابل اطراف میں واقع (جیسے : The houses were on the opposite sides of the street) ؛ مماثل وضع میں لیکن ایک دوسرے کے مخالف (جیسے : They stood directly opposite each other, face to face) ؛ ایک دُوسرے سے اُلٹے رُخ میں مخالف (جیسے : in the opposite direction) ؛ برعکس یا یکسر مختلف (جیسے : black is opposite to white) ۔ (نباتیات) تنے کے مقابل اطراف میں واقع ، جیسے شاخ کی ایک ہی گانٹھ سے اُگتے ہوئے دو پتّے ۔ (اسم) وہ شخص یا شے جو مُتضاد یا متقابل ہو ۔ (متعلق فعل) (حرفِ جار) آمنے سامنے ؛ کی تکمیل کرنے والے کردار میں (جیسے : to play opposite a famous actor) ۔

oppositely, adv. اُلٹ طور پر ؛ برعکس ۔

oppositeness, n. اُلٹا پن ؛ تضاد ؛ تقابل ۔

opposite number, n. عکس ؛ ہم رُتبہ ؛ کسی دوسرے مقام ، زمانے ، نظام یا سرگرمی میں قابل موازنہ شخص ، مقام یا شے (جیسے: An Army general's opposite number in the navy is an admiral. George Washington's opposite number in South America was Simon Bolivar) ۔

opposition, n. مخالفت ؛ مقابلہ ؛ حزبِ اختلاف ؛ مخالف ؛ مخالفت ، نگرانی یا قابو میں رکھنے کا عمل یا حالت ؛ مقابل لائے جانے

یا موازنہ کیے جانے کی کیفیت ؛ مُخاصمت یا مزاحمت ؛ مخالفت کرنے والا یا مخالفین کی مجموعی جمیعت ؛ انتظامیہ یا حزب اقتدار کی مخالف سیاسی جماعت ؛ کسی چیز پر/کے مقابلے میں تفوّق یا امتیاز ۔ (فلکیات) یکسر متقابل ہونے یا طول البلاد میں ۱۸۰° کا فرق ہونے کی صورت میں دو اجرامِ فلکی کی وضع ۔ (منطق) ایسے قضیوں میں قرابت جو موضوعات اور محمولات میں تو مماثل ہوں لیکن کمیّتوں یا نوعیتوں یا دونوں میں مُختلف ہوں ۔

oppositional, a.
مخالفانہ ؛ معاندانہ ۔

oppress, v.t.
ظالمانہ حکومت کرنا ؛ تشدّد سے حکومت کرنا ؛ کُچلنا ؛ ستانا ؛ تکلیف دہ ہونا ؛ ظالمانہ یا نامعقول پابندیوں کا بوجھ ڈالنا ؛ ظُلم یا تشدّد کرنا ؛ غیر مُنصفانہ سخت گیری ، شِدّت یا سختی کا برتاؤ کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ دبا دینا ؛ گِرا دینا ، جیسے تکان گراتی ہے ؛ بوجھ تلے پیس ڈالنا ، جیسے فکر یا غم ؛ بَد دِل کرنا ۔

oppressible, a.
قابلِ تشدُّد ۔

oppressor, n.
بے اِنصاف ؛ ظالِم ؛ جابِر ؛ مُتشدّد ۔

opression, n.
جور وسِتم ؛ ظُلم و زیادتی ؛ جبرواستبداد ؛ جبر و سِتم کا عمل ؛ از حد تحدیدی اقتدار یا اختیار ؛ سخت گیری ؛ سختی ؛ ظُلم ؛ ذہن یا جسم پر بوجھ کا احساس ؛ بَد دِلی ؛ اضمحلال ۔

oppressive, a.
جابرانہ ؛ غیر معقول حد تک دوبھر ؛ غیر منصفانہ حد تک کڑا یا سخت ؛ جبر و تشدد کا عادی ؛ مستبدانہ ؛ کُچل ڈالنے والا ؛ زیر کر لینے والا ؛ ظالِم ؛ بے رحم ؛ بھاری ؛ گراں ؛ دُشوار ؛ ستم راں ؛ مُوذی ؛ اجیرن ؛ ظالمانہ ؛ بے رحمانہ ۔

oppressively, adv.
ظلم و تشدّد سے ۔

oppressiveness, n.
ستم رانی ؛ ایذا دہی ، ظلم و تشدّد ؛ جبرواستبداد ۔

opprobrious, a.
ملامت آمیز یا رُسوا کُن جیسے زبان ، عرفیت یا خطابت ؛ ذلت آمیز ؛ بے عزتی یا شرم کا باعث ؛ ملامتی ؛ رسوا کُن ؛ شرمناک ؛ بُرا ؛ لعنتی ؛ دُشنام آمیز ؛ مذمت آمیز ؛ سخت سُست ؛ بدنامی کا ؛ رسوائی کا ؛ ذِلّت کا ؛ گندا ۔

opprobriously, adv.
ذلت آمیز طور پر ؛ رُسوائی سے ۔

opprobriousness, n.
ذلت آمیزی ؛ رسوائی یا ملامت آمیزی ۔

opprobrium, n.
رسوائی ؛ فضیحت ؛ شرمناک یا غلط طرزعمل کی بدولت مول لی ہوئی رُسوائی یا ملامت ؛ بدنامی ؛ حقارت آمیز ملامت ؛ ایسی ملامت کی وجہ یا مقصد ۔

oppugn, v.t.
سخت مخالفت کرنا ؛ دلائل یا تنقید سے حملہ آور ہونا ؛ کسی کے خلاف عمل کرنا ؛ اعتراض کرنا ؛ کسی کے خلاف معاندانہ اِستدلال استعمال کرنا ؛ الزام لگانا ۔

oppugner, n.
سخت مخالِف ؛ معانِد ؛ الزام لگانے والا ۔

opsonin, n.
(جرثومیات)اپسونین ؛ مصل خون کا ایک جزوِ ترکیبی جو حملہ آور خلیوں یا جرثوموں کو اکال خلیوں کے تباہ کن اقدام کے لیے زیادہ اثر پذیر بنا دیتا ہے ۔

opsonic, a.
اپسونینی ؛ خون کے جراثیم چسیموں کو جاذب بنانے والا ۔

opt, optate, v.i.
چُننا ؛ انتخاب کرنا ؛ مُنتخب کرنا ؛ اختیار کرنا ۔

optative, a.
تمنّائی ؛ تمنّا یا خواہش کا اظہار کرتا ہوا ۔ (گرامر) فعل تمنّائی ؛ فعل کے اس صیغے میں استعمال ہوتا ہے جس میں تمنّا یا خواہش کا اظہار کیا جائے ۔

optatively, adv.
تمنائی طور پر ؛ انتخاب کے طور پر ؛ خواہش کرتے ہوئے ۔

optic, a.
نظری ؛ بصری ؛ عینی ؛ چشمی ؛ بصارت یا بینائی سے متعلق ؛ عُضو بصارت کے طورپر ، آنکھ یا دماغ کےایک وظیفے کے طور پر ؛ بصارت سے متعلق یا جڑا ہوا ؛ بصارت کو تقویّت پہنچانے کے لیے بنایا ہوا ؛ بصارت یا روشنی کے ذریعے عمل کرنے والا ۔ (اسم)(عموماً جمع ، بول چال) آنکھیں ۔

optical, a.
بصری ؛ نظری ؛ نظر کا (یا نظر سے متعلق) ؛ بصارت سے تعلق رکھنے والا ؛ بصارت کی مدد کے لیے تیار کردہ آلات جیسے عینک یا دُوربین ؛ بصارت یا روشنی کے ذریعے کام کرنے والا ، جیسے آلات ؛ متعلّق بہ چشم ؛ بصریات سے متعلّق ؛ ماہرِ بصریات یا بَصری آلات کا کاروبار کرنے والا ۔

optically, adv.
بصری طور سے ۔

optical art, n.
دیکھیے : Op art ۔

optical fiber, n.
بصری ریشہ ۔

optical illusion, n.
فریبِ نظر ؛ مناظری فریب ؛ بصری التباس ؛ بینائی کو پیش کیا جانے والا مغالطہ آمیز یا گُمراہ کُن عکس یا بصری تأثُر ؛ باطل تأثُر پیش کر کے نظروں کو دھوکا دینے والی چیز ۔

optically active, a.
مناظری عامِل ؛ تقطیبِ نُور کی سطح کو گردش دینے کی قوّت سے مُتصف ۔

optically inactive, a.
ایسے مرکبّات سے متعلّق جو مستوی مقطّب روشنی میں بصری طور پر بے تاثیر ہوں ۔

optical rotation, n.
(طبیعی کیمیا) مناظری گردش ؛ بعض مادّوں میں پائی جانے والی وہ قوّت جو روشنی کے اہتزاز کو قوس کے ذریعے مادّے کی فطری حد تک گردش دیتی ہے ۔

optical scanner, n.
بصری خاکہ نگار ؛ کمپیوٹر کا آلہ جو حروف کوایسے اشاروں میں تبدیل کرتا ہے جنھیں کمپیوٹر قبول کرلے ۔

optic axis, n.
مناظری محور ؛ محورِ مناظر ؛ کسی ذوانعطافی بلّور میں وہ خط یا سمَت جس کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک کوئی شعاعِ نُور دوہرے انعطاف سے نہ گزرے ۔

optician, n.
عینک ساز ؛ عینک فروش ؛ آلاتِ مناظر ساز ؛ معالج امراضِ چشم کے نسخوں کے مطابق نقائص بینائی دُور کرنے کے لیے عینکیں بنانے اور بیچنے والا شخص ۔

optic nerve, n.
(تشریحُ الاعضا) عصبِ بصری ؛ بینائی کے دونوں دماغی اعصاب میں سے ایک ۔

optics, n.
(جمع لیکن ترکیب میں واحد) بصریات ؛ مناظریات ؛ عِلمِ مناظر ؛ طبیعی سائنس کی وہ شاخ جو بینائی ، روشنی کے خواص و مظاہر اور اس کے ماخذ و اثرات اور ذریعۂ بصارت کے طور پر اس کے کردار سے بحث کرتی ہے ۔

optic thalamus, n.
دیکھیے : thalamus ۔

optimal, a.
دیکھیے : Optimum ۔

optimism, n.
رجائیت ؛ رجائیت پسندی ؛ اُمّید پروری ؛ نیک انجامی ؛ اُمّید پرستی ؛ خوش اُمیدی ؛ کسی واقعے یا صُورتِ حال کے خوش آئند پہلو پر زور دینے کا رُجحان ۔ (فلسفہ) یہ ایقان کہ دُنیا حسین ہے اور عُمدگی سے خوش انجامی کی طرف بڑھ رہی ہے ۔

optimist, n.
رجائیت پسند ؛ رجائی ؛ مُعتقدِ رجائیت ؛

پُراُمید ؛ خوش اُمید ؛ اُمید پرست ۔

optimistic, a. رجائیت پسندانہ ؛ اُمِید پرستانہ ۔

optimistically, adv. رجائیت پسندی سے ؛ خوش اُمِیدی سے ؛ رجائی طور سے ۔

optimize, v.i. رجائیتْ پسند خیالات رکھنا یا ان کا اظہار کرنا ۔ (فعل متعدّی) کسی چیز کا بہترین استعمال کرنا ؛ کسی چیز کو اس طرح بنانا یا ترتیب دینا کہ وہ حد درجہ تفاعلی یا مؤثر ہو جائے ۔ (کمپیوٹر ٹیکنالوجی) کسی پروگرام کو اس طرح معین کرنا کہ وہ کمپیوٹر کے عمل میں زیادہ سے زیادہ کارکردگی حاصل کرنے کے لیے از خود اپنی تطبیق کرلے ؛ اس مقصد کے لیے کسی پروگرام پر نظرِ ثانی کرنا ۔

optimization, n. بیش کارکردگی ؛ استحسان پسندی ۔

optimum, n. بہترین ؛ مناسب ترین موقع ؛ مستحسن ؛ صحیح ؛ مقصد کے لیے بہترین یا سب سے زیادہ موافق نقطہ ،درجہ یا مقدار ، جیسے کسی نامیاتی جسم کی افزایش یا بازآوری کے لیے حرارت ، روشنی یا نمی ؛ بہترین مُمکنہ نتیجہ یا اعلیٰ ترین درجہ جو مقرّرہ حالات میں حاصل کیا جاسکے ۔ (صفت) انتہائی سازگار ؛ سب سے اچھا ؛ سب سے پسندیدہ (جیسے : optimum circumstances) ۔

option, n. اختیار ؛ حقِ انتخاب ؛ پسند ؛ اختیار تمیزی ؛ قُوّتِ اِنتخاب ؛ چھانٹی یا چُنی ہوئی چیز ؛ انتخاب کرنے کا عمل ؛ کسی خریدار کا طے شدہ مُدّت کے دوران مقرّرہ شرائط پر کسی چیز کو خریدنے یا بیچنے کا فیصلہ کرنے کاحاصل کردہ استحقاق ؛آئندہ تاریخوں میں کسی چیز کو خریدنے کی قُوّت ؛ بیمہ پالیسی کے استفادہ کُنندہ یا بیمہ شُدہ شخص کا یہ حق کہ وہ ان وقفوں اور رقم کا تعیُّن کرے جن میں فوائد ادا کیے جائیں ۔

optional, a. اختیاری ؛ اِنتخابی ؛ کسی کی پسند یا ترجیح پر موقوف ؛ حسبِ مرضی ؛ پسند کا ؛ پسند کے اوپر ؛ مرضی پر ۔

optionally, adv. اپنی مرضی پر ؛ مرضی کے مطابق ۔

optometrist, n. ماہرِ بصارت پیمائی ؛ وہ شخص جو بصارت پیمائی کا ماہر ہو ۔

optometry, n. بصارت پیمائی ؛ بصری قوتوں کی پیمایش و معائنہ ؛ بصری نقائص کو عدسوں کی مدد سے دور کرنے کے لیے مناسب آلات کے ذریعے آنکھوں کے معائنے کا عمل یا فن ۔

optometric, optometrical, a. بصارت پیمائی سے متعلّق ؛ بصارت پیمایانہ ۔

opulent, a. متموّل ؛ ثروت مند ؛ بہت امیر ؛ رئیس ؛ جسے دولت یا قُوّت ودیعت کی گئی ہو ؛ دولت پیدا کرنے والا (ذریعہ) ؛ کثرت سے یا وافر طور سے مہیّا کردہ ؛ دھن دولت والا ؛ دولت مند ۔

opulently, adv. کثرت سے/وافر طور سے ۔

opulence, n. کثرت ؛ امارت ؛ فراوانی ؛ دولت مندی ؛ تموُّل ۔

opuntia, prickly pear, n. [یونانی شہر اوپس کے نام پر] (نباتیات) خاردار ناشپاتی ؛ خار پھنی کی متعدّد انواع میں سے کوئی ، جن کی خصوصیّت چپٹی سے لے کر کرہ نما خاردار شاخیں ، زرد سے لے کر سُرخ رنگ خوبصورت پھُول اور ناشپاتی نُما خُوردنی پھل ہیں ۔

opus, n. فن پارہ ؛ کوئی ادبی تخلیق ؛ موسیقی کی کوئی دُھن یا کسی موسیقار کی دُھنوں کا مجموعہ جس میں دُھنوں کو، اشاعت کے مطابق تاریخ وار نمبر دیئے گئے ہوں ۔ (بول چال) ٹی وی یا ریڈیو کا کوئی ڈراما ؛ کوئی متحرّک فلم ۔ مخفّف : op ۔

opuscule, n. کوئی مختصر سا کارنامہ ؛ کوئی چھوٹی یا ناقابلِ ذکر تخلیق ؛ مختصر ضخامت کی کوئی ادبی یا نغماتی تصنیف ۔

opuscular, a. معمولی نغمہ/دُھن/ ادبی تخلیق سے متعلق ۔

or, conj. یا ؛ نہیں تو ؛ ورنہ ؛ لفظوں ، فقروں یا متبادل پیش کرنے والے جملوں کو ملانے کے لیے استعمال کیا جانے والا حرف (جیسے : this road or that) ؛ متبادل یا مساوی اصطلاحات کو ملانے کے لیے استعمال ہونے والا حرف (جیسے : the Hawaiian or Sandwich Islands) ؛ ہم رشتگی میں اکثر استعمال کیا جانے والا لفظ (جیسے : either .... or, or .....or, and whether......or میں) ؛ ابھی ابھی کہی ہوئی بات کی وضاحت یا تصحیح کے لیے استعمال کیا جانے والا لفظ (جیسے : The previous report, or rather, rumor, was false) ۔

or, prep., conj. (قدیم) سے قبل ؛ سے پہلے ؛ اس سے پیشتر کہ ؛ سے پہلے یا سے بہتر ۔

or, n. (نقابت) سونے کی دھات یا سونے کا رنگ ؛ زرد ، جب سونے کی نمائندگی کے لیے استعمال کیا جائے ۔ (صفت) سونے کی دھات یا رنگ کا ؛ سنہری ۔

orach, orache, n. (نباتیات) پالک کوبی ؛ خرفہ سلسلے کا ایک گلستانی پودا جو پالک سے مشابہ ہوتا ہے اور ترکاری کے طور پر اُگایا جاتا ہے ۔

oracle, n. سروشِ غیبی ؛ کہانت ؛ غیبی آواز ؛ دارالاستخارہ ؛ جوابِ اِستخارہ ؛ ہاتف ؛ ہاتف کا قول ؛ رہنمائی کی اہلیت رکھنے والا ؛ رہنما ؛ ایسا مقام جس کے بارے میں (اکثر مبہم اصطلاحات میں) پوشیدہ علم ظاہر کیے جانے کا یقین ہو ، خاص طور پر اڈلفی ، قدیم یونان میں واقع اپالو کی یادگار ؛ وہ ذریعہ جس سے الہام ہو یا جو کچھ الہام کی شکل میں حاصل ہو ؛ انسان کی رہنمائی کے لیے الہام یا غیبی آواز یا ایسی رہنمائی کرنے والا ؛ ایسا شخص جس کے فیصلے وزن رکھتے ہوں ۔ (بائبل) ہیکلِ سلیمانی کا اندرونی حصہ ؛ نبیوں کی دانش ؛ دیوبانی ۔

oracular, a. غیبی یا اِلہامی ؛ ہاتف کا سا ؛ مدعئِ الہام ۔

oracularity, n. غیبی رہنمائی ؛ اِلہام وغیرہ ۔

oracularly, adv. اِلہامی طور سے ؛ مبہم طور پر ۔

oral, a. زبانی ؛ تقریری ؛ دہنی ؛ مُنھ کا یا مُنھ سے متعلّق (جیسے : the oral cavity) ؛ مُنھ سے لی ، پی یا کھائی جانے والی (جیسے : an oral contraceptive) ؛ مُنھ سے ادا کیا ہوا یا بولا ہوا (جیسے : oral testimony) ؛ گفتار سے کام لینے والے ، جیسے اساتذہ یا طریقِ تدریس ۔ (حیوانیات) اَخطَبوط کی اس سطح یا حلقے کی طرف اشارہ ، جہاں مُنھ واقع ہو ۔ (صوتیات) جو ناک کی گونج کے بغیر فقط منھ سے ادا ہو ؛ غیر مغنونہ ۔ (تحلیل نفسی) نفسی جنسی افزایش کے ابتدائی مرحلے سے متعلق جس کے دوران چوسنے اور کاٹنے کی دہنی تسکین ابھی جنسی تسکین سے غیر ممیّز ہوتی ہے ؛ آدمی کے ابتدائی شہوانی تجربات کی نوعیت کو منعکس کرنے والے شخصیت کے نُقُوش یا امتیازی اوصاف سے متعلق (جیسے : -oral aggressive

ness)۔

orally, adv. زبانی طور پر ؛ منھ کے راستے سے ؛ برزبان ؛ تقریری طور پر۔

orange, n. سنگترہ ؛ نارنگی ؛ سنترا ؛ نارنجی رنگ ؛ گرم ممالک میں کاشت ہونے والے سدا بہار سفیدپھولوں والے سدابہی درخت ، ترُنج یا ترشاوہ جنس (Citrus) کے سرخی مائل زرد کرہ نما خوردنی پھل ؛ بذاتِ خود درخت جو متعدّد اقسام میں پایا جاتا ہے ، مثلاً عام میٹھا سنگترا اور ترش سنترا یا ہسپانوی سنترا ؛ ترشاوہ جنس کے متعدد دیگر درختوں میں سے کوئی ، جیسے سہ برگہ سنترا جو پالے سے محفوظ جاپانی نوع ہے اور امریکا میں وسیع پیمانے پر باڑ لگانے کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ؛ ایسے درختوں کا پھل ؛ Maclura pomiferum قبیل کا ایک توتی درخت : اوسیج اورنج یا اس کا پھل ؛ سرخی مائل زرد رنگ ؛ سنترے سے بنا ہوا یا اس کا ذائقہ رکھنے والا کھانا یا مشروب ؛ کِنو ، فروٹر ، موسمبی ، مالٹا وغیرہ کی کئی دیگر اقسام۔

orangeade, n. سنترے کے رس کا مشروب ؛ سنترے کے رس اور میٹھے کیے ہوئے پانی سے بنا ہوا مشروب جو اکثر گیس ملا ہوتا ہے ؛ سنترے کا افشردہ۔

orange hawkweed, devil's paintbrush, n. نارنگی گھاس ؛ نارنجی ایسے شعلہ رنگ پھولوں والا مخلوط خاندان کا گیاہی پودا جو امریکا میں گلستانی پودے کے طور پر متعارف ہوا تھا لیکن اب مقامی ہو چکا ہے۔

Orangeism, n. آئرش پروٹسٹنٹ بالادستی کا اصول جس پر شمالی آئرلینڈ کے پروٹسٹنٹ کار بند ہیں۔

orangeist, n. آئرش پروٹسٹنٹ بالادستی کے اُصول پر کاربند شخص ؛ اس اصول کا حامی۔

Orangeman, n. [انگلستان کے بادشاہ ولیم سوم سے منسوب جو پرنس آف اورنج بھی تھا ۔ اورنج اب فرانس کا ایک مقام ہے] پروٹسٹنٹ بالادستی برقرار رکھنے کے لیے آئرلینڈ میں ۱۷۹۵ء میں بنائی گئی خفیہ تنظیم کا ایک رکن ؛ پروٹسٹنٹ مسلک پر کاربند شمالی آئرلینڈ کا باشندہ۔

orange pekoe, n. نارنجی چائے ؛ پودے کی بالائی چھوٹی پتیوں سے بنی ہوئی سیاہ چائے ؛ ہندوستان یا سری لنکا کی اعلیٰ معیار کی چائے ؛ اورنج پیکو۔

orangery, n. نارنجستان ؛ وہ محفوظ باغ یا پود گھر جہاں نارنگیاں/سنترے اُگائے جاتے ہوں ؛ سنگتروں کا باغ ؛ کنو کا باغ۔

orangewood, n. چوبِ نارنج ؛ ترشاوہ جنس (Citrus) سے متعلق سنترے کے درختوں کی سخت لکڑی جو خاص طور پر کندہ کاری اور خراد کاری میں استعمال کی جاتی ہے۔

orangutan, orangoutan, orang, orangutang, orangoutang, n. ارونگ اوتان ؛ نسناس ؛ انسان نماہندر ؛ انسان الغاب ؛ سماٹرا اور بورنیو میں پائے جانے والے افریقی بن مانس کی جنس پونگو (Pongo) سے متعلق شجری انسان نماہوزنہ ، جس کی خصوصیات جسم کی نسبت سے از حد لمبے بازو ، منگولی حُلیہ اور خاکی مائل سرخ بال ہوتے ہیں۔

orate, v.t., v.i. تقریر کرنا ؛ کلام کرنا یا خطبہ دینا ؛ نمود یا دکھاوے کے لیے پُر تکلّف انداز میں بولنا ؛ جوشیلی تقریر کرنا یا خطبہ دینا ؛ تقریر چھانٹنا ؛ دادِ خطابت دینا۔

oration, n. تقریر ، خطبہ یا کلام ؛ محتاط طور سے تیّار اور ادا کیا جانے والا پر تکلّف خطبہ جو کسی خاص موقع کے لیے ہو ؛ ایسی تقریر جو اسلوب و ادائیگی میں پُرتکلّف ہو۔

orator, n. خطیب ؛ مقرّر فصیح ؛ عوامی اجتماعات میں بولنے والا ؛ تقریر یا کلام کرنے والا ؛ خطبہ دینے والا ؛ کوئی فصیح البیان شخص ؛ خوش بیان مُقرّر۔

oratorical, a. خطیبانہ یا مقّررانہ۔

oratorically, adv. خطیبانہ انداز سے۔

oratorio, n. بھجن ؛ مذہبی اوپیرا ؛ خاصیت میں کم و بیش ڈرامائی متن رکھنے والی طویل نغمہ گری ، جو عام طور پر مذہبی موضوع پر مبنی ہو اور انفرادی آوازوں ، طائفے یا سازندوں کی منڈلی کے ذریعے ، اداکاری ، خصوصی ملبوسات یا مناظر کے بغیر پیش کی جائے۔

oratory, n. فنِ تقریر ؛ لفّاظی ؛ خطابت ؛ خطیب یا مقرّر کا فن ؛ عوامی اجتماع میں بولنے کا فن ؛ سخن آرائی ؛ فصاحت کا استعمال ؛ خوش بیانی یا خوش گفتاری ؛ رنگین بیانی۔

oratory, n. [عبادت کی جگہ] شخصی عبادت گاہ ؛ ایسا مقام جہاں دُعا کی جاتی ہو ؛ نجی عبادت کے لیے چھوٹا ملحقہ گرجا یا کمرہ ۔ (بڑے O سے) رومی کیتھولک کلیسا کی متعدّد مذہبی تنظیموں میں سے کوئی ، جو ایسے بے ضابطہ پادریوں پر مشتمل ہو جو حلف کے ذریعے پابند نہ ہو چکے ہوں ؛ ایسی تنظیم کا مکان یا دفتر/عمارت۔

orb, n. گولا ؛ کُرہ ؛ حلقہ ؛ دائرہ ؛ جِرمِ فلکی /سماوی ؛ مدار سیّارہ ؛ دیدہ ؛ کوئی سیّارہ یا مدّور شے ؛ اقتدارِ اعلیٰ کا نشان جس کے اظہار کے لیے کُرّۂ ارضی کے نمونے پر صلیب جڑی ہوتی ہے ۔ (زیادہ تر شاعرانہ) اجرامِ سماوی میں سے کوئی ؛ آنکھ کا ڈھیلا یا آنکھ ۔ (نجوم) وہ حدود جن میں کوئی سیارہ یا ستارہ اثر انداز ہو ۔ (قدیم) دائرہ یا مُدوّر چیز ۔ (فعل متعدّی) دائرے یا کرّے کی صورت میں تشکیل دینا ۔ (قدیم) گھیرا ڈال دینا ۔ (فعل لازم) مدار میں حرکت کرنا ؛ دائرے یا کُرے کی شکل اختیار کرنا۔

orbicular, orbiculate, a. مدوّر ؛ کامل ؛ مستدیر ؛ کُرّہ نُما ؛ دائروی ؛ حلقہ نما ؛ کروی ؛ مکمّل بالذات ۔ (نباتیات) دائروی یا قُرص نما ، جیسے کنول کے پتّے۔

orbicularity, n. گولائی ؛ تدویر۔

orbicularly, adv. دائرے کے طور پر ؛ چکر کاٹتے ہوئے۔

orbit, n. مدار ؛ مَسِیر ؛ وہ منحنی خط جو کوئی سیّارہ اپنے مرکزی جسم کے گرد اپنی دَوری گردش کے دوران بناتا ہے ؛ سرگرمی کا حلقہ یا دائرہ کار ؛ سرگرمی کا رواجی علاقہ ۔ (طبیعیات) وہ فرضی راستہ جو کوئی برقیہ (الیکٹرون) کسی ایٹمی مرکزے کے گرد گھومتے ہوئے بناتا ہے ۔ (تشریح الاعضا) استخوانی جوف جس میں آنکھ واقع ہے ؛ حلقۂ چشم ؛ کاسۂ چشم ۔ (طیوریات) وہ کھال جو کسی پرندے کی آنکھ کو حلقہ کیے ہو ۔ (فعل متعدّی) کسی محوری راستے میں ڈال دینا ، جیسے کوئی مصنوعی سیّارہ ؛ گرداگرد گھومنا جیسے سیّارہ یا مصنوعی سیّارہ کا ۔ (فعل لازم) دائروں میں سفر یا حرکت کرنا۔

orbital, orbitary, a. مداری ؛ محوری ؛ مَسیری۔

orbiter, n. مدار پر گھومنے والا۔

orc, n. گاؤماہی ؛ دودھ پلانے والے متعدد سمندری

جانوروں میں سے کوئی ، جیسے گاؤماہی یا قاتل وھیل ؛ کوئی غضب ناک سمندری بلا ۔

orchard, n. نخلستان ؛ پَھلواڑی ؛ باغ میوہ ؛ پھلوں کا باغ ؛ بوستان ؛ ثمرستان ؛ میوہ زار ؛ پھلوں کے درخت ؛ پھل دار درختوں کی افزایش کے لیے وقف ایسا قطعۂ زمین جو اکثر کسی سکونت گاہ سے قریب ہو اور جس کے اطراف عموماً باڑ لگی ہوئی ہو ؛ ایسے احاطے میں اُگنے والے میوہ دار درخت ۔

orchardist, orchardman, n. باغبان ؛ ثمر پرور ؛ پھلوں کے باغ کی نشوونما کرنے والا ۔

orchestra, آرکسٹرا ؛ سازندوں کا طائفہ ؛ ساز سنگیت ؛ سُرُودگاہ ؛ طائفے والے سازوں کا نغمہ ؛ نغمہ ساز ؛ سازینہ سنگت سنگیت ، مثلاً ترانے ، غنائی تمثیلیں اور دوسرے نغمے پیش کرنے کے لیے متعدّد آلاتِ موسیقی ، خاص کر سارنگی کی طرح کے سیمی ساز ، ہوا باجے ، پیتل کے ساز اور ضربی ساز بجانے والی سازندوں کی منڈلی ؛ قدیم یونانی تھیٹر میں سنگت کے لیے مخصوص ، اسٹیج کے سامنے کی مدوّر جگہ ؛ رومی تھیٹر میں نمایاں افراد کے لیے مخصوص ایسی ہی جگہ ؛ جدید تھیٹر میں سازندوں کے لیے مخصوص جگہ ، جو عموماً بڑے ایوان کا سامنے والا حصّہ ہوتا ہے ؛ سرودگاہ ؛ روشن چوکی ؛ پہلے ایوان کی وہ تمام جگہ جہاں تماشائی بیٹھتے ہیں ؛ اس ایوان میں سازندوں کی مخصوص‌جگہ ۔ نیز : orchestrapit ۔

orchestral, a. آرکسٹرائی ؛ سازینے سے متعلق ؛ سازندوں کے طائفے کا ؛ مطربانہ ؛ آرکسٹرا کا/سے متعلّق یا آرکسٹرا کی طرف اشارہ کرتا ہوا ؛ آرکسٹرا کے لیے مرتّب کیا ہوا یا آرکسٹرا کے ذریعے پیش ہونے والا ۔

orchestrally, adv. آرکسٹرایا سازینے کے طور پر ؛ سازوں کے ذریعے ۔

orchestrate, v.t. آرکسٹرا یا سازینہ مرتب کرنا ؛ سازوں پر پیش کرنے کے لیے بنانا یا مرتّب کرنا ، جیسے موسیقی ؛ نغمۂ ساز ترتیب دینا ۔

orchestration, n. سازینہ کاری ؛ موسیقی مرتّب کرنے کا عمل ، فن یا حاصل ۔

orchestrator, orchestrater, n. موسیقار ؛ سازندہ ؛ سازینہ کار ۔

orchid, n. ثعلب مصری ؛ سحلب ؛ سحلبیہ (Orchidaceae) خاندان سے متعلّق کئی معتدل غیر استوائی ، خواہ برّی ہوں یا برنباتی ؛ پودورمیں‌سے کوئی؛ جن کی خاصیت تیز رنگ بے ڈھنگے پھول ہوتے ہیں ؛ سحلب خاندان سے تعلّق رکھنے والا پودا ؛ مدّھم نیلگوں سرخ سے مدھم گلابی رنگ ۔ (عموماً جمع ، مجازاً) عمدہ کیے ہوئے کام کی تعریف ۔ (صفت) مدھم نیلگوں سرخ رنگ سے مدھم گلابی رنگ تک ۔

orchidaceous, a. ثعلبی ؛ سحلبی ۔

orchis, n. جنس سحلب ؛ کُھلے خوشوں کی شکل میں سرخ گلابی پھولوں والے جنس سحلب (Orchis) سے متعلّق متعدّد برّی شمالی معتدل پودوں میں سے کوئی ، جو دلدلی زمینوں میں اُگتے ہیں ؛ دیگر سحلبیوں کا عام نام ۔

ordain, v.t., v.i. (کلیسیات) مذہبی امامت کے فرائض سونپنا ؛ مقدّس مناصب عطا کرنا ؛ حُکم جاری کرنا ، جیسے کوئی فرمان حکم دینا ؛ مقسوم بنانا یا مقسوم کر دینا ؛ خدا یا قسمت کے بارے میں کہا جاتا ہے ؛ قائم کرنا ؛ مقرّر کرنا ؛ مقدّر کرنا ؛ حُکم نافذ کرنا ؛ فرمانا ؛ فرمان جاری کرنا ؛ نیت کرنا ؛ حُکم جاری کرنا ۔

ordainer, n. حُکم دینے والا ؛ فرمان جاری کرنے والا ؛ پادری بنانے والا ؛ مقدّر کرنے والا ۔

ordainment, n. نفاذِ حُکم ؛ اجرائے فرمان ۔

ordeal, n. ابتلا ؛ آزمایش ؛ مباہلہ ؛ جسمانی اذیّت دے کر جھوٹ سچ کا امتحان ؛ کوئی کڑی آزمایش ؛ سخت امتحان یا صبر آزما تجربہ ؛ ملزم کو سخت جسمانی خطرے سے دوچار کرکے گناہ گاری یا بے گناہی کا تعیُّن کرنے کے لیے ایک قدیم طریق آزمایش ، جس میں گزند سے بچ جانے کو بے گناہی کا ثبوت سمجھا جاتا تھا ؛ آزمایشی اذیّت ؛ سخت امتحان ؛ صبر آزما مصیبت ؛ سخت آزمایش کا موقع ؛ کٹھن گھڑی ؛ کٹھن امتحان ۔

order, n. درجہ ؛ رتبہ ؛ ترتیب ؛ نظام ؛ فرمایش ؛ بنڈی ؛ حُکم ؛ فیصلہ ؛ مرتبہ ؛ صنف ؛ قبیلہ ؛ طبقہ؛ فصیلہ ؛ خاموشی؛ سکوت ؛ ایسی حالت یا کیفیت جس کی خصوصیت ہم آہنگی یا باقاعدہ بندوبست ہو ؛ اشیا کی باقاعدہ یا مناسب ترتیب ؛ قائم شدہ اختیار کی سماجی کیفیت اور قانون کی پابندی ؛ مناسب طور سے رُوبہ عمل حالت یا کیفیّت ؛ رواجی انداز ؛ طریقِ کار یا مسلّمہ استعمال ؛ ریت ؛ رواج ؛ رسم ؛ چلن ؛ خاص طور پر مباحثوں ، قانون ساز اداروں یا عوامی اجتماعات کا مقرّرہ انتظام و انصرام ؛ معاشرے کا کوئی رُتبہ ، درجہ یا طبقہ ؛ کوئی تحکمانہ ہدایت ، حُکم یا فرمان ؛ فوجی حُکم ؛ کوئی چیز بنانے یا مہیّا کرنے کی ہدایت یا امر ؛ پیش کردہ شے ؛ ایک ادارہ یا تنظیم جیسے مذہبی ، اخلاقی یا سماجی قوانین کے تحت باہمی رضا مندی سے رہنے والے افراد کا ؛ یکساں پیشے یا مشاغل والے افراد کی جماعت ، سلسلہ یا طبقہ (جیسے : a clerical order) ؛ اشخاص یا اشیا کا کوئی درجہ ، قسم یا نوع جو کسی تناسب میں خاص حیثیت رکھتے ہوں یا فطرت یا کردار میں اوروں سے ممتاز ہوں (جیسے : talents of high order) ؛ رہبانی تنظیم یا برادری : تاریخی طور پر ، بیک وقت عسکری و رہبانی کردار رکھنے والے مبارزوں کی تنظیم یا برادری (جیسے : Teutonic order) ؛ ایسا ادارہ جس کا مقصد قابلِ قدر خدمت‌کی بناء پر اعزاز عطا کرنا ہو (جیسے : .The Order of the Golden Fleece) ؛ ایسے ادارے کا بِلّا یا نشان ۔ (فنِ تعمیر) ایسا ستون جو کسی تعمیراتی طرز کا خاص عنصر سمجھا جائے ؛ کلاسیکی فنِ تعمیر کا کوئی مخصوص انداز یا طرز ، جیسے ڈورک ، آئیونک ؛ کورنتھیَن ، ٹسکن اور کمپوزٹ ۔ (قانون) عدالت یا منصف کی تحریری یا تحریر میں شامل ہدایت جو فیصلے کا حصّہ نہ ہو ۔ (حیاتیات) ایسی تجنیسی قسم جو صنف سے کم تر لیکن‌خاندان سے برتر ہو ۔ (کلیسیات) عبادت اجتماعیہ یا کوئی تقریب و رسم منانے کا مقرّرہ ضابطہ ؛ پادری کے منصب کے درجوں یا رتبوں میں سے کوئی ۔ (عموماً جمع) منصب یافتہ مسیحی پادری کا عہدہ یا رتبہ ؛ پادری بنانے کی رسم یا تقریب ۔ (ریاضی) الجبرے میں پیچیدگی کی ایک قُوّت ۔ (عسکری) رائفل کو اس طرح پکڑنا کہ اس کا کندا زمین پر ہو اور نال دائیں پہلو کے مقابل عمودی ہو ۔ (الٰہیات) فرشتوں کے مناجاتی طائفے کے نو مرتبوں میں سے کوئی ۔

in order to, کی غرض سے ؛ کے ذریعے کے طور پر ؛ کے خیال سے ؛ تاکہ ؛ اس واسطے ؛ لیے ؛ بنظر ؛ بمراد ۔

order, v.t. کسی بات کا حُکم دینا ؛ (مال کی) فرمایش بھیجنا ؛ ترتیب سے رکھنا ؛ سلیقے یا قرینے سے لگانا ؛ قاعدے سے ترتیب دینا یا کسی خاص سلسلے میں ترتیب دینا ؛ ٹھیک کرنا ؛ بندوبست کرنا یا انتظام کرنا (جیسے : I had to order my travels methodically) ؛ پادری بنانا ؛ چاہنا یا مقسوم کرنا ؛ حُکم کرنا ؛ (کرنے کے لیے) ہدایت یا فرمان جاری کرنا ؛ (طریقہ) مقرر کرنا ؛ بنانے ، مہیّا یا پیش کرنے کی ہدایت کرنا ۔ (کلیسیات) پادری کا رتبہ یا اختیار عطا کرنا ؛ احکام یا ہدایات جاری کرنا یا فرمان جاری کرنا ؛ کوئی حُکم یا پروانگی دینا ۔

order arms, رائفل کو دائیں پہلو کے ساتھ زمین پر رکھنا ۔

orderer, n. حُکم دینے والا ۔

ordered, a. مُرتّب ؛ باقاعدہ نظام یا خوش کُن ترتیب رکھنے والا ؛ جس کے عناصر یا مقادیر ایک خاص ترتیب میں ہوں ۔

ordered pair, n. (ریاضی) مُرتّب جفت ؛ دو اعداد یا مقادیر کا اس طرح لکھا یا رکھا ہونا کہ یہ ظاہر ہو کہ دونوں میں ایک پہلا ہے یا اُس پر دوسرے سے پہلے غور یا عمل کرنا ہے ۔

orderly, a. ترتیب وار ؛ قرینے سے لگا ہوا ؛ باترتیب ؛ باضابطہ ؛ پُرامن ؛ احکام یا محکموں کا ؛ ترتیب سے رکھا ہوا یا انجام دیا ہوا ؛ باقاعدہ ترتیب یا بندوبست کی خصوصیت والا ؛ نظم ، اُصول یا سلیقے پر کاربند یا ظاہر کرنے والا ، جیسے افراد یا ذہن ؛ قاعدے یا نظم و ضبط پر کاربند یا ان اوصاف والا ؛ جو بے لگام اور بے ہنگم نہ ہو ؛ درست ؛ آراستہ ؛ ٹھیک ؛ باقرینہ ؛ تربیت یافتہ ؛ شایستہ ؛ باسلیقہ ؛ متعیّن ۔ (عسکری) حُکم احکام سے متعلق یا حُکم پہنچانے یا بجالانے پر مامور ۔ (متعلق فعل) باقاعدہ ترتیب میں ؛ مناسب بندوبست کے ساتھ ؛ باطریقہ ؛ مسلّمہ قانون یا ضابطے کے مطابق ۔

orderliness, n. باترتیبی ؛ باضابطگی ۔

orderly, n. اردلی ؛ چپراسی ؛ اسپتال کا ملازم ؛ فوجی سپاہی یا بے کمیشنی افسر جو ادنیٰ کام سرانجام دینے کے علاوہ اعلیٰ افسر کے لیے احکام و پیغام لاتا ہے ؛ اسپتال میں غیر طبّی خدمات انجام دینے والا خادم

ordinal, a. ترتیبی یا توصیفی ؛ ترتیب یا سلسلہ ظاہر کرنے والا (جیسے : The ordinal numbers first, second, third) ۔ (حیاتیات) کسی سلسلے سے متعلق ۔ (اسم) ترتیب یا درجہ ظاہر کرنے والا عدد ، جیسے دوسرا ، دسواں ؛ عدد ترتیبی ۔ نیز : ordinal number ۔ (کلیسیات) کتاب جس میں پادری بنانے کی عبادت درج ہو ۔

ordinance, n. آرڈی ننس ؛ ضابطہ ؛ فرمان ؛ رسمِ مذہبی ؛ صاحبِ اختیار کی طرف سے قائم کردہ قانون ، حُکم یا فرمان ؛ میونسپل گورنمنٹ کی طرف سے مقامی اطلاق کے لیے وضع کردہ قانون یا دفعہ ۔ (کلیسیات) مُسلّم رسم یاتقریب ؛ فرمان الٰہی یا فیصلۂ تقدیر ؛ شرع ۔

ordinand, n. (کلیسیات) وہ شخص جسے مُقدّس احکام ملنے والے ہوں ۔

ordinarily, adv. عام طور پر ؛ بالعموم ؛ عموماً ؛ معمولاً ؛ رواجی یا معمول کے طریقے سے ؛ عام صورتوں میں ؛ معمول کے طور پر ؛ معمولی درجے میں یا معمول کی حد تک ۔

ordinary, a. معمولی ؛ عام ؛ رسمی ؛ رواجی ؛ حسبِ معمول یا معین ؛ عام طرح کا ؛ جو دوسروں سے کسی اہم بات میں ممتاز نہ ہو ؛ اکثر ، معیار کے اوسط درجے سے کسی حد تک کمتر یا پست ؛ اس اختیار سے متعلق جو نیابتی کے بجائے فوری ہو ؛ مروجہ ؛ مقررہ ؛ پیش پا افتادہ ؛ سادہ ؛ گھٹیا ؛ ادنیٰ ؛ روزمرہ کا ۔ (اسم) ایسی چیز جو رواجی ، باقاعدہ یا معمول کے مطابق ہو ؛ عمومی کیفیت یا درجہ (جیسے : out of the ordinary) ۔ (کلیسیات) اجتماعی عبادت کا ضابطہ یا طریقہ ، خاص کر عشائے ربّانی کی عبادت ؛ کلیسائی قانون کے بغیر عشائے ربانی کی عبادت ؛ عام یا راست دائرۂ اختیار رکھنے والا ، جیسے اپنے حلقے میں پادری ۔ (تاریخ) پہلے زمانے میں سزائے موت پانے والے قیدیوں کو سفرِ آخرت کی تیاری کروانے پرمامور پادری ؛ بعض امریکی ریاستوں میں عدالتِ وصایا کا منصف ؛ ابتدائی قسم کی اونچی بائیسکل ، جس کا ایک پہیّہ بڑا اور دوسرا چھوٹا ہوتا تھا ۔ (برطانوی) طعام خانے یا سرائے میں مقرّرہ قیمت پر پیش کیا جانے والا ایک باقاعدہ کھانا ؛ وہ جگہ جہاں ایسے کھانے پیش کیے جاتے ہوں ۔

ordinariness, n. عمومیت ۔

ordinate, a. معیّن ؛ معیّنہ ؛ باقاعدہ ؛ باضابطہ ۔ (اسم) (ریاضی) کارٹیزی محدّد نظام میں کسی نُقطے کا محدد ، جو ما محور کے متوازی کسی خط پر ناپنے کی صورت میں لامحور سے محدد کے فاصلے کے مساوی ہو ۔

ordination, n. (کلیسیات) نفاذِ فرمان ؛ پادری بنانے کا عمل ؛ عطائے منصب یا منصب کی وصولیابی ؛ طے کرنے ، مرتب کرنے یا قائم کرنے کا عمل ؛ ترتیب ؛ درجہ بندی ۔

ordnance, n. توپ خانہ ؛ سامانِ جنگ ؛ آلاتِ حرب ؛ اسلحہ ؛ توپیں ؛ ہتھیار ، گولہ بارود ، گاڑیاں اور مجموعی طور پر دوسرا فوجی سازو سامان ۔(بعض اوقات بڑے O سے) (عسکری) محکمہ ذخائر جنگی ؛ اسلحہ خانوں اور گوداموں کے علاوہ فوجی سازو سامان کی خریداری ، تیاری ، ذخیرہ کاری ، تقسیم اور ترقّی کا ذمّہ دار شعبہ ؛ اسلحہ ساز ۔

ordonance, n. ترتیبِ راست ؛ وضع ؛ فرمان ؛ اجزا کی ایسی ترتیب یاصف بندی جو خوش کُن یا مؤثر ہو ، جیسے کسی عمارت ، تصویر یا ادبی تحریر کی ؛ حُکم ، دفعہ یا قانون ۔

Ordovician, a. [شمالی ویلز کے قدیم برطانوی قبیلے کے نام پر] (ارضیات) آردوویسی ۔ (ارضیات) کیمبری (cambrian) اور سلووری (Silurian) ادوار کے درمیان پیلوزی (Paleozoic) کے زمانے کا (جو تقریباً پچاس کروڑ سال قبل شروع ہو کر چوالیس کروڑ سال قبل ختم ہوا) یا اس سے متعلق ۔ (اسم) عصرِ آردوویسی (Ordovician) یا جَبلی دور ۔

ordure, n. لِید ؛ براز ؛ گوبر ؛ بول و براز ؛ فُضلہ ۔

ore, n. کچ دھات ؛ کچّی دھات ؛ فلز ؛ تبر ؛ سنگِ فلز ؛ ایسی معدنی چیز یا چٹان جس میں دھات موجود ہو یا خالص دھات ، خصوصاً جب وہ قدری اعتبار سے کانکنی کے قابل ہو ؛ ایسی معدنی یا قدرتی پیداوار جو کسی غیر دھاتی شے مثلاً گندھک کے ماخذ کا کام دے ۔

oread, n. (اساطیری) پہاڑی دیوی ؛ پہاڑیوں اور کوہساروں کی دیویوں کے گروہ میں سے کوئی دیوی ؛ کوہستانی پری ۔

ore dressing, n.
(فلزّیات) کیمیاوی تغیُّر کے بغیر کچ دھات سے دھات کو الگ کرنے کی میکانی تکنیک ، جیسے کُچلنے سے ۔

oregano, wild marjoram, n.
(نباتیات) خاندان نعناع سے متعلّق ایک دائمی بوٹی ، جو پیازی ،گلابی سنبلی پھولوں اور بطورِ مسالا استعمال ہونے والے خوشبودار پتوں کے لیے کاشت کی جاتی ہے ۔

Oregon grape, mahonia, n.
ماہونیا ؛ کرسمس کے موقع پر بکثرت فروخت ہونے والی باربیری خاندان کی ایک سدا بہار جھاڑی [Mahonia aquifolium] ، جو شمالی امریکا کے شمال مغربی حصّے میں پیدا ہوتی ہے ، جس کے پھول زرد ، پتّے گلِ خیرو جیسے اور بیر یا پھل نیلے ہوتے ہیں، یہ ریاست اورگان کا سرکاری پھول بھی ہے ۔

organ, n.
عضو ؛ ترجمان ؛ اَرغنُون ؛ ارغن ؛ آرگن باجا ؛ آلۂ کار۔ (موسیقی) فشردہ ہوا کے ذریعے سُر پیدا کرنے والی نلیوں کے ایک یا زیادہ سلسلوں پر مشتمل ، متعدّد آلات موسیقی میں سے کوئی ، جنھیں ایک یا زیادہ کلیدی تختوں پر مرتّب کلیدوں سے بجایا جاتا ہے ؛ ایسے ساز کی جداگانہ نلیوں کے سلسلوں میں سے ایک ؛ پتی والا ارغنون ، ہارمونیم یا امریکی ارغن ؛ نالی والا دستی ارغنوں ؛ عمل کا ذریعہ ؛ خیالات و آرا کی ترسیل کا ذریعہ یا وسیلہ ، جیسے کسی کمپنی کی اشاعت یا ادارے کا ترجمان ؛ ایسا اخبار جو کسی سیاسی پارٹی کی ترجمانی کرتا ہو۔ (تشریح الاعضا) (حیاتیات) زندہ نامیاتی اجسام کا کوئی حصّہ یا جُزو، جس کا کوئی خاص وظیفہ ہو، جیسے دِل یا پِتّا۔

organ bank, n.
اعضائی ذخیرہ گاہ؛ اعضا بنک ؛ ایسی جگہ جہاں انسانی یا حیوانی اعضا یا نسیجیں اس لیے ذخیرہ کی جاتی ہوں کہ مستقبل میں بطور مبدّل کام آئیں ؛ ایسے اعضا یا نسیجوں کی بہم رسانی ۔

organdy, organdie, n.
آرگنڈی ؛ ملبوسات ، پردوں اور دیگر سادہ اشیا کے لیے استعمال ہونے والی باریک ، نیم شفاف کلف دار ململ ، جو اکثر چھپی یا رنگی ہوئی ہوتی ہے ۔

organelle, n.
(حیاتیات) خلوی عُضو ؛ عضوہ ؛ کسی خلیے کا وہ حصّہ جس کا کوئی خاص عمل ہو۔

organ grinder, n.
سڑکوں پر ''بڑدی گرڈی'' (گھوم باجا) بجانے والا موسیقار ؛ گلیوں میں گھوم پھر کر دستی ارگن بجانے والا ۔

organic, a.
عضوی ؛ نامیاتی ؛ اساسی ؛ ذاتی ؛ خِلقی ؛ مرتّب ؛ منظّم ؛ کسی جانور یا پودے کے اعضا سے متعلّق ؛ کسی عضو کی ساخت کی تبدیلی سے متعلّق ؛ اعضا رکھنے والا ؛ کسی ''کُل'' میں اجزا کے منظم دروبست کی خاصیت رکھنے والا ؛ باقاعدہ ؛ کسی شے کی ساخت سے متعلّق ؛ ترکیبی ۔ (کیمیا) نامی یا نامیاتی ؛ کیمیائی مرکبات کی ایسی صنف سے متعلق جو پہلے صرف پودوں یا جانوروں میں موجود یا ان سے ماخوذ مرکبات پر مشتمل تھی ، لیکن اب ان کے علاوہ کاربن کے دیگر تمام مرکبات پر بھی محیط ہے ۔ (قانون) کسی حکومت کی تنظیم کو متشکل کرنے والے قوانین کی بنیاد سے متعلّق ۔ (زراعت) غیر کیمیاوی مثلاً فُضلے اور گلی سڑی نباتات کی کھاد کے استعمال سے متعلق ۔

organically, adv.
عضویاتی طور سے ؛ نامیاتی طور سے ؛ خِلقی یا بنیادی طور پر۔

organic disease, n.
(امراضیات) مرضِ عُضوی ؛ مرضِ فعلی ؛ عُضوی بیماری ؛ ایسی بیماری جس میں متأثّرہ عُضو کی ساخت میں تبدیلی پیش آتی ہے ؛ تفاعلی بیماری کی ضد ۔

organicism, n.
(حیاتیات) نامیاتی نظریہ ؛ یہ نظریہ کہ عملِ حیات نامیاتی جسم کے اجزا کی بین الارتباطی فعالیت پر منحصر ہے ، نہ کہ علیحدہ انفرادی اعضا پر۔ (امراضیات) یہ نظریہ کہ بیماری کی علامات اور بیماری صرف غیر صحت مند عضو سے پیدا ہوتی ہیں ۔ (عمرانیات) یہ زاویۂ نظر کہ معاشرہ ، ایک دوسرے پر منحصر عناصر کا نظام ہے ۔

organicist, n.
نامیاتی نظریہ کا قائل ؛ اس نظریہ یا زاویۂ نظر پر یقین رکھنے والا ۔

organism, n.
عُضویہ ؛ نامیاتی جسم ؛ جسم نامی ؛ تنظیم ؛ جماعت ؛ باہم یک بہ دگر منحصر اجزا پر مشتمل ، منفرد شکل حیات ؛ نامیہ ؛ حیوانی یا نباتی زندگی کی کوئی شکل ، اکثر چھوٹی ، مبہم یا آسانی سے درجہ بند نہ ہونے والی اشکال کے لیے استعمال ہوتا ہے (جیسے : microscopic organisms) ؛ کوئی منظم جماعت یا نظام جو کسی ذی روح سے مشابہ ہو (جیسے : the social organism) ۔

organismic, a.
عضویاتی ، نامیاتی ۔

organismically, adv.
عضویاتی طور سے ؛ نامیاتی طور پر۔

organist, n.
ارغنون نواز ؛ آرگن بجانے والا ۔

organization, n.
تنظیم ؛ جمعیت ؛ انجمن ؛ عضویت ؛ منظّم کرنے کا فعل یا عمل ؛ منظم ہونے کی کیفیت یا طریقہ ؛ نامیاتی ساخت ؛ وہ چیز جسے منظّم کیا جائے ؛ کوئی حیاتی عضویہ ؛ کوئی منظّم ''کُل'' ، افراد کی ایسی جماعت جو کسی مقصد یا کام کے لیے منظّم ہوئی ہو ؛ اہل کاروں ، محنت کشوں اور کمیٹیوں پر مشتمل کوئی سیاسی جماعت یا ادارہ ۔

organizational, a.
تنظیمی ۔

organizationally, adv.
تنظیمی طور سے ۔

organize, v.t.
ترتیب میں لانا ؛ منظّم کرنا ؛ انتظام کرنا ؛ وجود میں لانا ؛ باقاعدگی پیدا کرنا ؛ خصوصاً ہم آہنگ یا متحدہ عمل کے لیے ایسے کُل میں یا کُل کی طرح تشکیل دینا جو باہم منحصر یا باہم مربوط اجزا پر مشتمل ہو (جیسے : to organize the industries of a country for service in time of war.) ؛ ایک منظم کُل میں ترتیب دینا یا منظّم بنانا (جیسے : to organize knowledge or facts) ؛ مختلف درکار عناصر یا تفصیلات کو ترتیب دیتے ہوئے تیّاری کرنا (جیسے : to organize an expedition) ؛ لیبر یونین میں ملازموں کے نام درج کرنا ؛ ملازموں کی یونین بنانا ، جیسے کسی کارخانے میں، نظم دینا ؛ تنظیم کرنا ۔ (فعل لازم) نامیاتی شکل میں ہونا ؛ کسی منظّم جماعت ، تنظیم یا ایسے ہی کسی گروہ میں یکجا ہونا ۔

organizable, a.
قابلِ تنظیم ۔

organizer, n.
منتظِم ؛ منظّم کرنے والا ؛ ناظِم ؛ بانی ۔

organogenesis, n.
(حیاتیات) نشویات ؛ تکوینِ اعضا ؛ پودوں یا حیوانوں میں کسی عضو یا اعضا کی نشوونما ۔

organogenetic, a.
نشویاتی ؛ تکوینِ اعضا سے متعلّق ۔

organogenetically, adv.
نشویاتی طور سے ۔

organography, n.
اعضا نگاری ؛ بیانِ اعضا ؛

اعضا نامہ ؛ عضو نگاری ؛ پودوں یا جانوروں کے اعضا کی تکنیکی صراحت۔

organographic, organographical, a. اعضا نگارانہ۔

organographist, n. اعضا نگار۔

organology, n. عِلمُ الاعضا ؛ عضویات ؛ جانوروں یا پودوں میں عضوی ساخت اور فعلیت کا مطالعہ یا علم۔

organologic, organological, a. عضویاتی ، علمُ الاعضا سے متعلق۔

organologist, n. ماہر عِلمُ الاعضا ؛ عضویات داں۔

organon, organum, n. کتابِ منطق ؛ نظامِ منطق ؛ منطقِ ارسطو ؛ علم یا فکر کی دستاویز۔ (فلسفہ) عِلمِ مُطلق کے اثبات یا دریافت کے لیے قوانین یا اصولوں کا نظام۔ (بڑے O سے) منطق پر ارسطو کے مقالات کا عنوان یا ارسطو کے رسالۂ منطق کا عنوان۔

organotherapy, organotherapeutics, n. (طِب) عضویاتی علاج ؛ شفائی مقاصد کے لیے گُردوں یا غدودِ درقیہ جیسے حیوانی عضویات کے خلاصوں کا استعمال۔

organum, n. (موسیقی) قُرونِ وسطیٰ کا صوتی قسم کا نغمہ جس میں دُھن چوتھے یا پانچویں موافق وقفے میں اختیار کی جاتی ہے ؛ ایسے نغمے کا دُھن سے ہم آہنگ حصّہ۔ نیز : diaphony۔

organza, n. آرگنزا ؛ لباس بنانے کا سادہ ، باریک بُنا ہوا کپڑا ، جیسے ریشم یا مصنوعی ریشم کا۔

organzine, n. ریشمی بل دار ڈورا ؛ متعدّد ریشوں کو باہم بل دے کر بنایا ہوا ریشمی دھاگا ؛ ایسے دھاگے سے بنا ہوا کپڑا۔

orgasm, n. ہیجانِ شہوت ؛ جنسی فعل کی انتہائی جذباتی اور جسمانی برانگیختگی ؛ اس جیسی مثال ؛ انتہائی جوش ؛ جماع کی مستی۔

orgasmic, orgastic, a. شہوانی ؛ ہیجانی۔

orgeat, n. شربتِ جَو ؛ باداموں اور مصنوعی خوشبوؤں سے لذّت دار بنایا ہواشربت یا گدلا شیرہ ، جو پچ میلی شراب اور کئی دیگر مرکب شرابوں میں جزوِ ترکیبی کے علاوہ کھانوں میں ذائقہ پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ ایک شیریں مشروب جو اصل میں آشِ جو سے بنایا جاتا ہے۔

orgiastic, a. بے مہار رنگ رلیوں سے مملو ؛ یونانی اور رُومی اساطیر کے دیوتاؤں کے احترام میں منائے جانے والے تہواروں سے متعلق۔

orgiastically, adv. رنگ رلیاں مناتے ہوئے۔

orgy, n. رنگ رلیاں ؛ عیش و نشاط ؛ بدمستوں کی محفل۔ (جمع) نشے میں کی جانے والی بدمستیاں ؛ کلاسیکی یونان اور روم کے بعض دیوی دیوتاؤں ، خاص کر دیونائسس اور باخوس کی پرستش سے متعلّق خفیہ رسوم ، جن کی خصوصیت وحشیانہ رقص و غنا ہے۔

oriel, n. (فنِ تعمیر) جھروکا ؛ پیش دریچہ ؛ بالائی منزل پر دیوار سے باہر نکلی ہوئی کھڑکی جوبعض اوقات موٹھی پر ٹکی ہوتی ہے۔

orient, a. نفیس یا قیمتی ، جیسے جواہر ، خاص طور پر موتی ؛ درخشاں ، تابندہ ؛ دمک دار ؛ بے بہا۔ (اسم) مشرق بمقابلہ مغرب ؛ مشرقی نصف کُرہ۔ (بڑے O سے) بحیرۂ رُوم کے مشرق اور جنوب مشرق میں واقع ممالک ؛ موتی کی آب۔

orient, v.t. تشریق کرنا ؛ مشرق رُورکھنا ؛ رُخ یا سمت بندی کرنا؛ اِس طرح رکھنا کہ رُخ مشرق کی سمت ہو ؛ اس طرح تعمیر کرنا (جیسے کلیسا) کہ بڑی قربان گاہ مشرق کی سمت اور صدر دروازہ مغرب کی طرف ہو ؛ قطب نما کے نشانات یا دیگر نشانات کے حوالے سے کسی حتمی وضع میں رکھنا (جیسے : to orient a building north or south) ؛ کسی خاص رُخ پر ڈالنا ؛ گردوپیش ، حالات یا حقائق کے تعلّق سے تطبیق کرنا یا تعلّق میں لانا (جیسے : to orient oneself to a new set of conditions.) ؛ قطب نما کے نشانات یا دوسرے نشانات کے حوالے سے مقام کا تعیّن کرنا ؛ رجحان معلوم کرنا۔ (فعل لازم) مشرق کی طرف یا کسی خاص سمت کو ہونا ؛ رُخ بند ہونا ؛ کسی سمت پر ہونا۔

oriental, a. مشرقی ؛ شرقی ؛ شرقیہ۔ (عموماً بڑے O سے) مشرق کا یا مشرقی مُلکوں کا ، ان سے متعلق یا ان کی خصوصیت رکھنے والا ؛ مشرق یا مشرقی ممالک کا۔ (بڑے O سے) (حیوانی جغرافیہ) ایسی تقسیم سے متعلّق ، جو جنوبی ایشیا اور ملائی مجمع الجزائر تک بشمول فلپائن ، بورنیو اور جاوا تک پر مشتمل ہے ؛ اُس موتی کو ظاہر کرنے والا جو کرنچ کی ایک قسم ہے ؛ اُس دیسی موتی کے حوالہ سے جو خاص کر مشرقی سمندروں میں پایا جاتا ہے ؛ اعلیٰ معیار کے بیش قیمت اور آب دار موتیوں سے متعلّق۔ (اسم) (عموماً بڑے O سے) مشرق یا مشرقی ممالک کا باشندہ یا مکین ، خاص طور پر وہ جو مقامی نسل سے تعلّق رکھتا ہو ؛ کوئی ایشیائی۔

orientally, adv. مشرقی انداز سے۔

orientalism, n. (عموماً بڑے O سے) استشراق ؛ مشرقیت ؛ تمدّنِ مشرق ؛ مشرقی مزاج یا خصوصیات ؛ مشرقی زبانوں ، ادب یا ثقافت کا علم۔

orientalist, n. مستشرق ؛ ماہرِ عُلُومِ شرقیہ۔

orientalize, v.t. مشرقی رنگ میں رنگنا ؛ مشرقی بنانا۔ (فعل لازم) مشرقی ہونا ؛ مشرقی خصوصیات اختیار کرنا ؛ مشرقی رنگ اختیار کرنا۔

Oriental poppy, n. مشرقی کوکنار ؛ مشرقی گُلِ لالہ ؛ بحیرۂ روم کے خطے سے لے کر ایران تک پایا جانے والا کوکنار کا ایک قوی پودا ، شرقی جنسِ خشخاش ، جس کے پتے کٹے ہوئے اور تنے پر کھڑے ہوئے ریشے ہوتے ہیں ، بڑے بڑے چمکیلے نارنجی ، سرخ یا گلابی پھولوں کے لیے کاشت کیا جاتا ہے۔

Oriental rug, Oriental carpet, n. مشرقی غالیچہ/قالین ؛ ہاتھ سے بُنا ہوا یا ہاتھ سے گرہ زدہ قالین جس کی اصل ایشیائی ہو۔

orientate, v.t. تشریق کرنا ؛ مشرقی بنانا۔ (فعل لازم) مشرق یا کسی خاص طرف رخ ہونا یا پھرنا ، جیسے کسی کلیسا کا۔

orientation, n. تشریق ؛ تعیّنِ رُخ ؛ سمت بندی ؛ رخ بندی ؛ سمت بندی (فعل یا عمل) یا سمت بند ہونے کی حالت ؛ پیش آمدہ حالات میں اپنی حیثیت کے بارے میں بصیرت ؛ نئی صورتِ حال میں کسی کو متعارف کروانے کے لیے وضع کردہ لائحۂ عمل ؛ تعارف۔ (نفسیات) اپنے زمان و مکاں سے اور دوسرے لوگوں کے تشخّص سے آگاہی۔ (کیمیا) کسی مرکبّ میں ایٹموں کی ترتیب بندی۔ (حیوانیات) وہ حس جس کے ذریعے خانہ رُخی کبوتر اور سیّار پرندے کسی مقرّرہ جگہ پر لوٹ آتے ہیں۔

orientational, orientative, a. سمت بندی سے متعلق ۔

orienteering, n. تلاش دوڑ ؛ انجانے علاقوں میں نقشے کی مدد سے راستہ تلاش کرکے منزل پر پہنچنے کی دوڑ۔

orifice, n. مُنہ ؛ دہانہ ؛ سوراخ ؛ روزن ؛ نلکی ، نل یا ایسی ہی کسی چیز کا دہن یا موکھا ؛ کوئی شگاف ؛ کوئی موری ۔ (برق) کسی موج میں وہ سوراخ جس کے ذریعے توانائی کی ترسیل ہوتی ہو ؛ ثقبہ ؛ منفذ ؛ درز یا چھید ۔

orificial, a. سوراخ والا یا دہانی ؛ درز یا چھید والا ۔

oriflamme, n. عَلَم ؛ جھنڈا ؛ پرچم ؛ پیروکاروں کی عقیدت ابھارنے والا عَلَم یا نشان ؛ سُرخ پرچم ، خاص طور پر وہ سُرخ ریشمی عَلَم جو فرانس کاشاہی پرچم ہے ۔

origami, n. اوری گیمی ؛ مختلف حقیقت پسندانہ یا زیبایشی شکلوں میں کاغذ کو تہ کرنے کا جاپانی فن ؛ اس فن کا حاصل یا کوئی بنی ہوئی شے ۔

origin, a. اصل ؛ ابتدا ؛ نقطۂ آغاز ؛ مآخذ ؛ نسب ؛ بنیاد ؛ جڑ ؛ مادہ ؛ مبدا ؛ منبع ؛ کسی بھی شے کی شروعات ؛ سرچشمہ ؛ ذریعہ ؛ جہاں سے کوئی بھی شے ابتدائی طور پر چلتی ہو ؛ ولدیت ؛ حسب نسب ۔ (تشریحُ الاعضا) کسی پٹھے کا نسبتاً پیوست انسلاک ۔ (ریاضی) کارٹیزی محدّد نظام میں محوروں کا نقطۂ تقاطُع ۔

original, a. اوّلین ؛ قدیم ترین ؛ قدیمی ؛ اصلی (دستاویز وغیرہ)؛ طبعزاد ؛ تخلیقی ؛ کسی شے کے مآخذ ، سرچشمہ یا ابتدا سے متعلق یا اس کے بارے میں ؛ کسی کے اپنے فکر و تخیّل سے خلق ہونے والا ، جس پر دوسروں کے خیالات و تخلیقات کا پرتو نہ ہو ؛ نیا اور انوکھا ؛ تازہ خیالات و ایجادات کا اہل ؛ خلقی ؛ ایجادی ۔

original, n. اصل مسوّدہ ؛ ابتدائی مسوّدہ جس سے نقل ، ترجمہ یا ایسی ہی کوئی چیز تیار کی جائے ؛ وہ شخص جس پر کسی ادبی خاکے یا تمثیلی کردار کی بنیاد رکھی جائے ؛ نقل یا چربے کے برعکس کوئی اصل تخلیق ؛ کسی شے کی ابتدائی صورت ؛ جو اپنے طرز فکر میں خلقی ہو ؛ کوئی سنکی شخص ۔

originally, adv. دراصل ؛ حقیقت میں ۔

originality, n. قُوّتِ تخلیق ؛ اُپج ؛ اصلیّت ؛ تخلیقیت ؛ ایجادیت ؛ خلقی ہونے کی حالت یا خاصیت ؛ براہِ راست اور معتبر خصوصیت جیسے کسی فن پارے کی ؛ تازگی یا نیاپن ، جیسے کسی خیال ، طریق کار یا کارکردگی کا ؛ جداگانہ انفرادی انداز میں سوچنے یا عمل کرنے کی قابلیت ؛ قوتِ ایجاد و تخلیق ؛ جدت پسندی ؛ نیا پن ۔

original sin, n. گناہِ فطری ؛ گناہِ اوّلین ؛ انسان کو حالت مسعُود سے حالت انحطاط میں گرانے والے واقعے یا عمل کے بارے میں ایک اوّلین مثل کا تصوُّر ۔ (بائبل) گناہ آدم کے نتیجے میں نوعِ انسان کو منتقل ہونے والی معصیت یا بدی کا رُجحان ، جسے انسان میں جبلّی سمجھا جاتا ہے ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) گناہِ آدم کے نتیجے میں دعا میں تقدیس پیدا کرنے کی محرومی ۔

originate, v.t. وجود میں لانا ؛ موجد یا مخترع ہونا ؛ شروع کرنا ؛ منصّۂ شُہود پر لانا ؛ ایجاد کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ بِنا ڈالنا ؛ بنیاد رکھنا ؛ آغاز کرنا ۔ (فعل لازم) شروع ہونا ؛ اخذ ہونا ؛ کسی خاص نقطے سے آغاز ہونا ؛ پیدا ہونا ؛ وجود میں آنا ۔

origination, n. تخلیق ؛ ابتدا ؛ آغاز ؛ ایجاد ؛ اختراع ۔

originator, n. بانی ؛ مُوجد ؛ مخترع ۔

originative, a. ایجادی ؛ اختراعی ؛ تخلیقی ؛ مخترعانہ ؛ موجدانہ ۔

originatively, adv. ایجاد یا اختراع کے طور پر ۔

oriole, n. سنہری کوّا ؛ پیہلک ؛ زرّیں زاغ ؛ اوریول ؛ صفاری سلسلے کے امریکی مغنّی پرندوں میں سے کوئی ، جس کے آتشی نارنجی اور سیاہ رنگ نر پرندے بڑی محنت سے ٹوکری جیسے آویزاں گھونسلے بناتے ہیں ؛ مشرقی نصف کُرے کا ایک مغنّی پرند جو زیادہ تر چمکیلے زرد اور سیاہ رنگ کا ہوتا ہے ؛ صُفاریہ ؛ صُفاری ۔

Orion, n. [یونانی اساطیر کا ایک مشہور شکاری] (فلکیات) اورین ؛ جوزا ؛ جبار ؛ فلکی نقشوں پر بہت بڑے شکاری کی صورت میں دکھایا جانے والا ایک نمایاں مجمع النجوم جس میں رجل الجوزا اور بیت الجوزا کے اوّلین‌نوری قدر کے ستارے شامل ہیں اور جو آسمان پر کلب اکبر اور ثور کے درمیان واقع ہے ۔ (کلاسیکی اساطیری) ایک عظیم شکاری ، جسے چاند کی دیوی ڈائنا کے ہاتھوں اتفاقاً ہلاکت کے بعد ، آسمان میں متعیّن کر دیا گیا تھا ۔

orison, n. دُعا ؛ التماس یا التجا ؛ مناجات ۔

Orlon, n. (بعض اوقات چھوٹے o سے) اورلون ؛ کیمیائی ریشہ جو ملبوسات اور گھریلو ساز و سامان کی تیاری کے علاوہ صنعت میں بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

ormolu, n. سنہری ؛ کانسی ؛ طلائی ملمّع ؛ تانبے کی اساس سے بنایا ہوا بھرت ، جو زیبایشی مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ بچّی کار سونا ۔

ornament, n. زیور ؛ آرایش کی چیز ؛ سنگار ؛ زینت ؛ خوبصورت بنانے یا آرایش کرنے ، نیز ظاہری شباہت یا عمومی تاثر کو بہتر بنانے کے لیے استعمال ہونے والا کوئی لازمہ ، شے یا تفصیل ؛ زیبایش ، آراستگی یا تزئین ۔ (مجازاً) ایسی کوئی بھی شے جو حُسن افزا ہو یا زیادہ خوش کن یا پُرکشش بناتی ہو ؛ ایسا شخص جو باعث زینت ہو ، جیسے گردوپیش میں ، سماج میں ، کسی طبقے میں ، پیشے میں یا زمان و مکان میں ؛ آراستہ کرنے کا عمل یا آراستہ کیے جانے کی حالت ؛ آراستگی یا ذریعۂ آراستگی ؛ ظاہری سجاوٹ ؛ اسباب آرایش ؛ آرایشی کام ؛ نقش و نگار ؛ زیب ؛ سجاوٹ ؛ گہنا ۔ (کلیسیات) کوئی لازمہ ، لاحقہ یا سازو سامان ۔ (موسیقی) نغماتی آرایش کے لیے استعمال ہونے والا سُر یا سُروں کا مجموعہ ۔ (فعل متعدّی) زیورات یا کسی زیبایشی چیز سے آراستہ کرنا ؛ زیبایش ، آراستگی یا تزئین کرنا ؛ گہنا ہونا ؛ سجاوٹ میں کام آنا ؛ مزیّن کرنا ؛ چار چاند لگانا ؛ مرصّع کرنا ؛ سندر بنانا ؛ سنگار کرنا ۔

ornamental, a. زیبایشی ؛ زیبایشی چیز (یا زیبایش) کی نوعیت والا ؛ آرایشی ؛ آراستگی یا سجاوٹ میں کام آنے والا یا خوبصورتی یا دلکشی عطا کرنے والا ؛ آرایشی چیز کے بارے میں یا اس سے متعلق ۔ (اسم) کوئی زیبایشی چیز ، خصوصی طور پر زیبایشی یا آرایشی مقاصد کے لیے اگایا جانے والا پودا ۔

ornamentally, adv. زیبایشی یا آرایشی طور پر ۔

ornamentation, n. زیبایش ؛ خوشنما بنانے کا عمل یا خوشنما ہونے کی حالت ؛ جس کے ذریعے کسی چیز کو خوشنما بنایا جائے ؛

اشیا یا کام جو کسی چیز کی زیبائش یا اسے خوشنما بنانے میں صرف ہوں ؛ زیبائشی چیز ؛ زیبائشی کام ۔

ornate, a. پرتکلُف ؛ بڑی زیبایش والا ؛ مزیّن ؛ مرصّع ؛ سجایا ہوا ؛ آراستہ ؛ زیبایشی ؛ عمدگی سے فنکارانہ طور پر مکمل کیا ہوا ؛ بہت سجا ہوا ؛ سجیلا ۔

ornately, adv. مرصّع طور پر ؛ بڑے تکلّف سے ؛ بڑی آرایش کے ساتھ ۔

ornateness, n. تزئین ؛ آراستگی ۔

ornery, a. [Ordinary کی بگڑی ہوئی شکل] (بول چال) اُفتادِ طبع یا مزاج کے لحاظ سے ناگوار/بدنما ؛ ڈھیٹ ؛ معمولی ؛ عام ؛ گھٹیا یا خراب ۔

orneriness n. گھٹیا پن ؛ عامیانہ پن ۔

ornithic, a. طیری ؛ طیّوری ؛ پرندوں کے بارے میں یا ان سے متعلق ۔

ornithologist, n. ماہر طیّوریات ؛ عالِم طیّوریات ؛ طیّوریات دان ؛ عِلم طیّوریات میں ماہر شخص ۔

ornithology, n. طیّوریات ؛ عِلمُ الطیُّور ؛ حیوانیات کی وہ شاخ جو پرندوں کی صورت ، ساخت ، درجہ بندی اور عادات سے متعلق ہے ۔

ornithologic, ornithological, a. متعلق بہ طیّوریات ؛ طیّوریاتی ۔

ornithologically, adv. طیّوریات کی روسے ؛ طیّوریاتی طور پر ۔

ornithopter, n. جناحی طیارہ ؛ متحرک پروں کے ذریعے اڑنے والا ہوائی جہاز ۔

ornithosis, n. (بیطاری امراضیات) گھریلو اور جنگلی مرغیوں میں پائی جانے والی طوطا روگ سے ملتی جلتی ایک بیماری ، جو انسانوں کے لیے نسبتاً کم مضر ہوتی ہے ۔

ornithotic, a. ایسی بیماری سے متعلق ۔

orogeny, orogenesis, n. (ارضیات) تکوین جبال ؛ قشرارض کی حرکات سے پہاڑوں کی تشکیل ؛ پہاڑوں کا وجود میں آنا ۔

orogenic, orogenetic, a. کوہ آفریں ۔

orography, n. کوہی جغرافیہ ؛ کوہ غرافیہ ؛ جغرافیۂ کوہ ؛ طبعی جغرافیہ کی وہ شاخ جس کا تعلق پہاڑوں سے ہے ۔

orographic, orographical, a. کوہی جغرافیائی ؛ متعلق بہ جغرافیۂ کوہ ؛ پہاڑوں کے جغرافیہ سے متعلق ۔

orographically, adv. جغرافیۂ کوہ یا کوہی جُغرافیے کے طور پر ۔

oroide, n. زریں بھرت ؛ سنہرا بھرت ؛ سونے سے مشابہہ بھرت جو گھڑیوں کے سستے خول اور ریور بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

orotund, a. صوتی ، صدائی ؛ اونچی ، بھرپور اور صاف آواز سے متعلق ؛ شاندار یا پُرزور اسلُوب بیان یا انداز گفتگو سے متعلق ۔

orotundity, n. خوش آوازی ۔

orphan, n. یتیم ؛ بن باپ (یا بن ماں) کا بچہ ؛ بے ماں باپ کا بچہ ؛ ایسا بچہ جو والدین میں سے ایک یا عموماً دونوں سے (ان کے مرنے کے باعث) محروم ہو جائے ؛ ماں سے بچھڑا ہوا کمسن جانور ؛ بھولا بھٹکا بچہ ، بے خانماں شخص یا لاوارث جانور ؛ بے پدر ؛ بے مادر ۔ (صفت) یتیم یا یتیموں کے لیے یا ان سے متعلق ۔ (فعل متعدی) یتیمی کی حالت کو پہنچا دینا ۔

orphanhood, n. یتیمی ۔

orphanage, n. یتیمی ؛ یتیم خانہ ؛ یتیمی کی حالت ؛ یتیموں کی خبرگیری کے لیے کوئی مسکن یا ادارہ ۔

orphrey, n. کشیدہ کاری کی جھالر ؛ زیبایشی پٹی یا حاشیہ ، جو خاص کر ، کسی کلیسائی صدری پر ہو ؛ زردوزی ؛ کسی بھی طرح کی شان دار سوزن کاری ؛ ایسے کپڑے کا ٹکڑا جس پر شان دار سوزن کاری کی گئی ہو ۔

orpiment, n. ورقیہ ہڑتال ؛ زرنیخ زرد ؛ زَرد معدنی شے کے طور پر پایا جانے والا آرسینک ٹرائی سلفائڈ ، جو مصنوعی طور پر بھی بنایا جاتا ہے اور رنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

orpine, orpin, n. (نباتیات) عُودِ صلیب ؛ عُود صلیب کے سلسلے کی ایک پہاڑی گلستانی بوٹی ، جنس پتھر بیل (Sedum telephium) جس پر آخر گرما میں سرخی مائل گلابی پھول آتے ہیں ۔

orrery, n. افلاک نما ؛ سیاروں اور نظام شمسی کے دیگر حصوں کی حرکات و ادوار کو ظاہر کرنے والی مشین ۔

orris, orrice, n. ایرسا ؛ بنفشے یا جنس سوسن کی بعض مخصوص انواع میں سے کوئی ایک جو پھولوں اور خاص کرخوشبودار جڑوں کے لیے اگائی جاتی ہے ۔

orrisroot, n. بیخ ایرسا : جس کا اہم جزو تیل ہوتا ہے جو خوشبویات اور ادویہ میں جزو ترکیبی کے طور پر استعمال ہونے کے علاوہ ذائقہ پیدا کرنے کے بھی کام آتا ہے ۔

ort, n. (اکثر جمع) زُلہ ؛ پس خوردہ ؛ کھانے کے بعد بچے کھچے ٹکڑے جو رہ جائیں ؛ پارہ یا ریزہ ؛ چھانٹن ؛ ٹکڑے ؛ چھان بورا ۔

orthicon, image orthicon, orthiconoscope, n. مبدّل تصویر ؛ محصّل (receiver) کے اینٹینا تک ترسیل کے لیے تصویر یا عکس کو برقی تموج میں بدلنے والی حسّاس ٹیلی وژن کیمرا کی برقیاتی (الیکٹرون) ٹیوب ۔

ortho, a. راست ، قائم ، عمودی ۔ (کیمیا) بینزین حلقے میں دو متصل حیثیتوں کی طرف اشارہ یا حوالہ ۔

orthocephalic, orthocephalous, a. مناسب سرہ ، راست سرہ ، کھوپڑی کی اونچائی اور لمبائی یا چوڑائی میں اوسط یا درمیانی نسبت رکھنے والا ۔

orthocephaly, n. متناسب یا راست سری ۔

orthochromatic, a. (عکاسی) متناسب اللّون ؛ رنگوں کے ربط با روشنی اور سائے کی معتدل تدریج کی درست نمائندگی کرنے والا جیسے فلم ، پلیٹ یا فلم کو سرخ کے سوا دیگر رنگوں کے لیے حسّاس بنانے والے ایملشن کے حوالے سے ۔ دیکھیے : isochromatic

orthoclase, n. قائمہ شگاف ؛ ایک دوسرے سے زاویۂ قائمہ پر واقع دو سگاف رکھنے والا ، فلسپار گروہ کا معدن جس میں پوٹاشیم ہوتا ہے اور جس کا تعلق یک میلانی نظام سے ہے ۔

orthoclastic, a. (قلمیات) قائمہ شگافہ ؛ کٹی فلسپاروں ، خاص طور پر قائمہ شگاف کی طرح ، ایک دوسرے سے

زاویۂ قائمہ پر واقع شگافوں والا ۔

orthodontics, orthodontia, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد)
تصحیحِ دندان ؛ دندان سازی کی وہ شاخ جس میں عموماً میکانی مدد سے (جیسے پتر وغیرہ) دانتوں کی ناہمواری اور کجی کو ٹھیک کیا جاتا ہے ۔

orthodontic, a. تصحیحِ دندان سے متعلق ۔

orthodontist, n. تصحیحِ دندان کا ماہر ۔

orthodox, a. راسخُ العقیدہ ؛ صحیح العقیدہ ؛ تقلید پسند ؛ دقیانوسی ؛ کٹر ؛ قدامت پسند ؛ قدیم طرز کا ؛ رائے یا نظریے ، خاص کر دینی یا مذہبی نظریے میں ، پختہ یا درست ؛ ابتدائی کلیسائی معتقدات میں بیان شدہ مسیحی دین کے مطابق ؛ منظور شدہ یا روایتی ۔ (بڑے O سے) مشرقی یا یونانی آرتھوڈکس کلیسا کے بارے میں یا اس سے متعلق ؛ راسخ العقیدہ یہودیت سے متعلّق یا اس کا مظہر ؛ پرانے ڈھنگ کا ؛ لکیر کا فقیر ؛ راسِخ ۔

orthodoxly, adv. مسلّمہ یا مروجہ طور پر ؛ دقیانوسی طور پر ؛ راسخِ العقیدگی سے ؛ کٹر پن سے ۔

orthodoxness, n. پختگئ عقیدہ ؛ کٹر پن ۔

Orthodox Judaism, n. راسخُ الاعتقاد یہودیت ؛ یہودی مذہب کی وہ شاخ جو شرع موسوی پر ، تالمود کی تشریح کے مطابق ، کاربند ہے ۔

orthodoxy, n. راسخُ الاعتقادی ؛ استقامتِ رائے ؛ کٹّرپن ؛ دقیانوسیت ؛ روایت پسندی ؛ فرسودہ اعتقاد و عمل ۔

orthoepy, n. صحتِ لفظی ؛ اصول تلفُّظ ؛ تجوید ؛ صحیح قرأت ؛ الفاظ کے رواجی یا درست تلفظ کا مطالعہ ؛ عِلمِ قرأت ؛ عِلمِ ہجا ؛ علم تلفظ ۔

orthoepic, orthoepical, a. تجویدی ؛ صحت لفظی سے متعلّق ۔

orthoepically, adv. تجویداً ؛ صحت لفظی کے طور پر ۔

orthoepist, n. مجوِّد ؛ ماہر تجوید ؛ صحت لفظی کا ماہر ۔

orthoepistic, a. تجویدی ؛ مجَوِّدانہ ۔

orthogenesis, n. ارتقائے راست ؛ ارتقائے صحیحہ ؛ راست نشائیت ؛ ارتقا کے بارے میں یہ نقطۂ نظر کہ انواع کے تغیرات فقط اتفاقی تبدیلیوں کا سلسلہ نہیں بلکہ ایک معین سمت میں ہیں ۔ (عمرانیات) یہ خیال کہ بدلتے ہوئے خارجی اختلافات کے باوجود انسانی اور سماجی تہذیبیں ایک ہی جیسے نشویاتی مراحل سے ایک جیسی ترتیب میں گزرتی ہیں ۔

orthogenetic, a. راست نشایتی ۔

orthogenetically, adv. راست نشایتی طور پر ۔

orthogenic, a. راست ارتقائی ۔ (نفسیات) ذہنی طور پر پس ماندہ یا ماحول سے غیر ہم آہنگ بچوں کے علاج سے متعلق ۔

orthognathous, orthognathic, a. مستقیم الفک ؛ لمبوترا ؛ راست فکہ ؛ چہرے کا تقریباً عمودی ڈھانچا رکھنے والا ؛ ایسے جبڑوں والا جو آگے کو نکلے ہوئے نہ ہوں ۔

orthognathism, orthognathy, n. راست فکہی ؛ لمبوترا پن ؛

orthogonal, a. قائمہ ؛ مستقیم الزاویہ ؛ عمودی ؛ قائم ؛ قائم الزاویہ ؛ قائمہ زاویوں سے متعلق یا قائمہ زاویوں والا ؛ مستطیل ، جیسے کچھ قلموں کے محوروں کے زاویے ۔

orthogonality, n. عمودیت ؛ قائمیت ؛ استقامت زاویہ ۔

orthogonally, adv. قائمی طور پر ؛ استقامت زاویہ کے طور پر ۔

orthographic projection, orthogonal projection, n. (نقشہ کَشی) تسطیح قائمہ/عمودی تظلیل ؛ نصف کروی نقشے بنانے میں استعمال ہونے والی تسطیح : مرکز میں یہ نقشے پیمانے کے مطابق ہوتے ہیں جب کہ مرکز سے دور مسخیت بڑھتی جاتی ہے ۔ (خاکہ کشی) کسی شے کی سطح کو ، اس سطح سے خاکے کی سطح تک عمودی تظلیل کے ذریعے ظاہر کرنا ؛ کسی عمارت یا شے کے مختلف پہلوؤں کو ، ہر پہلو کی قائمی تسطیح کرتے ہوئے ایک ہی خاکے کی سطح پر ظاہر کرنا ۔

orthography, n. اِملا ؛ عِلمِ ہجا ؛ عِلمِ حُروفْ ؛ املائے درست ؛ تسطیحِ قائِمہَ ؛ مناسب حروف سے الفاظ لکھنے کا فن ؛ معیاری یا درست ہجا ؛ صرف و نحو کا حروف اور ہجا سے متعلق حصہ ؛ زبان کی آوازوں کی نمائندگی کرنے والا تحریری علامتوں کا نظام ۔ (نقشہ و خاکہ کشی) عمودی تظلیل ۔

orthographer, n. عالِمِ ہجا/حروف ؛ نقشہ/خاکہ نگار ۔

orthographic, orthographical, a. املائی ؛ ہجائی/حروفی ؛ قائمی/عمودی نقشے یا خاکے کے بارے میں ۔

orthographically, adv. ہجائی/حروفی طور پر ؛ قائمی/عمودی طریقے سے ۔

orthomolecular medicine, n. قائم سالمیاتی طِب ؛ ذہنی امراض کا کیمیاوی علاج ۔

orthopedics, orthopaedics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) عِلمِ تقویمُ الاعضا ؛ تقویمُ الاعضا ؛ ہیکلی بدوضعی کی درستی اور ہڈیوں اور عضلات کے دیرینہ امراض ، خاص طور پر جوڑوں اور ریڑھ کی ہڈی کی بیماریوں کے علاج سے متعلق جرّاحت کی شاخ ۔

orthopedic, orthopaedic, a. جسمانی نقائص کے علاج سے متعلق ؛ عِلمِ تقویمُ الاعضا سے متعلق ۔

orthopedist, orthopaedist, n. جسمانی نقائص کا ماہر ؛ ماہر تقویمُ الاعضا ۔

orthophosphate, n. (کیمیا) آرتھوفاسفیٹ ؛ آرتھو فاسفورک ایسڈ کا ایسٹر یا نمک ۔

orthophosphoric acid, n. (کیمیا) آرتھو فاسفورک ایسڈ ؛ فاسفورس کی تکسید سے حاصل ہونے والا گاڑھا مائع یا قلمی تیزاب جو کیمیائی کھادوں میں حل پذیر ایسڈ فاسفیٹ کے طور پر ، اور مشروبات میں ذائقہ اور ترشی پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

orthopsychiatry, n. راست نفسی طِب؛ نوجوانوں کے کرداری مسائل اور جذباتی بے نظمیوں کے تدارک اور جلد علاج سے متعلق نفسیاتی طِب کی شاخ ۔

orthopsychiatric, orthopsychiatrical, a. راست نفسی طِب سے متعلق ۔

orthopsychiatrist, n. راست نفسی طِب کا ماہر ۔

orthopteron, n. (حشریات) راست پر ؛ ٹڈی ؛ راست پران ؛ راست بالان ؛ طائفۂ ملخ ؛ زیادہ تر پودوں پر پلنے والے کیڑوں (جن میں جھینگر ، پھنیگا ، امریکی ٹڈا اور لال بیگ شامل ہیں) جیسے راست پراں (Orthoptera) میں سے کوئی ایک ۔

orthopteral, orthopterous, a. راست پردار ؛ راست جناحہ ۔

orthopteroid, orthopteran, a., n. سیدھے پر رکھنے والا کیڑا ؛ راست پر کیڑا ؛ راست پر ؛ اس طرح کے کیڑوں سے متعلق ۔

orthoptic, a. راست نظر ؛ صحیح البصارت ؛ طبعی دو چشمی بینائی پیدا کرنے والا یا اس سے متعلق ، جیسے بعض غیر معمولی حالتوں ، خاص طور پر بھینگے پن کے علاج کے لیے عضلاتِ چشم کی صحیح البصارت مشقیں ۔

orthoptics, n. (جمع مگر ترکیب میں واحد) علمِ تصحیح بصارت ۔

orthorhombic, a. (قلمیات) قائمی معین ؛ قائمہ زاویوں پر قطع کرتے ہوئے تین غیر مساوی محوروں سے ممیّز نظام قلم پذیری کے بارے میں یا ان سے متعلق ؛ معین ؛ قائمہ معینی ۔

orthoscopic, a. راست نظر ؛ صحیح بینائی والا یا صحیح بینائی سے متعلق یا صحیح بینائی پیدا کرنے والا ۔

orthotics, n. قائمیات ؛ جوڑوں اور اعصاب کی امدادی میکانیات ۔

orthotic, a. قائمیاتی ۔

orthotropic, a. (نباتیات) راست رُخہ ؛ صحیح رخہ ؛ قائم ؛ نشوونما کا ایسا طرز ظاہر کرنے والا یا اس کے بارے میں یا اس سے متعلق جو کم و بیش ، خواہ نیچے کی سمت ہو یا اوپر کی سمت لیکن عمودی ہو ۔

orthotropically, adv. نموئے عمودی سے ۔

orthotropism, n. نموئے عمودی ؛ راست رخی ؛ کھڑا نمو ۔

orthotropous, a. (نباتیات) صحیح رخہ ؛ راست تخمہ ؛ راست عمودی تخمک یا بیج سے متعلق جس کا اکھوا سرے پر اور ناف قاعدے پر ہو ؛ راست رخہ ؛ قائم ۔

ortolan, n. (طیوریات) بگیری ؛ برگیل ؛ بلبل الشعیر ؛ زرد گلے اور زیتونی بھورے سر والا برقش خاندان کا چڑیا سے ملتا جلتا یورپی درسہ (Emberiza hortulana) ، امریکا میں عام طور پر یہ نام صفاریہ اور عصفور کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

oryx, n. غزالِ افریقہ ؛ بیا ؛ مہاۃ ؛ عرب سے لے کر جنوب مغربی افریقہ کے صحرائی خطوں میں پائے جانے والے نوع مہاۃ (Oryx) ، کے بڑے افریقی چکاروں کی تین اقسام میں سے کوئی ، جو اپنے لمبے سیدھے اور حلقہ دار سینگوں کی وجہ سے ممتاز ہیں ؛ مہاۃ آہو (Oryx gazella) ۔

os, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) ہڈی ؛ عظم ۔

os, n. (تشریح الاعضا) مُنھ ؛ دہن ؛ فم ؛ منفذ ۔

os, n. (ارضیات) سنگریزوں کے تودے ؛ سنگریزوں کے ایسے تودے جو طول میں بہت زیادہ ہوں ، لمبے تودے ۔

Osage orange, hedge apple, n. تولی سنترا ، سیب وش ؛ شمالی امریکا میں باڑھ لگانے کے لیے کام آنے والا خار دار تولی درخت (Maclura pomifera) جس کی لکڑی زرد رنگ کی ہوتی ہے ؛ اس درخت کا کھردرے چھلکے والا سنترے جیسا ناخوردنی پھل ۔

Oscar, n. آسکر ؛ فلمی صنعت میں نمایاں کسب کمال پر اکیڈمی آف موشن پکچر آرٹس اینڈ سائنسز کی طرف سے انعام میں دیا جانے والا مجسمۂ صغیر ۔

Oscar, n. آسکر ؛ مواصلاتی ضابطے کا ایک لفظ ، جو حرفِ 'O' کی نمائندگی کرتا ہے ۔

oscillate, v.i. ہلنا ؛ کبھی ایک طرف کبھی دوسری طرف جھکنا؛ جھولنا؛ تھرتھرانا ؛ اہتزاز کرنا ؛ پنڈولم کی طرح آگے پیچھے لپکنا ؛ دو مقامات کے درمیان ادھر سے ادھر حرکت میں ہونا ؛ مرتعش ہونا ؛ رویوں ، آراء یا مقاصد کے درمیان ڈولنا یا متغیر ہونا ۔ (طبیعیات) ارتعاش کا حامل ہونا ، اہتزاز پیدا کرنا یا ایسی کیفیتوں کو جنم دینا ۔ (فعل متعدی) ادھر ادھر جھلانا یا حرکت دینا ۔

oscillatory, a. ارتعاشی ؛ اہتزازی ۔

oscillation, n. جھول ؛ تھرتھراہٹ ؛ جھلاوا ؛ ارتعاش ؛ اہتزاز ؛ تغیر وقوف ؛ اہتزازیہ ؛ رقص ؛ جھولنے یا تھرتھرانے کا عمل یا حقیقت ؛ ارتعاشی یا اہتزازی جسم کا ایک واحد جھلاوا یا ایک سمت میں جنبش ؛ کئی رویوں ، مقاصد یا اعتقادات کے درمیان تغیر یا جھلاوا ؛ دو دلی ؛ تذبذب ۔ (طبیعیات) آگے یا پیچھے کی سمت ایک واحد موج ، جیسے انتہائی قدروں سے کم سے کم قدروں تک ، بجلی کی رو ؛ برقناطیسی قُوّت میں دَوری یا باقاعدہ تغیُّر ۔

oscillational, a. جنبشی ؛ لرزشی ؛ اہتزازی ؛ ارتعاشی ۔

oscillator, n. مرتعش ؛ متذبذب ؛ ڈانواں ڈول یا ڈھلمل (شخص) ؛ امواج زا ؛ ڈولنے والا شخص یا جھولنے والی شے ؛ اہتزاز یا ارتعاش پیدا کرنے والی مشین یا ان سے تعلق رکھنے والی اختراع ۔ (برقیات) برقی امواج کو بڑھانے کے لیے ارتعاش پیدا کرنے والا آلہ ، جیسے ریڈیو کی ویکیوم ٹیوب ۔

oscillogram, n. نگارشِ اہتزاز ؛ ترسیم اہتزاز ؛ اہتزاز نگار یا اہتزاز نما سے حاصل شدہ سراغ یا اندراج ؛ اہتزاز نامہ ۔

oscillograph, n. آلۂ اہتزاز نگار ؛ متبادل رو شکلِ موج ناپنے اور درج کرنے والا آلہ ۔

oscillographic, a. اہتزاز نگارانہ ۔

oscillography, n. اہتزاز نگاری ؛ اہتزاز پیمائی ۔

oscilloscope, n. اہتزاز بیں ؛ اہتزاز نما ؛ منفی شعاعوں کی نلکی کے ذریعے برقی رَو کے تغیر کی تصویر کھینچنے والا برقناطیسی بصری آلہ ۔

oscine, oscinine, a. طائرِ مغنّی ؛ گانے والے پرندے سے متعلق ؛ اعلیٰ نشوونما یافتہ صوتی اعضا والے عصفوری پرندوں کا ایک ذیلی سلسلہ ؛ عنادلِ خوش الحان (Oscines) کے بارے میں یا ان سے متعلق ۔ (اسم) عنادل خوش الحان ۔

osculate, v.i., v.t. بوسہ لینا ؛ چھونا ؛ خیر مقدم کرنا ، جیسے چُوم کر ۔ (جیومیٹری) ایک نقطے پر چھونا یا ملنا ، جیسے دو قوسوں کا آپس میں ، مَس کرنا ۔

osculation, n. لمس ؛ بوسہ ؛ تماس ؛ مماثلت ۔

osculatory, a. بوسے کا ؛ تماسی ؛ لمسی ۔

osier, n. (نباتیات) جگن ؛ ٹوکری بید ؛ بید سبدی ؛ زیبایش اور سبد سازی کے لیے اگائی جانے والی بید کی کوئی قسم جس کی شاخیں لمبی اور خم پذیر ہوتی ہیں ؛ اس پیڑ کی ٹہنی ۔ (صفت) جگن سے بنا ہوا ۔

osiered, a. جگنی ؛ بید کا ۔

osmic, a. (کیمیا) اوسمک ؛ اوسمئیم سے متعلق یا اوسمئیم کا حامل ، خصوصاً اعلیٰ گرفت میں ۔

osmiridium, n. اوسمیریڈئیم ۔ دیکھیے : Iridosmine ۔

osmium, n. (کیمیا) اوسمئیم ؛ پلاٹینم گروہ کا ایک بہت سخت ،

بھوٹک اور حد درجہ بھاری دھاتی عنصر ، جو اریڈیم کے ساتھ بھرت
بنانے کے علاوہ ، بجلی کے فلیمنٹ تیار کرنے میں بھی کام آتا ہے ۔

osmose, v.t. سرایت کرنا ؛ ولوج کرنا ؛ جھلی کے ذریعے سرایت
یا نفوذ کا ہدف بنانا ۔ (فعل لازم) ساری ہونا یا سرایت کا ہدف ہونا ۔
(اسم) (طبیعی کیمیا) سرایت ؛ انجذاب ۔

osmosis, osmose, n. (طبیعی کیمیا) سرایت ؛ انجذاب ؛ ولوج ؛
دو مختلف الارتکاز محلولوں کو نیم نفوذ پذیر جھلّی کے ذریعے الگ کیے
جانے پر ، زیادہ کثافت والے محلول کا جھلی سے گزرتے رہنے کا رُجحان ،
تاوقتیکہ دونوں محلول دباؤ میں مساوی نہ ہو جائیں ؛ اس مرور یا نفوذ
کی کوئی مثال ۔ (مجازاً) علم یا خیالات کا تدریجی انجذاب ۔

osmotic, a. ولوجی ؛ سرایتی ؛ انجذابی ۔

osmotically, adv. سرایت کرتے ہوئے ۔

osmund, n. (نباتیات) کرف گُلدار ؛ اسمند ؛
جنس کرف گُلدار (Osmunda) ، سے تعلق رکھنے والی کوئی کرف ،
خصوصاً شاہی کرف یا دار چینی کرف ؛ ایک قسم کی پھولدار فرن ۔

osprey, fish hawk, n. سمندری باز ؛ عُقابِ بحری ؛ ہمائی ؛
مچھلیوں کے لیے غوطہ لگانے والا ، عقاب نما بڑا باز ، جو اوپر سے
بادامی مائل سیاہ اور نیچے سے سفید ہوتا ہے ؛ ہیٹ پر لگائی جانے والی
پروں کی کلغی ۔

ossein, n. (حیاتی کیمیا) اوسین ؛ عظمین . معدنی مادّے
کی علیحدگی کے بعد ہڈی میں بچ رہنے والا گوند جیسا نرم لحمیاتی
مادہ ۔

osseous, a. استخوانی ؛ عظمی ؛ استخوان نما ۔

osseously, adv. استخوانی طور پر ۔

Ossetic, Ossetian, a. [جنوبی سوویت روس میں قفقاز کے
ایک علاقے اوسیتیا کے نام پر] اوسیتیوں سے متعلق ، ان کی زبان یا
وطن کے بارے میں ۔ (اسم) ایرانی بولیوں کے گروپ سے تعلق رکھنے
والی ایک ہند یورپی بولی ، جو اوسیتیوں کی زبان ہے ۔

Osset, Ossete, Ossetian, n. اوسِت ؛ اوسیتیا کے باشندے ؛
اوسیتی ۔

Ossianic, a. [آئرلینڈ کے روایتی شاعر اور سورما اوسیان
سے موسوم ، جو تیسری صدی کے عہد میں تھا] اوسیان یا اس کی
نظموں کے بارے میں . یا ان سے متعلق ؛ اٹھارویں صدی میں لکّھی
گئی جیمز میکفرسن کی نثری نظموں سے متعلق یا ان سے مشابہ ، جن
کے بارے میں اس کا کہنا تھا کہ اوسیان کے اصل مسودے کا ترجمہ ہیں
جو گالک زبان میں تحریر تھیں ۔

ossicle, n. عَظم صغیر ؛ کوئی چھوٹی ہڈی ؛
کوئی ہڈی والا یا ہڈی جیسا چھوٹا حصہ ؛ قاب ؛ کان کی چھوٹی ہڈی ۔

ossicular, ossiculate, a. صغیر عَظمی ؛ چھوٹی ہڈی والی ۔

ossification, n. عظَم سازی ؛ تعظّم ؛ استخواں سازی ؛
ہڈی بننے کا عمل ؛ ہڈی والے مادے میں تبدیل ہونے کا عمل یا تغیر ؛ ہڈی
یا ہڈی جیسی بافت ۔

ossifrage, n. سمندری باز/ریشدار گدھ ؛ ان دونوں بڑے
پرندوں میں سے کوئی ؛ بازِ بحری ؛ عُقابِ بحری ۔

ossify, v.t. ہڈی بنانا ؛ استخواں سازی کرنا ؛
ہڈیوں کی شکل میں ڈھالنا ؛ کسی نرم مادے سے ہڈی یا ہڈی جیسے
سخت مادے میں بدلنا ۔ (فعل لازم) ہڈی بن جانا یا ہڈی جیسا سخت اور
بے لوچ ہو جانا ۔ (مجازاً) نقطۂ نظر یا عادات میں بے لوچ بن جانا ؛ کٹر
پن اختیار کرنا ۔

ossifier, n. استخواں ساز ۔

ossuary, n. استخواں دان ؛ گورستان ؛ ہڑواڑ ؛
وہ جگہ یا برتن جہاں مُردوں کی ہڈیاں جمع کی جائیں ۔

osteal, a. استخواں دار ؛ عَظمی ؛ ہڈی پر مشتمل یا
اس سے متعلق ؛ استخوانی ؛ استخواں نُما ۔

osteitis, n. (امراضیات) ہڈی کی سوزش ؛ ورم عظم ؛ ہڈی
کی بافتوں کی یا ہڈی کی سُوجَن ۔

ostensible, a. ظاہری ؛ دکھاوے کا ؛ بناوٹی ؛ نمایشی ؛
ایک خاص کردار کے حامل کی حیثیت سے پیش کردہ یا ظاہر میں ایسا
نظر آنے والا ؛ ادعا یا بہانہ کیا ہوا ؛ اوپری ؛ نظر پر عیاں ؛ مرئی ۔

ostensibly, adv. بناوٹی طور پر ؛ بظاہر ۔

ostensive, a. نمایاں ؛ نمایشی ، واضح یا صاف طور پر
مظاہری ؛ ظاہری ۔ (منطق) ثابت کیے جانے والا قضیہ واضح طور پر
شامل کرتے ہوئے کوئی عمومی اصول پیش کرنا کرنے والا ۔

ostensively, adv. ظاہری طور پر ؛ نمایشی طور پر ۔

ostentation, n. طُمطُراق ؛ نمود و نمایش ؛ دکھاوا ؛ نمود ؛
پُرتصنع نمایش جس کا محرک خود نمائی یا لوگوں کو متاثر کرنے کی
کوشش ہو ۔ (قدیم) نمایش کرنے کا عمل ۔

ostentatious, a. نمایشی ؛ پر نمود ؛ خودنما ۔

ostentatiously, adv. نمایش کے طور پر ۔

ostentatiousness, n. ظاہر داری ؛ نمود و نمایش یا دکھاوا ۔

osteoarthritis, degenerative joint disease, n. (امراضیات)
ورم مفصل و عَظم ؛ مزمن ورم مفصل ؛ جوڑوں کی تباہ کن بیماری جو
اکثر بڑی عمر کے لوگوں پر حملہ آور ہوتی ہے ؛ وجع المفاصل ۔

osteoblast, n. (تشریح الاعضا) عَظمی نہوضہ ؛ عَظم ساز خلیہ ؛
استخواں ساز خلیہ ؛ ہڈی بنانے والا خلیہ ۔

osteoblastic, a. استخواں ساز خلیے سے متعلق ۔

osteoclasis, n. (تشریح الاعضا) قطعِ عَظم ؛ تخریبِ عَظم ؛
عظمی بافت کی شکستگی و انجذاب ۔ (جرّاحی) بدوضعی کو درست
کرنے کے لیے ہڈی توڑنے کا عمل ۔

osteoclast, n. (تشریح الاعضا) استخواں خوار ؛
مخربِ عَظم خلیہ ؛ قاطع عَظم آلہ ؛ نشو پذیر ہڈی میں پایا جانے والا
ایک بڑا کثیر المرکزی خلیہ ، جو عظمی بافت کو جذب کرتا ہے ، جیسے
ہوا یا غذا کی نالیوں کی تشکیل کے دوران ۔ (جرّاحی) ہڈی کاٹنے والا
آلہ ۔

osteoclastic, a. استخواں خور خلیے سے متعلق ۔

osteoid, a. استخواں نما ؛ استخوانی ۔

osteology, n. عَظمیات ؛ ہڈیوں اور ان کی ساخت سے
متعلق علم تشریح الاعضا کی شاخ ؛ عِلمُ العظام ؛ عِلمِ استخواں ۔

osteologic, osteological, a. عظمیاتی ۔

osteologist, n. ماہرِ عَظمیات ؛ عَظمیات دان ؛ عالِمِ عظام ؛
ہڈیوں کے عِلم کا ماہر ۔

osteoma, n. (امراضیات) عَظمی سلعہ ؛ عظمی بافت سے

مرکّب رسُولی ۔

osteomalacia, n. (امراضیات) رخاوتِ عظام ؛ بعض حیاتین اور معدنیات کی کمی سے ہڈیوں کے نرم پڑ جانے کی حالت ۔

osteomalacic, a. رخاوت عظم سے متعلق ۔

osteomyelitis, n. (امراضیات) ورمِ نخاع العَظم ؛ چھوت سے لگنے والی ہڈیوں کی سوزشی اور پیپ آور بیماری ۔

osteopathy, n. بے آلات کی جرّاحی ؛ مالشی علاج ؛ دستی جراحی ؛ اس مفروضے پر مبنی طریق علاج که اکثر بیماریاں جسم کے کسی نه کسی حصے کی بدوضعی سے پیدا ہوتی ہیں اور ہڈیوں اور عضلات کی ہمواری کے ذریعے ان سے نجات پائی جا سکتی ہے یا علاج کیا جا سکتا ہے ۔

osteopath, n. مالشی معالج ؛ دستی جرّاح ؛ عَظم بند ۔

osteopathic, a. مالشی علاج سے متعلق ۔

osteopathically, adv. مالشی علاج کے طور پر۔

osteophyte, n. (امراضیات) ہڈی کا ابھار ؛ عَظمی زائده ؛ ہڈی کا چھوٹا سا فصوله یا برآمدگی ۔

esteophytic, a. عَظمی زائده سے متعلق ۔

osteoplasty, n. (جرّاحی) عظم پیوندی : نقص یا ضرب ختم کرنے کے لیے ہڈی کو بدلنا ، دوباره بنانا یا لگانا ؛ ہڈی کا پیوند ۔

osteoplastic, a. عَظم پیوندانه ؛ عَظمی پیوندی سے متعلق ۔

osteotome, n. (جرّاحی) عظم تراش ؛ عَظم بر ؛ ہڈی کو کاٹنے یا تقسیم کرنے کا آله ۔

osteotomy, n. (جرّاحی) عَظم تراشی ؛ قطعِ عَظم : ہڈی کو تقسیم کرنا یا اس کے کسی حصے کو کاٹنا ۔

ostinato, n. (موسیقی) مُکھڑا ؛ بار بار آنے والا غنائی فقره یا بول ؛ وه بول جو بار بار دہرایا جائے ۔

ostiole, n. دہانچه ؛ دہانۂ صغیر ؛ چھوٹا سا روزن ، سوراخ یا مسام ؛ دہانچۂ اسفنج

ostiolar, a. دہانچی ؛ مسام دار۔

ostler, n. دیکھیے: Hostler ۔

ostracism, n. جلاوطنی ؛ برادری باہر کرنے کا عمل ؛ برادری نکالا محرومی از حقُوق ؛ اخراج ؛ دیس نکالا ؛ مقاطعه ؛ جلا وطن کرنے یا نکالنے کا عمل ؛ سماجی مقاطعه یا جلاوطنی کی ناگوار صورت حال ؛ قدیم یونانیوں کا ایک سیاسی اقدام جس کے ذریعے ناپسندیده افراد ، عوامی رائے شماری سے ، کچھ سالوں کے لیے جلا وطن کر دیے جاتے تھے ؛ عام رضامندی سے معاشرتی مراعات سے محرومی ؛ اخراج ؛ معاشرتی مقاطعه ، ترک موالات ۔

ostracize, v.t. حقّه پانی بند کرنا ؛ برادری باہر کرنا ؛ برادری سے نکالنا ؛ دیس نکالا دینا ؛ جلا وطن کرنا ؛ عوامی فیصلے کے ذریعے سماج سے نکال دینا ؛ عوامی یا نجی ہمدردی سے محروم کر دینا ؛ وطن سے نکال دینا ؛ عوامی رائے کے ذریعے وطن بدر کر دینا ۔

ostracod, n. (حیوانیات) تازه اور سمندری دونوں طرح کے پانیوں میں پایا جانے والا ذیلی طبقے کا کوئی چھوٹا قشریه ، جس کی نمایاں خصوصیت ایسا ذوصمامی قشر پوش ہوتا ہے جو قشریے کے قطع دار ملحقات کو باہر نکال کر تیرتے ہوئے آگے بڑھتا ہے ۔

ostracodan, ostracodous, a. محوله بالا قشریه سے متعلق ۔

ostrich, n. شُتر مرغ ؛ نعامه ؛ سنگ خور جنس نعامه (Struthio) سے تعلق رکھنے والے ، دنیا بھر میں سب سے بڑے ، سب سے زیاده تیز پا ، دو انگلیوں اور اڑ نه سکنے والے پرندے کی متعدد انواع میں سے کوئی ، جو عرب تا جنوبی افریقه کے بنجر صحرائی خطوں میں پائی جاتی ہیں اور جن کے بازوؤں اور دم کے پر کلاه سازی میں کام آتے ہیں ؛ جنس ریا (Rhea) کا ایک بڑا بے پرواز پرنده ، جو جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے ،جس کی تین انگلیاں ہوتی ہیں اور اسے سہواً امریکی شتر مرغ کا نام دیا جاتا ہے ۔ (مجازاً) ایسا شخص جو خطرے کے وجود سے انکار کر کے خطرے سے بچ نکلنا چاہے یا جو سر پر کھڑی مصیبت کو نه دیکھے ۔

Oswego tea, bee balm, n. [ریاست نیویارک کے شہر اوسویگو سے موسوم] (نباتیات)اوسویگوبام ؛ شمالی امریکا کے مشرقی حصے میں پایا جانے والا جنس نعناع کا ایک اونچا ، خوشبو دار پودا ، جو اپنے گہرے سرخ پھولوں کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ۔

other, a. دوسرا اور دیگر ؛ مزید ؛ دوسرا شخص ؛ دوسری شے ؛ اور شخص یا چیز ؛ دو یا زیاده میں سے باقی ره جانے والا ایک (جیسے : the other hand) ؛ کسی تعداد میں سے باقی ره جانے والے (جیسے : the other men) ؛ اضافی یا زائد (جیسے : he and one other person) ؛ بیان یا اشاره شده اشخاص سے مختلف اور ممتاز (جیسے : in this or some other city) ؛ فطرت یا نوع میں الگ (جیسے : to wish a child to be other than he is) ؛ گزشته (جیسے : to recall the customs of other times) ؛ اگلا یا متبادل (جیسے : every other year) ؛ ماضی قریب کا یا گزشته (جیسے : the other morning) ۔ (ضمیر) دوسرا (جدا) آدمی یا الگ شخص یا شے (جیسے : some child or other) ؛ کوئی دیگر شخص یا چیز (جیسے: no other in existence, others to be considered)۔ (متعلق فعل) اور طرح ؛ مختلف طور سے ؛ بصورت دیگر۔

otherness, n. دوسرا پن ؛ اختلاف ؛ فرق ۔

otherwise, adv. بصورت دیگر ؛ دوسرے طریقه سے ؛ اور طرح ؛ دیگر پہلوؤں سے ؛ ورنه ؛ مختلف طور سے ؛ دوسری طرح سے ؛ اور وجوه سے ؛ مختلف حالات میں ؛ دوسری باتوں میں ۔ (صفت) دوسرا ؛ مختلف ؛ برعکس ؛ مختلف حالات کے تحت ۔

other world, n. دوسری دنیا ؛ عَالَمِ آخرت ؛ عقبیٰ ؛ دنیائے مُردگاں ؛ آنے والی دنیا ۔

otherwordly, a. دوسری دُنیا سے متعلق ؛ اُخروی ؛ عقبیٰ کا ؛ ایک اور ہی دنیا کا ، جو اکثر مثالی ، اس کے بارے میں ، اس سے مخصوص ، جیسے من کی دنیا یا دنیائے تخیل یا آنے والی روحانی دنیا ؛ مادی دنیا سے بے خبر ۔

otherwordliness, n. اخرویت ؛ آخرت ۔

otic, a. اُذنی ؛ گوشی ؛ کان کا یا کان سے متعلق ۔

otiose, a. بیکار ؛ ناکاره ؛ فضول ؛ غیر ضروری ؛ غیر مؤثّر ؛ بے مصرف ؛ فالتو ؛ بے ضرورت ۔

otiosely, adv. فضول یا غیر ضروری طور پر۔

otioseness, otiosity, n. فضولیت ؛ بے اثری ؛ بے مصرفی ۔

otitis, n. (امراضیات) ورمِ اُذن ؛ سوزشِ گوش ؛ کان کی سوزش ؛ کان کی سوجن ۔

otocyst, n. (حیوانیات) گوش حصالہ ؛ سمعی انبان ؛ سمعی کیسہ ؛ متعدد بے ریڑھ حیوانات میں پائے جانے والے مفروضہ سمعی اعضا میں سے ایک ، جو غالباً زیادہ تر ، اعضائے حِس سمت و توازن کے طور پر کام کرتے ہیں۔

otocystic, a. سمعی انبانی ؛ گوش حصالی۔

otolaryngology, n. عِلمِ امراض گوش ، بینی و گُلو ؛ کان ، ناک اور گلے کے علاج معالجے سے متعلق عِلمِ طِب کی شاخ۔

otolaryngologist, n. کان ، ناک اور گلے کی بیماریوں کا ماہر۔

otolith, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) کان کا پردہ ؛ ریڑھ والے حیوانوں کے کانوں کے اندرونی جوفوں یا بے ریڑھ حیوانوں کے گوش حصالہ میں ایک چھوٹا سا حجری جسم ؛ حصاۃ الاُذن۔

otolithic, a. حصاۃ الاُذن سے متعلق۔

otology, n. اُذنیات ؛ عِلمِ گوش ؛ عِلمِ امراضِ گوش ؛ کان اور کان کی بیماریوں سے تعلّق رکھنے والی عِلمِ طِب کی شاخ۔

otological, a. اُذنیاتی ؛ امراض گوش کا/کے بارے میں۔

otologist, n. امراضِ گوش کا ماہر ؛ ماہرِ اُذنیات ؛ اُذنیات دان۔

otoscope, n. گوش بیں ؛ اُذن بیں ؛ گوش بیں آلہ ؛ کان کے اندرونی حصوں کا معائنہ کرنے والا آلہ ؛ (کان کے اندر) سماعت جانچنے کا آلہ ؛ مراۃُ الاُذن۔

otoscopic, a. گوش بیں سے متعلق ؛ اس آلے سے متعلق۔

otoscopy, n. (آلے کے ذریعے) گوش بینی ، معائنۂ گوش۔

ottava, adv. (موسیقی) تحریر شدہ سپتک سے اوپر یا نیچے بجایا جانے والا ؛ یہ ہدایت سُر کی علامتوں کے اوپر یا نیچے درج ہوتی ہے۔ مخفف : 8va ۔

ottava rima, n. مثمّن ؛ ترکیب بند ، آٹھ مصرعی اطالوی بند ، جس کے پہلے چھ مصرعوں میں ہر دوسرا مصرعہ ہم قافیہ ہوتا ہے ، جبکہ آخری دو مصرعے بیت کی شکل میں ہوتے ہیں (جیسے : abababcc)۔

Ottawa, n. اٹاوا ؛ الگو نکی نسل کا انڈین قبیلہ ، جو آئروکوئس نسل کے ہاتھوں جھیل ہردن کے نزدیک اپنے گھروں سے نکالے جانے کے بعد ، جھیل سپیریئر اور جھیل مشی گن کے نواحی علاقے میں آباد ہوا ؛ اس قبیلے کا فرد۔

otter, n. اود بلاؤ ؛ اُدھڑ ؛ لدھر (Lutra) جنس کے متعدد ماہی خور آبی ، کھلنڈرے میمل حیوانوں میں سے کوئی ، جو جھلی دار پنجے ، سخت مُوگل مچھے ، نیز قدرے چپٹی ، لمبی نوکدار دم رکھتا ہے اور اپنی گہری بھوری ، ہموار سمور کی بدولت تجارتی طور پر بیش قیمت ہوتا ہے ؛ اس جانور کی سمور ؛ پیراوین ؛ چھتر پرہ ؛ اوٹر۔

otto, n. دیکھیے : Attar۔

ottoman, n. اوٹومن ؛ دیوان یا صوفہ ؛ نیچی گدے دار نشست جو پشت یا بازوؤں کے بغیر ہو ؛ پاؤں رکھنے کا گدے دار اسٹول ؛ ریشم (یا مصنوعی ریشم) کا کپڑا جس میں آڑے رخ پر ڈوری ہوتی ہے۔

Ottoman, a. [عثمانی سلطنت کے بانی عثمان کے نام پر] عُثمانی ؛ ترکی کے شاہی خاندان کے حوالے سے یا ترکی کی سلطنت کے بارے میں ، جسے ۱۳۰۰ء میں عثمان نے قائم کیا تھا ؛ ترک۔ (اسم) عثمان کے خاندان یا قبیلے سے تعلق رکھنے والا ترک ؛ ترکیہ کا باشندہ۔

ouabain, n. (کیمیا) وابن ؛ بنیادی طور پر جنوبی افریقہ کے درخت ، تبابی گل (strophanthus glaber) سے حاصل ہونے والا ، شباہت میں سفید اور قلمی گلائی کوسائڈ جو محرکِ قلب کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

oubliette, n. کال کوٹھری ؛ ایسا قید خانہ جس کا راستہ صرف چھت میں سے ہو ؛ چور کوٹھری۔

ouch, interj. ہائے ؛ وائے ؛ آہ ؛ اچانک درد کا کلمۂ اظہار یا فجائیہ۔

ought, aux., v. چاہنا ؛ ضرور چاہنا ؛ اخلاقی ذمّہ داری رکھنا (جیسے : we ought to be truthful) ؛ درست ، مناسب یا قابل قبول ہونا (جیسے : You ought to answer invitations) ؛ قابل یقین ، معقول یا فطری فرض کیا جانا یا متوقع ہونا (جیسے : The computer ought to give the correct answer)۔ (اسم) اخلاقی ذمہ داری۔

ought, n. (لغوی) کچھ نہیں ؛ (naught) کی بگڑی شکل۔

oughtn't (ought not) کا مرخّم ، بمعنی : نہیں چاہیئے۔

Ouija, n. ویجا ؛ ایک بڑے تختے کے سہارے ، جس پر الفاظ ، حروف اور دیگر رسم الخط لکھے ہوتے ہیں ، لگی ہوئی چھوٹی سی تختی پر مشتمل آلہ ؛ چھوٹی تختی کے بڑے تختے پر حرکت کرنے اور الفاظ و حروف کے چھونے کو الہامی جواب اور اشراقی پیغام سمجھا جاتا ہے۔ (تجارتی نشان)۔

ounce, n. اونس ؛ وزن کی اکائی جو ایک پونڈ ٹرائے (سونا چاندی تولنے کا برطانوی وزن) کا بارھواں حصہ اور ۴۸۰ گرین کے مساوی ہے ؛ وزن کی اکائی جو ایک پونڈ معیاری (برطانوی نظام وزن) کا سولھواں حصہ اور ۴۳۷٫۵ گرین کے برابر ہے۔ مخفف (Oz)۔ مائع اونس۔ مخفف (fl. oz.)۔ ذرا سی مقدار (جیسے : an ounce of sense)۔

ounce, n. تیندوا ؛ برفانی چیتا ؛ یوز۔

oru, pronominal, a. ہماری ؛ ہمارا ؛ توصیفی اسم کے طور پر استعمال ہونے والے شخصی اسم ضمیر 'We' کی حالت اضافی (جیسے : our country, our rights)۔

Our Father, n. خداوند تعالیٰ ؛ رب العالمین ؛ کلیسا میں گائی جانے والی مقدّس باپ کی ثنا۔ دیکھیے : Lord's prayer۔

ours, pron. ہمارا ؛ 'us' یا اس سے متعلق ؛ 'our' اور کسی اسم کے بجائے بطور فاعل ، مفعول یا خبری اسم استعمال ہونے والی we کی حالت اضافی (جیسے : Ours is the best, they took their papers and ours, this book is ours.)۔

ourself, pron. بذات خود ؛ خود ہی ؛ آپ ہی؛میں آپ ؛ میں خود ؛ اپنے آپ ؛ ہم آپ ؛ شاہی یا رسمی انداز میں استعمال کیے جائیں تو myself یا ourselves ایک ہی فرد واحد کی طرف اشارہ کرتے ہیں (جیسے : We ourself, shall attend the opening session)؛کسی کا اپنا وجود جو دوسروں سے نمایاں ہو (جیسے : Each of us must decide the quesiton for ourself)۔ اپنے تئیں ؛ ہم خود ۔

ourselves, pron. ہم آپ ؛ ہم خود ؛ جمع اسم ضمیر کا

راجع الی الفاعل یاتاکیدی شکل (جیسے : We treated ourselves to a good dinner, we ourselves prefer modern art.)؛ our کی عمومی کیفیت کا اظہار (جیسے : we did not feel ourselves all day.) ۔

oust, v.t. نکال دینا ؛ بے دخل کرنا ؛ محروم کر دینا ؛ باہر کر دینا ، جیسے عہدے یا کسی مقام سے ؛ زبردستی ہٹا دینا ۔ (قانون) ملکیت سے محروم کر دینا ۔

ouster, n. ہٹانے یا محروم کرنے والا ؛ اخراج یا بے دخلی ۔ (قانون) ایسی ملکیت سے بے دخلی جو قانوناً اور جائز طور پر قبضے میں ہو ۔

out, adv. باہر ؛ دُور ؛ ظاہر ؛ عہدے یا جگہ سے الگ ؛ سامنے ؛ سے آگے ، سے دور یا جگہ (جیسے : to rush out, out of town, out of fashion) ؛ اپنے گھر یا دیس سے دور (جیسے : on the voyage out) ؛ اپنے کام سے دور (جیسے : out on account of illness) ؛ عدم وجود کو (جیسے : light going out) ؛ ہڑتال پر (جیسے : miners are out) ؛ تعداد ؛ ذخیرے یا گودام سے (جیسے : to pick out) ؛ بنیاد ؛ سبب یا وجہ سے (of کے ساتھ ، جیسے : out of pity, made out of scraps) ؛ بڑھانے یا طول دینے کے لیے (جیسے : to stand out) ؛ دلجمعی ، اطمینان یا ہم آہنگی کی حالت سے (جیسے : to feel put out, to fall out with a friend) ؛ صحیح بات سے دور (جیسے : out in ones calculations) ؛ محروم کرنے یا محروم ہونے کے لیے (of کے ساتھ ، جیسے : to cheat out of money) ؛ آخر تک استعمال کرتے ہوئے (of کے ساتھ ، جیسے : out of coal) ؛ انجام یا اختتام کی سمت (جیسے : to fight it out) ؛ تکمیل یا اثر انگیزی کے ساتھ (جیسے : to fit out, to dig a hole out) ؛ وجود ، فعالیت یا ظاہری اظہار میں (جیسے : fever breaking out, the flowers being out) ؛ عوامی علم یا توجہ میں (جیسے : the truth coming out) ؛ معاشرتی رسم و رواج میں (جیسے : a young girl who came out last season) ؛ زور سے یا باآواز بلند (جیسے : to speak out) ۔ (حرف جار) سے باہر یا آگے (جیسے : out the window) ؛ کے باہر ، بیرونی حدود میں یا پرے ؛ پر یا ساتھ ساتھ (جیسے : کے باہر ، بیرونی حدود میں یا پرے ؛ پر یا ساتھ ساتھ (جیسے : Go out the old road) ۔ (حرف فجائیہ) دفع ہو جاؤ ؛ دور ہو جاؤ ۔ (صفت) عریاں چھوڑا ہوا (جیسے : out at the elbows) ؛ جو معمول کی انتہا یا حدوں میں نہ ہو (جیسے : a ball being out) ؛ غلط سمجھا ہوا (جیسے : out in your figuring) ؛ معینہ مالی خسارے پر (جیسے : out five dollars) ؛ محروم یا بغیر (جیسے : having bread and then being out) ؛ کم مشق (جیسے : a back hand that is out) ؛ بے حواس ، بے ہوش (جیسے : a boxer who was out in the second round) ؛ ہٹا ہوا یا مؤثر عمل یا کارکردگی سے محروم (جیسے : out for the quarter) ؛ ملازمت یا عہدے سے محروم ؛ خاتمے پر (جیسے : before the year is out) ؛ اختلاف رکھنے والا (جیسے : being out over the matter of salary) ؛ حالت کار میں نہ ہو (جیسے : a radio that is out) ؛ گل شدہ ؛ باہر رخ کیے (جیسے : the out train) ؛ غیر ممکن (جیسے : a tour that is out) ؛ غیر معمولی (جیسے : an out selection) ۔ (بیس بال) معینہ بیس پر پہنچنے میں ناکامی (جیسے : out at first, out trying to steel) ۔ (اسم) وہ شخص جو باہر ہو یا شے جو کارکردگی میں نہ ہو ؛ بچاؤ یا چوروالو/صمام (valve) (جیسے to have an out) ۔ (طباعت) لفظ یا الفاظ کا ترک یا چھوٹا ہوا لفظ ۔ (بیس بال) پٹ آؤٹ ۔ (جمع) اختلاف یا خراب تعلقات (جیسے : on the outs) ۔ (فعل لازم) ظاہر ہونا/سامنے ہونا (جیسے : murder will out) ؛ سے جانا یا باہر جانا ؛ منہ سے نکالنا یا بولنا (جیسے : come out with your speech) ۔ (فعل متعدی) بُجھا دینا ، گل کر دینا ۔

all out, مکمل طور سے ؛ پوری طاقت سے ۔

out and away, بہت دور ۔

out and out, مکمل طور سے ؛ پوری طرح سے ؛ کھلے طور سے ۔

out from under, کسی مشکل یا بوجھ سے نجات یافتہ ۔

out of hand, قابو سے باہر ۔

outage, n. (برق) آؤٹیج ؛ برقی رو مُنقطع ہونے کی صورت میں کسی نظام کی غیر فعالیت ؛ برقی رو کے منقطع رہنے کا وقفہ ؛ سامان کے گم ہونے یا کم ہونے کی مقدار ، جیسے کسی برتن سے ۔

outbalance, v.t. مقابلۃً زیادہ بھاری (یا وزنی) ہونا ؛ زیادہ اہم ہونا ۔

outbid, v.t. بڑھ کر بولی دینا ؛ بولی لگانے میں آگے نکل جانا ؛ بولی میں بڑھ جانا ۔

out bidder, n. بڑھ کر بولی دینے والا ۔

outboard, a. جہاز یا طیّارے کے بیرونی حصّے پر واقع ؛ جہاز یا ڈھانچے کے مرکزی خط سے کم نزدیکی پر واقع ؛ مشین کے ایسے حصّے کے بارے میں جو مرکزی بیرنگ سے باہر ہو ؛ ایسی کشتی سے متعلق جس کا انجن نقل پذیر ہو ۔ (متعلق فعل) باہر کی طرف یا مرکز سے دور تر ۔ (اسم) نقل پذیر یا نقل پذیر موٹر والی کشتی یا بذات خود موٹر ۔

outboard motor, n. دستے اور پنکھے والا نقل پذیر یا منقولہ انجن ، جو عموماً پٹرول سے چلتا ہے اور چھوٹی کشتی میں لگایا جاتا ہے ۔

outbound, a. باہر جانے والا (جیسے : outbound vessel, outbound traffic) ۔

outbrave, v.t. بہادری میں سبقت لے جانا ؛ بہادری میں پیچھے چھوڑ دینا ؛ روبرو ہونا یا سرکشی سے ڈٹے رہنا ۔

outbreak, n. برپائی ؛ پھوٹ ؛ شروعات ؛ آغاز ؛ اچانک ابال جیسے جنگ ، غصے یا مرض کا ؛ ہنگامہ یا دنگا فساد ؛ عوامی شورش ؛ بلوہ ؛ شوروشر ؛ فساد یا عوامی بدنظمی ۔

outbreed, v.t. بَرون زواجی کرنا ؛ غیر نسبتی جوڑوں کی جفتی سے منتخبہ نسل افزائی کرنا ؛ تیز تر نسل بڑھانا ؛ منتخبہ نسل افزائی سے ختم کرنا جیسے کسی ناپسندیدہ خاصے یا خدوخال کو ۔

outbreeding, n. برون زواجیت ؛ تیز افزایش نسل ۔

outbuilding, outhouse, n. ملازم خانہ ؛ مکانِ ملازمین ؛ مرکزی عمارت سے ذرا الگ تعمیر شدہ ذیلی عمارت ؛ مکان شاگرد پیشہ ۔

outburst, n. پھٹن ؛ ہیجان ؛ طوفان ؛ اچانک اور شدید/ اتھل پتھل جیسے جذبات کی ؛ اچانک اور زور دار بہاؤ یا اخراج ؛ زور یا جوش ، جیسے توانائی یا افزایش کا ؛ سیلاب ؛ ہنگامہ ؛ ہلچل ؛ ابال ۔

outcast, n., a. خارج شدہ ؛ بے خانماں ؛ آوارہ وطن ؛ بے کس ؛ بے یار و مددگار ؛ مردود ؛ جسے تج دیا گیا ہو یا نکال دیا گیا

outermost, a. انتہائی بیرونی ؛ سب سے زیادہ دُور کا ؛ مرکز سے دُور ترین ۔

outer space, n. خلائے بسیط ؛ کرۂ ہوا سے پرے کا خلا ؛ بین النجوم اور بین سیاراتی خلا ۔

outface, v.t. سامنا کرنا ؛ خاطر میں نہ لانا ؛ مقابلہ کرنا ؛ ڈٹ جانا ۔

outfall, n. نکاس نالہ ؛ نکاس ؛ بدر ریز ؛ دریا ، نالہ ، بدرو یا ایسی ہی کسی چیز کا مخرج ۔

outfield, n. (بیس بال) بیرونی میدان (آوٹ فیلڈ) ؛ اندرونی میدان سے پرے میدان کا حصّہ یا اس میں متعین کھلاڑی ۔ (کرکٹ) میدان کا وہ حصّہ جو بلّے باز سے دُور ترین ہو ۔ (زراعت) فارم یا ایسی ہی کسی جگہ کی دُور افتادہ زمین ؛ بیرونی کھیت ۔

outfielder, n. (کھیل) بیرونی میدان میں متعین کھلاڑی ۔

outfighting, n. اصل متنازعہ علاقے یا ہیڈکوارٹر سے نسبتاً زیادہ فاصلے پر ہونے والی لڑائی ۔

outfit, n. پوشش ؛ (کسی خاص مقصد کا) لباس وغیرہ ؛ خصوصی سامان ؛ بحری ، بری یا تفریحی سفر ، مہم یا ایسے ہی کسی مقصد کے لیے لباس یا سامان اکٹھا کرنے کا عمل ؛ تیار یا لیس ہونے کے لیے چیزوں کا مجموعہ (جیسے : an explorer's outfit) ؛ کسی مقصد کے لیے اشیا کا مجموعہ (جیسے : a cooking outfit) ؛ مربوط لباس کا مکمل مجموعی تاثر ۔ (بول چال) افراد کی ٹولی جو کسی مقصد کے لیے ایک اکائی کی طرح مجتمع ہو ، جیسے فوجی یونٹ ؛ کوئی جماعت ، کمپنی یا مجموعہ ؛ سازو سامان ؛ لوازمات ؛ سازو برگ ؛ سامان کیل کانٹا ؛ اوزار ۔ (فعل متعدی) خصوصی لباس یا سامان سے آراستہ کرنا ؛ لیس کرنا ، جیسے جہاز کو ؛ ضروری سازو سامان سے لیس کرنا ۔ (فعل لازم) خصوصی لباس یا سامان سے لیس ہونا ۔

out fitter, n. کپڑے یا سفر وغیرہ کا سامان بیچنے والا ؛ رسدرساں ؛ پوشش ساز ؛ لوازمہ کار ۔

outflank, v.t. دشمن کی فوج کے پہلوؤں تک پھیل جانا ؛ پہلو یا بازو تک جانا یا وہاں سے پیچھے تک پھیل جانا ، جیسے کسی مقابل رجمنٹ یا ٹیم کے ؛ غلبہ پانا ؛ دائیں بائیں بڑھ جانا ؛ حریف کے ایک طرف سے ہو کر آگے نکل جانا ۔

out flanker, n. بڑھ کر چال چلنے والا ؛ غلبہ پانے والا ۔

outflow, n. بہاؤ ؛ مخرج ؛ جریان ؛ بہ نکلنے کا عمل ؛ وہ شے جس کا اخراج ہو ۔

outfoot, v.t. بھاگنے ، چلنے ، ناچنے یا ایسے ہی کسی کام میں پیچھے چھوڑ دینا ۔ (جہازرانی) بڑھ جانا جیسے دوسری کشتی سے رفتار میں ۔

out fox, v.t. عیّاری سے غلبہ پالینا ؛ خوش تدبیری سے ہرا دینا ؛ چالاکی میں بڑھ جانا ۔

outgeneral, v.t. جرنیلی میں بڑھ جانا ؛ بہتر چالوں یا دوسری فوجی مہارت کے سبب سبقت لے جانا ۔

outgo, v.t. آگے نکل جانا ؛ بازی لے جانا ؛ پیچھے چھوڑ جانا ۔ (قدیم) نسبتاً تیز جانا ؛ بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا ۔ (اسم) اخراج ؛ بہاؤ ، جیسے بجلی کا ؛ اخراجات ؛ خرچ ۔

ہو ؛ وطن بدر ؛ گھر یا دیس سے نکالا ہوا ؛ آوارہ گرد ؛ ترک کیا ہوا ؛ ترک شدہ ، پھینکا ہوا ؛ رد کیا ہوا ۔

outcaste, n. ذات باہر ؛ برادری سے خارج ؛ ذات بدر ؛ برصغیر میں وہ شخص جو اپنی برادری کی رکنیت سے محروم ہو گیا ہو ؛ جس کی کوئی ذات نہ رہ گئی ہو ۔

outclass, v.t. بہتر قسم کا ہونا ؛ بڑھ کر ہونا ؛ سے بہت بڑھ کر ہونا ؛ معیار یا درجے میں پیچھے چھوڑ جانا ؛ نمایاں طور پر اعلیٰ درجے کا ہونا (یا ثابت ہونا) ؛ بہتر درجے کا ہونا ۔

outcome, n. (کا) نتیجہ ؛ جو کسی بات کا حاصل ہو یا برآمد ہو ؛ ماحصل ؛ انجام ؛ فیصلہ ؛ اختتام ۔

outcrop, n. (ارضیات) سطحی چٹان ؛ بارزہ ؛ بالا آمدہ طبق ؛ سطحِ زمین پر کسی جھکے ہوئے پرت کا ظہور ؛ وہ حصہ جو اس طرح باہر نکل آیا ہو ؛ کسی بھی چیز کا یکایک آغاز ؛ ابھری ہوئی پرت ۔ (فعل لازم) (ارضیات) زمین کی سطح سے اوپر نظر آنا ؛ ابھر آنا ؛ جیسے زمین کی پرتوں کا ۔

outcross, v.t. (حیاتیات) دوغلا پیدا کرنے کے لیے ملاپ کرنا ، جیسے ایک ہی نسل کے مختلف الخصوصیات جانوروں کا ؛ اس طرح ملاپ سے جنم دینا ۔ (اسم) (حیاتیات) اس طرح ملاپ کا عمل یا اس کے نتیجے میں جنم لینے والا دوغلا ۔

outcrossing, n. ایک ہی نسل کے مختلف الخصوصیات جانوروں کا ملاپ ۔

outcry, n. چیخ ؛ شوروشر ؛ شوروغوغا ؛ پُرجوش آواز ؛ غل غپاڑا ؛ اونچی پکار ؛ مصیبت ، خطرے یا برحق غُصّے یا ایسی ہی کسی حالت میں بلند ہونے والی پکار ؛ فریاد ؛ دُہائی ؛ پرشور مخالفت ؛ نیلام کے ذریعے فروخت ۔ (فعل متعدی) چیخنے یا چلانے میں پیچھے چھوڑ جانا ؛ نسبتاً اونچا چیخنا ۔

outcurve, outshoot, n. (بیس بال) باہر کی طرف یا بلّے باز سے دور کا ٹپا ۔

outdate, v.t. پُرانا ، قدیم یا کُہنہ بنا دینا ؛ دقیانوسی یا متروک کر دینا ۔

outdated, a. دقیانوسی یا متروک ۔

outdistance, v.t. بہت آگے نکل جانا ؛ بہت پیچھے چھوڑ جانا ؛ مقابلے یا پیشے میں پیچھے چھوڑ دینا یا آگے بڑھ جانا ۔

outdo, v.t. بہتر کام کرنا ؛ سبقت لے جانا ؛ بازی لے جانا ؛ عام توقعات سے بڑھ کر کارکردگی دکھانا ؛ فائق ہونا ؛ آگے نکل جانا ۔

outdoer, n. بازی یا سبقت لے جانے والا ؛ دوسروں کو پیچھے چھوڑ جانے والا ۔

outdoor, outdoors, a. بیرونی ؛ بیرون در ؛ زیر سما ؛ کھلی فضا میں یا گھر سے باہر ۔ (زیادہ تر برطانوی) رفاہی ادارے کی حدود سے باہر دی جانے والی امداد یا سرگرمیوں سے متعلق ۔

outdoors, adv. گھر سے باہر ؛ کُھلی فضا میں ۔ (اسم) (جمع لیکن ترکیب میں واحد) دنیائے بیرونِ در ؛ کھلی فضا ۔ (صفت) بیرونی ۔

outer, a. بیرونی ؛ معروضی ؛ خارجی ؛ مرکزی نقطے سے دُور تر ۔ (اسم) نشانے کا وہ حصّہ جو آنکھ کے گرد بنے ہوئے دائروں سے پرے ہو ؛ اس حصّے میں لگنے والا نشانہ ۔

outgoing, a. رخصت ہونے والا ؛ باہر جانے والا (جیسے : .out going tenant) ؛ دوستانہ یا اثر پذیر ۔ (اسم) باہر جانے کا عمل ؛ بیروں روی ؛ جو باہر جاتا ہو ۔ (عموماً جمع ، برطانوی) محارج ؛ خرچ ؛ لگا ہوا سرمایہ ؛ مصارف ؛ اخراجات ۔

outgrow, v.t. افزایش میں سبقت لے جانا ؛ بڑا ہو جانا ؛ چھوڑ دینا ؛ ترک کر دینا ؛ بڑھوتری میں پیچھے چھوڑ جانا ؛ قد کاٹھ میں بڑھ جانا (جیسے : a child outgrows its clothes) ؛ مطابقت یا ہمدردی سے گزر جانا (جیسے : .to outgrow early surroundings or friends) ؛ نشوونما یا مرورِ ایام کی ضمنی تبدیلیوں میں پیچھے چھوڑ دینا یا گنوا دینا (جیسے : to out grow opinions, habits or weaknesses) ۔

outgrowth, n. شاخسانہ ؛ بربالیدگی ؛ نتیجہ ؛ زائدہ ؛ برآمدگی ؛ آگے کی سمت افزایش ؛ جو باہر کو بڑھتا ہو ؛ شاخ ؛ فضولہ ۔ (مجازاً) کوئی فطری پیش رفت ، پیداوار یا ماحصل ۔

outguess, v.t. اپنے کو زیادہ چالاک ظاہر کرنا ؛ پیش بندی کرنا یا پیش بینی کرنا ۔

outhaul, n. (جہازرانی) مستول یا اس کے ملحقات پر بادبان کو کھینچنے والی رسی ۔

out-Herod, v.t. [شکسپیری لفظ ، ہیرودیس سے موسوم ، جس کی قدیم پراسرار تمثیلوں میں نمائندگی ہوتی ہے ۔] اسراف یا زیادتی میں حد سے گزر جانا یا بڑھ جانا (جیسے : She out-Heroded Silas Marner in miserliness.) ۔

outhouse, n. چھوٹی ملحقہ عمارت ؛ باہری مکان ؛ ذیل داری ؛ ایسا چھوٹا مکان یا عمارت جو مرکزی عمارت کے نزدیک ہو ؛ بیرونی بیت الخلا ؛ شاگرد پیشے کا مکان ؛ ملحقہ مکان ۔

outing, n. سیر سپاٹا ؛ سیر ، تفریحی سفر یا کوئی ایسی ہی مصروفیت ؛ ہوا خوری ؛ سمندر کا وہ حصّہ جو ساحل سے دُور ہو ۔ (صفت) سیر سپاٹے کا ۔

outing flannel, n. ایک طرح کا ہلکا سوتی کپڑا جس کی سطح پر چھوٹا چھوٹا رُواں ہوتا ہے ؛ چھوٹے روئیں والا ہلکا سُوتی کپڑا ۔

outjockey, v.t. گھات ، داؤ یا جوڑ توڑ کے ذریعے غلبہ پالینا ؛ زیادہ چالاک نکلنا ؛ دھوکا دے کر غالب آنا ؛ چرکا دینا ۔

outland, n. (عموماً جمع) کسی مُلک کے دور افتادہ حصّے ؛ مفصلات ۔ (قدیم) دیار غیر ؛ اجنبی ملک ؛ بدیس ۔ (صفت) دور افتادہ ۔

outlander, n. دُور دیس کا ؛ دور افتادہ علاقے یا بدیس کا باشندہ ؛ غیر مُلکی ۔

outlandish, a. کسی دُوسرے دیس کا ؛ پردیسی ؛ اجنبی ؛ شکل صورت یا اقدام سے عجیب اور نامانوس ؛ بے ڈھنگا یا حد درجہ مضحکہ خیز (جیسے : an outlandish idea) ؛ بدیسی ؛ پرے کا یا دور افتادہ ۔

outlandishly, adv. بے ڈھنگے یا انوکھے پن سے ؛ اجنبی طور سے ۔

outlandishness, n. اجنبیت ؛ مضحکہ خیزی یا بے ڈھنگا پن ۔

outlast, v.t. (مقابلۃً) زیادہ چلنا ، زیادہ کام دینا ؛ زیادہ رہنا ؛ معیاد میں بڑھ جانا ؛ زیادہ دیر تک جینا ۔

outlaw, n., a. اشتہاری مجرم ؛ مفرور ؛ جلاوطن ؛ عادی مجرم ؛ قانون توڑنے کی سزا میں قانونی مراعات و حمایت سے محروم شخص ؛ ایسا گھوڑا یا کوئی اور جانور جسے سدھایا نہ گیا ہو یا سدھانے کے قابل نہ ہو ؛ راندۂ قانون ۔

outlaw, v.t. سر سے قانون کا سایہ اٹھا لینا ؛ قانونی دائرۂ اختیار سے ہٹا دینا یا قانونی پشت پناہی سے محروم کر دینا (جیسے : The debt was outlawed by the statute of limitations) ؛ ممنوع قرار دینا ؛ قانونی مراعات و حمایت سے محروم کر دینا ، جیسے کسی فرد یا گروہ کو ؛ مجرم قرار دینا ۔

outlawry, n. قانونی مراعات و حمایت سے محرومی ۔

outlay, n. خرچ ؛ صرفہ ؛ مصارف ؛ الگ رکھنا یا خرچ کرنا ، جیسے روپے کا ؛ جو الگ رکھا یا خرچ کیا جائے ؛ ادائیگی ۔ (فعل متعدی) خرچ کرنا یا بانٹنا ، جیسے روپیہ ۔

outlet, n. مہانا ؛ نکاس ؛ باہر نکلنے کا راستہ ؛ موکھا ؛ مخرج ؛ بدرو ؛ وہ جگہ یا سوراخ جہاں سے کوئی چیز چھوڑی جائے ، نکالی جائے یا خارج کی جائے ۔ (برق) تاروں کے نظام کا وہ حصّہ جہاں سے برقی رَو لی جاسکے ؛ کوئی ذریعۂ خود اظہاری (جیسے : painting as an emotional outlet) ؛ پیداوار کے لیے منڈی ، جیسے کوئی دُکان یا اور سہولت ۔

outlier, n. منفصل حصّہ ؛ باہری ؛ وہ شخص جو باہر ہو یا وہ شے جو [illegible] پڑی ہو ؛ وہ شخص جو اپنے کام یا روزگار یا ایسی ہی کسی [illegible] ابر سکونت رکھتا ہو ۔ (ارضیات) شکست و ریخت یا آب برد [illegible] سبب اردگرد کی چٹان منتقل ہونے سے الگ ہو جانے والے طبقاتِ [illegible] کا حصّہ ۔

outline, n. خاکہ ؛ خُلاصہ ؛ محیط ؛ چوکھٹا ؛ کسی شکل یا شے کو معیّن یا محدود کرنے والا حقیقی یا ظاہری خط ؛ احاطہ ؛ رنگ بھرے بغیر خاکہ دکھانے والا نقشہ یا نقشہ کشی کی طرز ؛ کسی کتاب ، تقریر یا اسی طرح کی چیز کے منصوبے یا مواد کا منظم بیان ۔ (بعض اوقات جمع) کسی زیرِ غور چیز کے بُنیادی پہلوؤں کا ابتدائی بیان یا عام خاکہ ، مثلاً کوئی منصوبہ یا تجویز ۔ (فعل متعدی) خاکہ کشی کرنا ، جیسے کسی شکل یا شے کی ؛ اہم نکات بیان کرنا ؛ لفظی تصویر کھینچنا ؛ خاکہ بنانا ۔

outlive, v.t. مقابلۃً زیادہ دیر زندہ رہنا ؛ نتائج برداشت کرنا ۔

outlook, n. نظریہ ؛ نقطۂ نظر ؛ نقطۂ نگاہ ؛ زاویۂ نگاہ ؛ دور اندیشی ؛ تماشا ؛ دید ؛ منظر ؛ امیدِ مستقبل ؛ آثار ؛ (کسی کا) طرزِ فکر (جیسے : an outlook on life) ؛ کسی چیز یا صُورتِ حال کی اندازہ گری (جیسے : the political outlook) ؛ وہ مقام یا جگہ جہاں سے کوئی مشاہدہ کرنے والا دیکھتا ہو ؛ کسی جگہ سے نظارہ یا دُور بینی ؛ ہوشیار رہنے یا نگرانی کرنے کا عمل ؛ رنگ ڈھنگ ؛ چوکسی ؛ نگہبانی ۔

outlying, a. پرے کا ؛ دُور اُفتادہ ؛ مرکزی حصّے یا مرکز سے دور ؛ الگ تھلگ ؛ باہر یا سرحد پر واقع ؛ حد یا انتہا سے پرے ؛ دُور دراز ۔

outmaneuver, v.t. بڑھ کر چال کرنا یا مات دینا ؛ گھات ، داؤ یا جوڑ توڑ سے آگے بڑھ جانا ؛ زیادہ ماہرانہ اقدام سے سبقت لے جانا ۔

outmatch, v.t. مخالف کے جوڑ سے زیادہ ثابت ہونا ؛ پیچھے چھوڑ جانا یا بازی لے جانا ۔

outmode, v.t. رواج بدر کر دینا ؛ متروک بنا دینا یا غیر مروّج کر دینا ـ (فعل لازم) اسلوب ، طرز یا انداز سے گزر جانا ؛ پُرانا ہو جانا ؛ قبولیّت میں تبدیلیاں واقع ہو جانے سے استعمال کے قابل نہ ہونا ـ

outmoded, a. متروک ، غیر مروّج یا دقیانوسی ؛ جس کا چلن نہ ہو ـ

outmost, a. [out کی تفضیل کُل] سب سے پرے کا ؛ باہر کی طرف سب سے دُور کا ؛ مرکز سے سب سے زیادہ دُور کا ؛ سب سے زیادہ بیرونی ؛ انتہائی پرے ـ

outnumber, v.t. تعداد میں زیادہ ہونا ؛ شمار یا گنتی میں بڑھ جانا ـ

out-of-date, a. پُرانا ؛ جس کا رواج باقی نہ ہو ؛ جس کا چلن نہ ہو ؛ متروک ؛ قدیم ؛ فرسودہ ـ

out-of-dateness, n. قدامت ؛ متروکیّت ـ

out of sight, n. (عوامی) آخری ؛ سب سے بڑا ؛ انتہائی ـ

out-of-the-way, a. غیر معمولی ؛ دُور ؛ کثیرُ السفر رہگزاروں یا پُر رونق یا گُنجان آباد خطّوں سے الگ تھلگ ؛ سُونا ؛ بے رونق ؛ کٹا ہوا ؛ جس سے شاذ ہی واسطہ پڑے ؛ نامناسب ؛ خلافِ معمول ـ

outpatient, n. بیرونی مریض ؛ ایسا مریض جو کسی ہسپتال سے علاج معالجہ تو کروائے لیکن ہسپتال میں داخل نہ ہو ؛ غیر رہایشی مریض ـ

outplay, v.t. مقابلۃً بہتر کھیل پیش کرنا ؛ کھیل میں سبقت لے جانا یا ہرا دینا ـ

outpoint, v.t. پوائنٹس کی تعداد میں سبقت لے جانا ، جیسے کسی مقابلے یا مُبارزت میں ـ (جہاز رانی) ہوا کے رُخ پر کشتی جہاز چلانا ـ

outport, n. (کینیڈا) نیوفاؤنڈلینڈ میں مچھلیاں پکڑنے کا دُور افتادہ گاؤں ـ

outpost, n. فوجی چوکی ؛ چوکی ؛ تھانہ ؛ بیرونی چوکی ؛ فوج کے مرکزی حصّے کو ناگہانی حملے سے بچانے کے لیے کیمپ کی حدود سے باہر یا فوج کے پڑاؤ سے کُچھ فاصلے پر واقعہ چوکی یا مستقر ؛ ایسے مستقر پر متعین دستے ؛ دُور اُفتادہ بستی ـ

outpour, v.t. اُنڈیلنا ؛ بہانا ؛ ڈھلکانا ـ (اسم) بہاؤ ـ

out pouring, n. بہاؤ ؛ وُفُور ؛ کثرت ؛ اظہار جذبات ـ

output, n. نکاسی ؛ (کارخانے کی) مجموعی پیداوار ؛ ماحصل ؛ پیداواری کام ؛ پیداوار کی وہ مِقدار یا تعداد جو ایک مقررّہ وقت میں حاصل ہو ؛ مصنوعات یا پیداوار ، جیسے کسی صنعت کی ـ (برقیات) ذخیرہ کرنے ، کایا پلٹنے یا تبدیل کرنے کے لیے کسی مشین یا نظام کی پیدا کردہ توانائی ـ (کمپیوٹر) برآمدہ معلومات ؛ کمپیوٹر سے جمع شُدہ معلومات نکالنے کے لیے استعمال ہونے والا آلہ ، جیسے میگنیٹک ٹیپ یا ڈِسک ڈرَم ؛ کمپیوٹر کے پیدا کردہ مجموعی مندرجات یا ان مندرجات کو پیدا کرنے کی تکنیک ـ

outrage, n. انتہائی ظُلم ؛ شرمناک بے حرمتی ؛ سخت توہین ؛ دست درازی ؛ بدسلوکی ؛ پُر تشدُّد سفّاکی کا فعل ؛ قانون یا شایستگی کی وحشیانہ خلاف ورزی ؛ اخلاقیات کی کھلی خلاف ورزی ؛ انتہا کی بے عزتی ـ (فعل متعدی) سخت گندی زبان استعمال کرنا ؛ کُھلی توہین کا ہدف بنانا ؛ عصمت دری کرنا ـ

outrageous, a. انتہائی شرمناک ؛ سخت ظالمانہ ؛ دل ہلا دینے والا ؛ اخلاق سوز یا غیر قانونی ؛ توہین آمیز ؛ حد سے بڑھا ہوا ؛ شدید ؛ غیر معمولی ؛ تُند ؛ غضب ناک ؛ قہر آلود ؛ پُر قہر ؛ فُحش ؛ گندا ؛ نہایت زبوں ؛ فساد انگیز ؛ پُر طیش ؛ تشدّد آمیز ؛ ناشایستہ یا قانون شِکن ـ

outrageously, adv. شرمناک یا ظالمانہ طور سے ؛ غضبناک انداز سے ؛ شدّت سے ؛ سختی و تُندی سے ـ

outrageousness, n. اخلاق سوزی ؛ ناشایستگی ؛ قانون شِکنی ؛ شِدّت ؛ تُندی ؛ وحشیانہ پن ؛ شرمناکی ـ

outrange, v.t. مار سے باہر ہونا ؛ زیادہ مار رکھنا ؛ مار سے پرے ہو جانا (جیسے : to outrange enemy guns) ـ

outrank, v.t. درجے میں بلند ہونا ـ

outre, a. انوکھا ؛ اچرج ؛ عجیب ؛ معمول و مناسب کی حدود سے متجاوز ؛ نا معقول ؛ سنکی ؛ عجیب سا ؛ نرالا ؛ خلافِ تہذیب ؛ ناشایستہ ـ

outreach, v.t. پرے پہنچ جانا ؛ بڑھ جانا ـ (قدیم) پہنچنا یا دراز کرنا ـ (فعل لازم) پھیلا ہونا ، آگے نِکلا ہونا ـ (اسم) پہنچ ؛ حدِ رسائی ـ

outride, v.t. ہم رکاب سوار سے تیز جانا ؛ آگے نکل جانا ؛ شہسواری میں سبقت لے جانا یا آگے نکل جانا ؛ جہاز کا سلامت رہنا (جیسے : the sturdy vessel outrode the storm) ـ

outride, n. (عروض) انگریز شاعر جیرارڈ مینلے ہاپکِنز کے ہاں اکثر پائے جانے والے ایک سے تین تک غیر مشدّد بول جو ایک ہی طرح کے وزن میں پیمانۂ بحر کے آخری حصّے سے مُنسلِک کیے جاتے ہیں ـ

outrider, n. گاڑی کے ساتھ سوار ملازم ؛ موٹر سائیکل یا گھوڑے پر سوار ملازم جو کار یا گاڑی کے آگے یا ساتھ چلتا ہے ؛ وہ شخص جو ہراول محافظ دستے کا رکن ہو ؛ وہ چرواہا یا اسکاؤٹ جو آگے آگے گھوڑے پر چلتا ہے ؛ پیش رکاب سوار ـ

outrigger, n. سہار تختہ ؛ ڈنگیا کو اُلٹنے سے بچانے کے لیے اس کے پہلو سے باہر کی طرف بڑھا ہوا شہتیری سہارا جو ترنے میں ختم ہوتا ہے ؛ بادبان یا رسّی کو بڑھانے کے لیے جہاز کے مستول پر لگی ہوئی بلّی ؛ کشتی کے پہلو سے باہر کی طرف بڑھا ہوا طاقچہ یا خول جو پتوار سنبھالنے والے کُنڈے کو سہارا دیتا ہے ؛ سہارے کے طور پر کام کرنے والا ڈھانچا یا حصّہ ، جو مرکزی ساخت سے باہر پرے کو نِکلا ہوا ہو ، جیسے ہوائی جہاز کے پتوار (rudder) کو سہارنے والا حصّہ ـ

outright, adv. صاف صاف ؛ ایک ہی بار ؛ بالکل ؛ یکسر ؛ مکمل طور سے ؛ پُوری طرح یا یکسر (جیسے : to sell a thing outright) ؛ پابندی ؛ شرط یا اخفا کے بغیر ؛ کُھلے بندوں ؛ بے جھجک یا براہ راست آگے ؛ فی الفور ؛ فوراً ؛ کُھلا ہوا ؛ قطعی ؛ یک قلم ؛ بے لاگ طور پر؛ ترت ؛ بلا توقّف ؛ سَربَسر ـ (صفت) مکمل یا پورا ؛ بالکل یا غیر مشروط (جیسے : an outright refusal) ـ

outrun, v.t. دوڑنے میں رفتار یا فاصلے میں بڑھنا ؛ بڑھ جانا یا پرے چلے جانا ؛ بچ نکلنا یا جُل دے جانا (جیسے : The U-boat outran the blockade) ـ

outsell, v.t. بیچنے میں سبقت لے جانا ؛ زیادہ بیچنا ؛ زیادہ تعداد میں بکنا (جیسے : to out sell the next most popular brand) ۔

outsert, outset, wraparound, n. کتاب یا کسی اور اشاعت کے تہ شُدہ تختوں یا حصّوں کے گرد لپیٹنے کے لیے استعمال ہونے والا (کاغذ کا) تہ شُدہ تختہ ؛ ورقی غلاف ۔

outset, n. شروعات ؛ آد ؛ آغاز ؛ ابتدا ؛ بسم اللہ ؛ کتاب یا کاغذ کے تہ شدہ حصّوں کے گرد لپیٹنے والا کاغذ ۔

outshine, v.t. مقابلۃً کہیں زیادہ روشن ہونا ؛ ماند کر دینا ؛ بازی لے جانا ؛ بڑھ کر چمکنا ؛ چمک میں پیچھے چھوڑ دینا ؛ فضیلت ، ہوش مندی یا ایسی ہی چیز میں بَرتر ہونا ۔ (فعل لازم) (قدیم) چمک اُٹھنا ۔

outshoot, v.t. گولی چلانے میں بڑھ جانا ؛ بندوق بازی میں سبقت لے جانا ؛ ہدف سے پرے نشانہ لینا ؛ آگے گولی چلانا ۔ (فعل لازم) باہر کو نکالنا یا بڑھانا ۔ (اسم) جو باہر کو نکلا ہوا یا بڑھا ہوا ہو ؛ آگے نکلنے کا عمل ؛ برآمدگی ۔ (بیس بال) باہر کی طرف مُڑتی ہوئی ''پچ'' ۔

outside, n. بیرونی سطح ؛ آخری حد ؛ باہر کی طرف ؛ کسی شے کے خارجی ، بیرونی یا ظاہری حصّے یا سطح ؛ خارجی پہلو یا خدوّخال ؛ سطحی شکل ؛ محض خارجی نمُود ؛ کسی احاطے یا حد کے باہر یا اس سے پرے فوری شروع ہونے والی جگہ ۔ (صفت) باہر کی طرف یا اس سے متعلّق ؛ بیرونی ؛ کسی معین حد یا احاطے سے پرے منعقدہ یا شروع ہونے والا ؛ کسی معروف جماعت یا ادارے کا یا اُس سے غیر متعلق ؛ بعیدُ الامکان یا کم ممکن (جیسے : an outside possibility) ؛ زیادہ سے زیادہ (جیسے : an outside limit) ۔ (بیس بال) بلّے باز سے دُور کی سمت میں 'ہوم پلیٹ' سے بہت پرے گزرنے والی 'پِچ' سے متعلق ۔ (متعلق فعل) باہر یا باہر کی طرف ؛ حدوں کی طرف/سے نزدیک/پر ؛ بیرون در ؛ باہر کے رُخ پر ؛ کھلی ہوا میں ۔ (حرف جار) بیرونی طرف کو ، کسی کی حد یا حدوّں سے پرے ۔ (بول چال) سوائے ۔

at the outside, (بول چال) انتہائی حد پر یا زیادہ سے زیادہ ۔

outside of, (بول چال) کے علاوہ ؛ علاوہ ازیں ۔

outsider, n. باہر کا ؛ پردیسی ؛ اجنبی ؛ غیر متعلق شخص ؛ گھُڑ دوڑ کا نیا گھوڑا ؛ کسی خاص انجمن ، جماعت یا طائفے سے نا وابستہ یا ان میں داخلے کی اجازت نہ رکھنے والا ؛ کسی خاص موضوع سے نا واقف شخص ؛ کسی دیوار ، حد یا ایسی ہی چیز سے باہر کی طرف کوئی شخص یا شے ؛ ایسا مقابلہ کُنندہ' خاص طور پر گھُڑ دوڑ کا گھوڑا ، جس کے جیتنے کا اِمکان نہ ہو ۔

outsit, v.t. وقت سے بعد تک بیٹھنا ؛ دوسروں سے زیادہ بیٹھنا ؛ دیر تک بیٹھے رہنا ۔

outsize, n. غیر معمولی ناپ ؛ غیر معمولی طور پر بڑا ؛ غیر معیاری ناپ جو خاص طور پر غیر معمولی بڑا ہو ۔ (صفت) عام ناپ سے بڑا ؛ ناپ ، حد یا وزن میں غیر معمولی یا خلاف معمول ۔ نیز: outsized ۔

outskirts, n., pl. نواح ؛ حوالی ؛ بیرونی حدود ؛ اطراف ۔ (جمع) دُور اُفتادہ علاقے ؛ مضافات ؛ شہر یا دوسرے علاقے کے کنارے یا سرحد سے نزدیک واقع حصّہ یا ضلع ؛ شہر سے دُور ؛ سرحدی ضلع ۔ (مجازاً) کسی نامزدہ حالت کے حواشی (جیسے : the outskirts of aristocracy) ۔

outsmart, v.t. دیکھیے : Outwit ۔

outsoar, v.t. زیادہ اُوپر اُڑنا ؛ اونچا اُڑنا ۔

outsole, n. بیرونی تَلا ؛ تلا ؛ جُوتے یا بُوٹ کی نچلی بیرونی سطح یا تلا ۔

outspeak, v.t. کھری کھری سُنا دینا ؛ بولنے میں بازی لے جانا یا بڑھ جانا ؛ بے لاگ کہنا ۔ (فعل لازم) صاف گو ہونا یا بے تکلفی سے سچی بات بول دینا ۔

outspoken, a. صاف گو ؛ کھری کھری سُنا دینے والا ؛ تکلّم میں بے تکلّف یا دلیر ؛ بے لاگ پن یا دلیری سے بولا/کہا ہوا ؛ کھرا ؛ مُنہ پھٹ ؛ بے باک ۔

outspokenly, adv. بے لاگ پن یا صاف گوئی سے ؛ بے باکانہ ۔

outspokenness, n. بے لاگ پن یا صاف گوئی ؛ بے باکی ۔

outstand, v.i. (جہاز رانی) جہاز کا کُھلے سمندر میں تیرتے ہونا ؛ بندرگاہ سے رخصت ہو جانا ؛ نمایاں یا باہر کو نکلا ہوا ہونا ۔ (فعل متعدی) جم کر مقابلہ کرنا ؛ مقابلے میں ڈٹا رہنا ؛ اَڑے رہنا ؛ زیادہ ٹھہرنا ؛ ڈٹنا ۔

outstanding, a. نُمایاں ؛ عُمدہ ؛ اعلیٰ ؛ مُمتاز ؛ پُر اثر ؛ باقی یا واجب الادا ، جیسے کوئی قرض ؛ باہر کو نکلا یا بڑھا ہوا ۔

outstandingly, adv. نُمایاں/احسن طور پر ۔

outstandingness, n. امتیاز ۔

outstation, n. مرکزی جائے وقوع سے دُور اُفتادہ مستقر/چوکی ؛ الگ تھلگ مقام یاچوکی ؛ بیرونی مقام ۔

outstay, v.t. کُچھ زیادہ دیر ٹھہرنا ؛ زیادہ قیام کرنا ؛ قُوّت قیام میں بازی لے جانا ۔

outstretch, v.t. پھیلانا ؛ بڑھانا ؛ کھینچنا یا پھیلانا ؛ طول دینا ؛ پرے جانا ؛ پسارنا ؛ کُشادہ کرنا ۔

outstrip, v.t. آگے نِکل جانا ؛ دوڑنے میں بڑھ جانا ؛ بازی لے جانا ؛ پیچھے چھوڑ جانا ؛ سبقت لے جانا ؛ مات کر دینا ۔

outturn, n. ماحصل ؛ پیداوار ؛ برآمدگی ؛ نِکاسی ؛ بنائی ہوئی یا تیار کی ہوئی مقدار ؛ مجموعی پیداوار ؛ تیار کردہ اشیا کا معیار ۔

outward, a. باہر کا ؛ ظاہری ؛ بیرونی ؛ خارجی ؛ باہری ؛ واضح یا آسانی سے نظر آنے والا (جیسے : outward signs of tension) ؛ ذہنی یا روحانی کے برخلاف جسمانی ؛ سطحی یا اوپری ؛ باہر سے ماخوذ ؛ ٹھیک طور سے مِلک نہ ہونا ؛ مرکز یا اندر کی طرف سے گریزاں یا دُور جاتا ہوا ۔

outwards, adv. باہر کی سمت ؛ باہری حصوں کی طرف ؛ دیکھنے میں یا بظاہر ؛ کسی بندرگاہ یا مُلک سے دُور ؛ خارجی سمت ؛ خارجی رُخ ۔

outwardly, adv. ظاہری طور پر ؛ بظاہر ؛ نظر بظاہر ؛ بیرونی طور پر ؛ باہر کی طرف واقع ؛ صرف دیکھنے میں ۔

outwardness, n. بیرونیّت ؛ خارجیّت ؛ ظاہری پَن ؛ برونیّت ۔

outwear, v.t. پرانا کر دینا ؛ استعمال کرکے ختم کر دینا ؛

زیادہ چلنا ؛ زیادہ بڑا ہو جانا ؛ زیادہ جینا ؛ استعمال سے ناقابل استعمال کر دینا (جیسے : to outwear new clothes too quickly) استعمال کر لینا یا ختم کر دینا ؛ صبر سے کاٹنا ۔

outweigh, v.t. زیادہ بھاری ہونا ؛ زیادہ اہم ہونا ؛ وزن یا قیمت میں بڑھ جانا ؛ قدر ، اثر یا اہمیّت میں بڑھ جانا یا آگے نکل جانا ؛ زیادہ وقیع یا زیادہ مؤثر ہونا ۔

outwind, v.t. سانس پھلا دینا ؛ بے دم بنا دینا ۔

outwit, v.t. مات کر دینا ؛ چالاک نکلنا ؛ بہتر اُپج سے شکست دینا ؛ ناکام یا مایُوس بنا دینا ؛ زیادہ ہوشیار ثابت ہونا ؛ گھات کرنا ۔ (قدیم) زیادہ عقل رکھنا ۔

outwork, v.t. کام کرنے میں پیچھے چھوڑ جانا ؛ زیادہ محنت یا تیزی سے کام کرنا ؛ مکمل کرنا ۔ (قدیم) مہارت میں پیچھے چھوڑ جانا ۔ (اسم) بڑے قلعے سے باہر چھوٹی قلعہ بندی ؛ دُھس بندی ۔

outworker, n. بیرونی کارکُن ؛ دفتر یا کسی اور جگہ کے باہر یا بیرونِ در کام کرنے والا ۔

ouzel, ousel, n. (طیُوریات) طرقہ ؛ ترقہ ؛ کلچڑی ؛ طوطی سلسلے ، خاص طور پر حلقہ دار کلچڑی ، جنس دج (Turdus) کے متعدّد یورپی پرندوں میں سے ایک جس کے سینے پر ایک سفید دھاری ہوتی ہے ؛ مُرغابی ؛ آبی جانوروں کے قریبی خاندان کا پرندہ ۔

ova, n. دیکھیے : ovum ، جس کی یہ جمع ہے ۔

oval, a. بیضی ؛ بیضوی ؛ شکلِ بیضوی ؛ انڈے کے محیط کی عمومی صورت کے بارے میں ؛ انڈے کی طُولی تراش سے مشابہ ؛ ہلیلجی ۔ (اسم) انڈے کی شکل کی کوئی شے یا شکل ؛ کوئی ہلیلجی شکل ۔

ovally, adv. بیضوی طور سے ۔

ovalness, n. بیضیت ؛ بیضویّت ۔

ovariectomy, oophorectomy, n. (جرّاحی) مبیض برآری ؛ ایک یا دونوں مبیضوں/بیضہ دانوں کا اِنقطاع ۔

ovariotomy, n. (جرّاحی) مبیض شگافی/مبیض برآری ؛ مبیض میں شگاف ڈالنا یا اس کا انقطاع ۔

ovaritis, oophoritis, n. (امراضیات) ورمِ بیضہ دان ؛ مبیض کی سوزش ۔

ovary, n. مبیّض ؛ بیضہ دان ؛ کیسۂ تُخم ؛ رحم ؛ تُخم دان ؛ ڈوڈی ؛ ریڑھ کی ہڈی والے حیوانوں کے مادہ تولیدی غدود کے جوڑے میں سے کوئی غُدّہ ، جس میں بیض اور جنسی مہیجات بنتے اور نشوونما پاتے ہیں ؛ بغیر ریڑھ کی ہڈی والے حیوانوں میں یہ غُدّہ جو بیض تشکیل دیتا ہے ۔ (نباتیات) تخمکوں یا چھوٹے بیجوں پر محیط غلاف ۔

ovarian, ovarial, a. بیضہ دان کا یا اس سے متعلق ؛ مبیّضی ۔

ovate, a. بیضہ شکل/بیضوی ؛ انڈے جیسا ؛ بیضی ، خاص طور پر پودوں کی پتّیوں سے متعلق ۔

ovation, n. پُرجوش استقبال ؛ تہنیتی استقبالیہ ؛ نعرہ ہائے تحسین ؛ کسی شخص کا پُرجوش عوامی استقبالیہ ؛ جوشیلی اور طویل تالیوں سے پرشور خوش آمدید ۔ (رُومی تاریخ) کامیاب فوجی سالاروں کے لیے کم تر قسم کا جشنِ فتح ؛ داد ۔

oven, n. انگیٹھی ؛ بھٹّی ؛ تنور ؛ چُولھا ؛ پکانے ، گرمانے یا سُکھانے کے لیے ایک خانہ یا ظرف ۔

ovenbird, teacher bird, n. ٹیچر پرندہ ؛ ایک قسم کا مُغنی پرندہ ؛ چھوٹے طوطی سے مشابہ شمالی امریکا کا ایک نغمہ سنج پرندہ (Seiurus aurocapillus) جس کے سر پر نارنجی کلغی اور پیٹ پر دھاریاں ہوتی ہیں عموماً جنگلوں کی زمین پر چلتا دیکھا جا سکتا ہے ، جہاں یہ اپنا تنُور نما گھونسلا بناتا ہے اور عموماً ''ٹیچر ٹیچر'' کی آواز نکالتا ہے ؛ جنوبی امریکا میں پائی جانے والی پرندوں کی جنس Furnarius سے متعلق متعدد عصفوری پرندوں میں سے کوئی ۔

over, prep. کے اُوپر ؛ سے زیادہ ؛ کے پار ؛ پر سے ؛ کے دوران ؛ میں/پر ؛ پر/کے بارے میں/سے متعلق ؛ مقام یا محل وقوع میں بالا (جیسے : the roof over one's head) ؛ نسبتاً اونچا ؛ زیادہ اوپر پہنچنے والا ، اس طرح کہ زیر آب کر دے (جیسے : in water over one's head) ؛ اقتدار ، طاقت یا مرتبے میں اس طرح بلند کہ حکومت کر سکے ، قابو پا سکے یا فتح حاصل کر سکے ؛ کسی کے سمجھنے کی قابلیت سے باہر (جیسے : remarks which were over my head) ؛ درجے ، معیار یا مقدار میں بلند ؛ کسی پر ترجیح دیتے ہوئے ؛ بڑھ کر یا زیادہ (جیسے : over a mile) ؛ پر یا اوپر ؛ اس طرح کہ دھرا ہو یا ڈھانپا ہو ؛ یہاں یا وہاں ، پر یا میں (جیسے : at various places over the country) ؛ پر ، یوں کہ کسی کا مزاج اور رویّہ ہی تبدیل ہو جائے (جیسے : to see a vast happiness comes over him) ؛ اِدھر اُدھر ، پر یا میں (جیسے : to travel all over Europe) ؛ کے سارے حصّوں سے (جیسے : to go over a matter) ؛ اوپر اور دوسری طرف کو (جیسے : to leap over a wall) ؛ طرف سے طرف تک یا دوسری طرف تک یا آر پار (جیسے : to sail over a river) ؛ کے سِرے سے سرے تک (جیسے : over the wire) ؛ کے دوسری طرف واقع (جیسے : lands over the sea) ؛ کے دورانیے میں (جیسے : over a long term of years) ؛ کے اختتام کے بعد تک (جیسے : to adjourn over the holidays) ؛ (میں) مشغول یا مصروف ہونے کے دوران (جیسے : to fall asleep over one's work) ؛ کے حوالے سے ، متعلق یا کے سلسلے میں (جیسے : to quarrel over a matter) ؛ ابلاغ کے کسی طریقے کے ذریعے (جیسے : to tell her over the telephone) ۔ (متعلق فعل) آر پار ؛ ورائے ؛ ختم ؛ سارا/شروع سے لے کر آخر تک ؛ کے علاوہ ؛ میں سے ؛ کے اوپر سے/کے کنارے سے ؛ کسی چیز کی اونچائی یا اوپر والی سطح یا سرے سے ؛ یوں کہ اوپر والی حد یا سمت نیچے آ جائے یا دب جائے (جیسے : to turn a thing over) ؛ ایک خاص تعداد سے پیچھے رہنے والا یا باقی (جیسے : five goes into seven once, with two left over) ؛ ایک بار پھر یا دوبارہ (جیسے : to do a thing over) ؛ اعادے میں ، مرتبہ ، دفعہ (جیسے : twenty times over) ؛ سیدھی سے اوندھی وضع میں (جیسے : The vase fell over) ؛ اس طرح کہ پوری سطح ڈھک جائے یا متاثر ہو ؛ کسی خطے یا علاقے میں سے (جیسے : to travel all over) ؛ آخری سطح یا کنارے سے چھلکتے ہوئے (جیسے : beer spilling over) ؛ ابتدا سے انتہا تک یا تمام (جیسے : to read a thing over) ؛ طرف سے طرف تک یا دوسری طرف تک (جیسے : to sail over) ؛ کسی بیچ میں آنے والی مُدّت کے اُدھر (جیسے : Coming over to see us) ؛ ایک فرد یا فریق سے دوسرے کی طرف (جیسے : to sign property over) ؛ دوسری سمت میں ، سمندر ، دریا یا کسی کُھلی جگہ کے پار (جیسے : over in Iraq) ؛ ایک اُفتادِ

طبع یا انداز فکر سے دوسرے تک ؛ کچھ فاصلے پر ، جیسے کسی نشان زدہ جگہ میں (جیسے : over by the hill) ؛ ایک مدت یا عرصے کے دوران یا اس سے اُدھر (جیسے : to stay over until Monday) ۔ (ریڈیو) دو طرفہ سرکٹ میں ایسے پیغام کی تکمیل ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جس کا جواب متوقع ہو ۔ (صفت) بالائی ؛ بلند تر ؛ اختیار یا طاقت میں اعلیٰ تر؛ جو زیادہ یا علاوہ ہو؛ بچ رہنے والا ؛ فاضل؛ فالتو؛ بہت بڑا؛ بہت زیادہ؛ تکمیل شدہ یا گُزرا ہوا؛ جو بیرونی سطح کے غلاف کا کام دیتا ہو یا ایسا سمجھا جائے؛ خارجی ۔ (اسم) وہ مقدار/تعداد جو زیادہ یا مستزاد ہو؛ کوئی فالتو شے ۔ (کرکٹ) بولروں کی تبدیلی کے درمیان پھینکی جانے والی گیندوں کی تعداد ، جو عموماً چھ ہوتی ہے؛ ایسی تبدیلیوں کے درمیان ہونے والے کھیل کا حصّہ ؛ اوور ۔ (عسکری) ہدف سے چُوکنے اور اس سے پرے لگنے والا نشانہ ۔ (فعل متعدّی) مطالعہ کرنا ؛ قابو پا لینا یا ختم کر دینا ؛ پھاندنا ۔

over and above, کے علاوہ ؛ علاوہ ازیں ۔

over and over, بار بار ؛ کئی بار ؛ مکرّر ۔

over there, (بول چال) میدانِ جنگ میں ؛ جنگ کے مقام پر ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا میں پہلی عالمی جنگ کے دوران یہ لفظ استعمال ہوتا تھا ۔

overabundance, n. افراط ؛ فراوانی ؛ بیشی ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ زیادتی ؛ (کسی شے کی) بہت ہی زیادہ بہم رسانی ۔

overbundant, a. وافر ؛ مفرط ۔

overaccentuate, v.t. زیادہ تشدید کرنا ؛ ضرورت سے زیادہ زور دینا یا تاکید کرنا ۔

overact, v.t., v.i. مبالغہ سے کام لینا؛ ضرورت سے زیادہ اہتمام یا بناوٹ کا ہونا ؛ حد سے زیادہ یا مُبالغہ آمیز اداکاری (وغیرہ) کرنا ؛ زیادتی کرنا ۔

overaction, n. مبالغہ کاری ؛ بیش فعالیّت؛ بیش کاری ۔

overactive, a. بیش مستعد ؛ بیش فعال ؛ بیش سرگرم ؛ بیش کار یا بیش چُست ؛ بے ضرورت سرگرم یا ضرورت سے زیادہ مُستعد ؛ تکان کا خطرہ مول لینے والا ؛ ضرورت سے زیادہ چُست ؛ مبالغہ کار ۔

overactivity, n. بیش سرگرمی ؛ بیش مستعدی ؛ فالتو بھاگ دوڑ ؛ ضرورت سے زیادہ چُستی ؛ بیش فعالی ۔

over against, prep. کے مقابلے/موازنے/محاکمے میں ؛ سامنے ؛ روبرو ؛ آمنے سامنے ۔

overage, a. زائدُ العُمر ؛ بیش از عُمر ؛ رِواجی یا مخصوص عمر سے بڑا (جیسے : overage for the position) ۔

overage, n. (تجارت) زائدُ المِقدار/زائدُ الرقم ؛ ذخیرے اور فروخت کے اندراجات کی نسبت سے اشیا یا رقم کی بیشی ۔

overall, n. (برطانوی) بالاپوش ؛ لبادہ ؛ ڈھانپنے یا بچانے کے لیے کپڑوں کے اُوپر پہنا جانے والا ڈھیلا ڈھالا لبادہ نُما لباس ۔ (جمع) لباس کو محفوظ رکھنے کے لیے اوپر سے پہنی جانے والی ڈھیلی پتلون جو عموماً موٹے کپڑے کی ہوتی ہے ، جس کا سینے پر بڑھا ہوا حصّہ کندھوں پر سے تسموں کے ذریعے سہارا جاتا ہے اور جسے کاریگر اور دوسرے لوگ استعمال کرتے ہیں ؛ پَن روک ساق پوش ۔

overall, a., adv. مجموعی ؛ تمامی ؛ کسی چیز کی ایک انتہائی حد سے دوسری تک (جیسے : the overall length of a bridge or a ship) ؛ ہر چیز پر محیط یا مشتمل ۔

overanxious, a. بیش مشوّش ؛ بہت زیادہ متمنّی ؛ حد سے زیادہ فکر مند ، پریشان یا آرزو مند ۔

overarm, a. (کھیل) اس طرح پھینکا یا عمل میں لایا ہوا کہ بازو کندھے سے اوپر ہو ۔

overawe, v.t. ازحد مرعوب کرنا ؛ احترام ، خوف یا بہتر اثر سے قابو میں رکھنا ؛ سہمانا ۔

overbake, v.t., v.i. (تنور میں) بہت زیادہ دیر تک پکانا ۔

overbalance, v.t. ڈگمگا کر گرنا ؛ وزن یا قدر میں سِوا ہو جانا ؛ سے اہم تر ہونا ؛ پاسنگ یا توازن خراب کر دینا ؛ عدم توازن سے گِر پڑنا ؛ تہ و بالا کر دینا ۔ (اسم) مساوی یا برابر سے زیادہ کوئی چیز ؛ زیادتی ؛ بیشی ؛ بڑھوتری ۔

overbear, v.t. دبا دینا ؛ زیر کرنا ؛ مادّی وزن یا طاقت سے قابو پانا ؛ کُچل ڈالنا ؛ پر غلبہ پا لینا یا مغلُوب کر لینا ، جیسے خواہشات یا اعتراضات کو ؛ تحکمانہ انداز سے برتاؤ کرنا ؛ مجبور کرنا ؛ تنگ کرنا ۔ (فعل لازم) بے حد نتیجہ خیز ہونا ۔

overbearing, a. اپنی مرضی کے تابع کرنے والا ؛ آمر ؛ خودپسند ؛ گھمنڈی ؛ متکبّر ؛ زبردست ؛ گُستاخ ۔

overbearingly, adv. غلبے سے ؛ دباتے یا زیر کرتے ہوئے ؛ خود پسندی سے ؛ تکبّر سے ۔

overbid, v.t. بڑھ کر بولی دینا ؛ قیمت سے زیادہ بولی دینا ، جیسے تاش کے کسی کھیل میں ۔ (فعل لازم) حقیقی قدروقیمت سے زیادہ مول دینا ، جیسے کسی نیلام یا تاش کے کھیل میں ۔ (اسم) اونچی بولی ۔

overblown, a. بیش شگفتہ ؛ پورے کھلے ہوئے سے زیادہ ، جیسے کوئی پھول ؛ بہت زیادہ ؛ ہٹا کٹا ، گول مٹول یا غیر معمولی طور پر بڑا ؛ خودپسندی ، تکبّر یا دکھاوے سے پُھولا ہوا ؛ نمایشی ؛ خود پرست ؛ خود پسند ۔

overboard, adv. جہاز پر سے سمندر میں ؛ جہاز یا کشتی کی ایک طرف سے دوسری طرف کو ۔

go overboard, فضول خرچ ہونا ؛ بہت زیادہ ستایش کرنا یا الزام دینا ؛ مبالغہ آمیز انداز میں عمل کرنا ۔

overborrow, v.t., v.i. بہت زیادہ قرض لینا یا حد سے زیادہ مقروض ہونا ۔

overbred, a. بیش افزایشی ؛ بہتری کے لیے پیدا کیے ہوئے نباتات یا حیوانات سے متعلق ، جو دیگر منتخبہ خصوصیات کی کثیر بالیدگی کے باعث کم تر امتیازی صفات کے حامل ہوں ۔

overbuild, v.t. حفاظتی ڈھانچا تعمیر کرنا ؛ ضرورت سے زیادہ عمارتیں بنانا ، جیسے کسی علاقے یا شہر میں حد سے زیادہ گنجان عمارتیں بنا دینا ؛ بہت گراں اور وسیع پیمانے پر ایستادہ کرنا ۔

overburden, v.t. کسی کو حد سے زیادہ زیر بار کرنا یا کام یا ذمّہ داری کا زیادہ بوجھ ڈالنا ۔ (اسم) (کانکنی ، ارضیات) غلافِ معدن ؛ معدنی ذخیرے کے اوپر بیکار مٹی اور پتھر ؛ بہت زیادہ وزن ڈالنے والی کوئی بھی چیز ۔

overbuy, v.t., v.i. بیش خریداری کرنا ؛ غیر ضروری طور پر

بڑی بڑی مقداروں میں خریدنا ؛ ادائیگی کی اہلیّت سے بے نیاز ہو کر اندھا دُھند خریداری کرنا ؛ ضرورت سے زیادہ خریدنا۔

overcall, n.
اونچی بولی ؛ پہلے لگائی ہوئی بولی سے اونچی بولی۔ (برج) وہ بولی جو حریفوں کی سب سے اونچی سابقہ بولی سے زیادہ ہو اور جو اپنے ساتھی کے بولی لگانے یا اسے دُگنا کرنے سے قبل لگائی جائے۔ (فعل متعدی و لازم) اونچی بولی لگانا۔

overcapitalize, v.t.
بیش سرمایہ لگانا ؛ کسی تجارتی ادارے یا کاروبار کے لیے اس کے امکانات کے پیش کردہ جواز سے زیادہ سرمایہ مہیا کرنا ؛ کسی تجارتی ادارے یا کاروبار کے عرفی سرمائے کا اندازہ ؛ قانونی یا ہوش مندانہ جواز سے اونچی شرح پر لگانا ؛ زائد سرمایہ لگانا۔

overcapitalization, n.
بیش سرمایہ کاری۔

overcareful, a.
ضرورت سے زیادہ مُحتاط ؛ بیش محتاط ؛ اس حد تک محتاط کہ وہ آرزو، کار جوئی یا کامیاب کسبِ کمال کا دُشمن ہو جائے ؛ ڈرپوک ؛ شرماؤ ؛ تجربی ؛ آزمایشی ؛ بے جا یا حد سے زیادہ احتیاط کرنے والا۔

overcast, v.t.
تاریک بنانا ؛ بادل چھانا ؛ بادلوں سے بھر جانا (جیسے : clouds that overcast the sky) ؛ اُداسی سے ڈھانپ دینا۔ (خیّاطی) دھاگے نکلنے سے روکنے کے لیے کپڑے کے ناہموار کناروں پر لمبے ٹانکوں کا بخیہ کرنا۔ (فعل لازم) تِیرہ ہو جانا یا بادلوں سے بھر جانا۔ (صفت) اَبر آلود ؛ تاریک۔ (اسم) غلاف، خاص طور پر بادلوں کا۔ (موسمیات) ایک یا کئی بادل جو آسمان کے ظاہری حصّے پر دُور تک چھائے ہوں۔ (ہوا بازی) ایسا بادل جس نے جہاز کو ڈھانپ رکھا ہو، یعنی بالائی سحاب جو زیریں سحاب کی ضِد ہے۔

overcasting, n.
بخیہ گری ؛ دھاگے نکلنے سے روکنے کے لیے کپڑے کے ناہموار کناروں کے لمبے ٹانکوں سے ملفوف کرنے کا عمل ؛ ترپائی؛ اس طرح سے لگائے ہوئے ٹانکے۔ (کَشیدہ کاری) نمونوں کی خاکہ بندی کے لیے استعمال ہونے والا بخیہ، جو بعض اوقات بُنیادی دھاگے کو ڈھانپ لیتا ہے ؛ کچا بخیہ۔

overcaution, n.
بیش خبرداری ؛ ضرورت سے زیادہ چوکسی یا احتیاط۔

overcautious, a.
بیش خبردار ؛ حد درجہ خبردار یا مُحتاط ؛ بہت زیادہ محتاط۔

overcertify, v.t.
(بینک کاری) بیش تصدیق کرنا ؛ جمع کُنندہ کے حساب میں وصول شُدہ رقم سے زیادہ مالیّت کے چیک کی تصدیق کرنا۔

overcharge, v.t.
بیش ستانی کرنا ؛ ٹھگنا ؛ بہت زیادہ قیمت لینا ؛ کسی سے بہت زیادہ اُجرت طلب کرنا یا قیمت مانگنا ؛ بہت زیادہ لاد دینا ؛ مُبالغہ کرنا۔ (فعل لازم) قیمت/اُجرت کو بہت زیادہ بڑھا دینا۔ (اسم) ایسی اُجرت/قیمت جو بہت زیادہ ہو۔

overclothes, n.
(جمع) بالائی پوشاک ؛ دوسرے کپڑوں کے اوپر پہنے جانے والے ملبوسات، جیسے اوورکوٹ ؛ بالائی جامہ ؛ عبا ؛ لبادہ۔

overcloud, v.t.
بادلوں سے گھِرنا ؛ غمگین و ملول کرنا ؛ بادلوں یا سائے سے ڈھانپ یا ڈھانک دینا یا بادل پھیلا دینا ؛ دُھندلا دینا ؛ اُداسی پھیلانا۔ (فعل لازم) بادل کا چھا جانا ؛ اداس و غمگین ہونا۔

overcoat, n.
فرغل ؛ اوورکوٹ ؛ چوغہ ؛ دیگر تمام کپڑوں کے اوپر پہنا جانے والا کوٹ ؛ بالائی کوٹ ؛ بالاپوش ؛ کسی سطح پر لگائی جانے والی رنگ کی اضافی تہ۔ (فعل متعدی) رنگ کی اضافی تہ لگانا۔

overcome, v.t.
غالب آنا ؛ زیر کرنا ؛ قابو پانا ؛ قابو میں لانا ؛ نڈھال کرنا ؛ فتح پانا ؛ سر کرنا ؛ نیچا دکھانا ؛ غلبہ حاصل کرنا ؛ حاوی ہونا، جیسے تحریص اور رکاوٹوں پر ؛ جذباتی یا جسمانی طور پر غالب آنا یا قابو پانا، جیسے بیماری، شراب یا تکان کا۔ (فعل لازم) فوقیت حاصل ہونا ؛ فتح مند ہونا۔

overcomer, n.
غالب ؛ فاتح ؛ برتری ؛ فتح یا غلبہ حاصل کرنے والا۔

overcompensation, n.
(تحلیلِ نفسی) بیش تلافی ؛ فوری ضرورت کی نسبت زیادہ کوشش سے کیا جانے والا تلافی کا عمل، جو کِسی رکاوٹ یا ناموافقت کے ضمن میں ہو اور جس کے نتیجے میں عدمِ استطاعت کی جگہ لینے یا اسے متوازن کرنے والی ایک نئی استطاعت کی نَمو ہو یا کسی مَرضیاتی علامت کا ظہُور ہو۔

overcompensate, v.i., v.t.
بیش تلافی کرنا/ہونا۔

overconcern, n.
بیش تشویش ؛ بہت زیادہ تشویش یا فکر، خاص طور پر جب بے جواز ہو۔

overconfidence, n.
بیش اعتمادی ؛ حد سے زیادہ اعتماد ؛ حد سے زیادہ خوداعتمادی ؛ اپنے متعلّق خوش فہمی ؛ بہت شدید یا انتہائی اعتماد ؛ احمقانہ خوش اعتمادی۔

overconfident, a.
حد سے زیادہ اعتماد کرنے والا ؛ حد سے زیادہ خود اعتماد ؛ اپنے بارے میں خوش فہم۔

overcook, v.t.
حد سے زیادہ پکانا۔

overcrowd, v.t., v.i.
بہت زیادہ بھرنا یا ٹھونسنا ؛ حد سے زیادہ بھر دینا یا ہجُوم کر دینا ؛ بہت زیادہ بھیڑ بھاڑ کر دینا۔

overdevelop, v.t., v.i.
بیش آشکاری کرنا ؛ حد سے زیادہ آشکار کرنا یا ہونا، خاص طور پر فوٹو گرافی میں۔

overdevelopment, n.
بیش آشکار گری ؛ ضرورت سے زیادہ بالیدگی ؛ ازحد بڑھی ہوئی شکل یا تصویر۔

overdo, v.t.
بیش عملی کرنا ؛ کوئی کام/عمل/اقدام کرنے میں تجاوُز کرنا ؛ حد سے زیادہ اہتمام یا بناوٹ کرنا ؛ طاقت سے زیادہ کام لینا ؛ مُبالغہ کرنا ؛ بہت زیادہ پکا دینا ؛ جلا دینا۔ (فعل لازم) انتہا کو پہنچا دینا۔

overdose, n.
بیش مقداریٔ دوا ؛ دوا کی بہت زیادہ خوراک۔ نیز : overdosage۔ (فعل متعدی) ضرورت سے زیادہ دوا پلانا/کھلانا۔

overdraft, n.
(بینک کاری) بیش وصُولی ؛ زائد وصولی ؛ حساب میں موجود رقم سے زیادہ رقم نکلوانے کا عمل ؛ فاضل وصولی ؛ حساب میں موجود رقم سے زیادہ کی ہنڈی ؛ ایسی متجاوز رقم ؛ بھٹی میں آگ کے اوپر سے یا بھٹّے میں نیچے کی طرف گُزرنے والا ہوا کا جھونکا۔

overdraw, v.t.
بیش برآری کرنا ؛ بینک کے حساب میں جمع رقم سے زیادہ رقمیں نکلوانا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ مبالغہ یا رنگ آمیزی کرنا ؛ بہت زیادہ کھینچنا، جیسے کمان وغیرہ کو۔ (فعل لازم) بینک کے حساب میں اپنی جمع شدہ رقم سے زیادہ رقم نکالنا۔

overdress, v.t., v.i.
بہت ہی بَن ٹھن کر آنا ؛ خوش ذوقی کی حد سے بڑھ کر زرق برق یا وافر کپڑے پہننا ؛ بہت گرمجوشی سے کپڑے پہننا۔

overdress, n.
بالا جامہ ؛ کسی اور لباس یا عبا کے اوپر پہنا جانے والا لباس یا کپڑا ، جیسے جھالر دار لباس ، چوغہ یا لبادہ ۔

overdrive, n.
اوور ڈرائیو ؛ ایسا گیئر سسٹم جس کے ذریعے ڈرائیو شافٹ انجن سے تیز تر گھومتا ہے اور اس طرح انجن کی توانائی کم صرف ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) تادیر یا تا دُور گاڑی چلانا ؛ بہت زیادہ کام کرنا ؛ تیز ہانکنا ۔

overdue, a.
بیش میعاد ؛ زائدُ المیعاد ؛ بعد از وقت ؛ خارجُ المیعاد ؛ جس کی ادائیگی کا وقت گزر چکا ہو (جیسے : an overdue bill) ؛ تاخیر سے یا معینہ وقتِ آمد کے بعد (جیسے : an overdue train) ؛ بہت عرصے سے التوا میں ڈالا ہوا یا موقوف رکھا ہوا (کام) (جیسے : overdue repairs) ؛ زیادہ پُختہ یا تیار (جیسے : crops overdue for harvesting) ۔

overeager, a.
بیش مشتاق ؛ غیر معقول حد تک شدّت سے مُشتاق یا بے تابی سے خواہاں ؛ بے تاب ۔

overeagerness, n.
بیتابی ؛ بیش مُشتاقی ؛ شدید اشتیاق یا بے تابانہ خواہش ۔

overeat, v.i.
بہت زیادہ کھا لینا ؛ ضرورت سے زیادہ کھا لینا ۔

overemphasis, n.
بیش تاکید ؛ بہت زیادہ تاکِید/زور ؛ ناواجب دباؤ ؛ بے حد اصرار ۔

overemphasize, v.t.
بہت زیادہ تاکید کرنا یا ناواجب دباؤ ڈالنا ۔

overestimate, v.t.
زیادہ تخمینہ لگانا ؛ بہت زیادہ اندازہ کرنا ؛ اصلیّت سے بڑھ کر سمجھنا ۔

over estimation, n.
بیش تخمینہ ؛ زائد تخمینہ ۔

overexert, v.t.
بہت زیادہ زور لگانا یا حد سے زیادہ محنت کرنا ؛ کسی اقدام یا کوشش میں زیادہ زور لگانا ۔

overexertion, n.
بہت زیادہ زور ؛ حد سے زیادہ محنت ۔

overexpose, v.t.
زیادہ کُھلا رکھنا ، جیسے دھوپ میں ۔ (عکّاسی) پلیٹ کو زائد از ضرورت روشنی پہنچانا ۔

overexposure, n.
بیش کُشائی ؛ ہوا ، روشنی یا گرمی سردی میں ضرورت سے زیادہ کُھلا رکھنے کا عمل ۔

overextend, v.t., v.i.
بہت زیادہ پھیل جانا ؛ محفوظ یا معقول حدوں سے آگے بڑھ جانا ؛ حد سے زیادہ پھیلانا ۔

overextended, a.
بیش دراز ؛ بہت زیادہ پھیلا/بڑھا ہوا ۔

overfeminine, a.
بیش نسوانی ؛ بہت زیادہ نسوانی یا زنانہ ؛ جس میں مُبالغے کی حد تک نسوانی انداز اور اطوار ہوں ۔

overfill, v.t.
گُنجایش سے زیادہ بھرنا ؛ اس طرح بھرنا کہ چھلک پڑے ۔ (فعل لازم) لبریز ہونے کی حد تک بھر جانا ۔

overflight, n.
بالا پروازی ؛ کسی مخصُوص علاقے پر جہاز کی اُڑان ؛ کسی قوم کے جہاز کی فوجی تنصیبات کی دیکھ بھال کے لیے دوسری قوم کے فضائی علاقے میں پرواز ۔

overfly, v.t.
دُشمن کے فضائی علاقے میں پرواز کرنا ۔

overflow, v.t.
چھلکنا ؛ سیلاب آنا ؛ دریا کا اپنے کناروں سے باہر آ جانا ؛ بکثرت ہونا ؛ اوپر بہنا یا پھیل جانا ؛ زیرِ آب کرنا ؛ کناروں سے چھلکا دینا ؛ طوفان لانا ؛ مکمل طور سے ڈبو دینا ۔ (فعل لازم) پھیل جانا اور (دریا یا گلاس کے) کناروں سے نکل بہنا ؛ اِتنا بھرا ہونا کہ مافیہ باہر نکل پڑے ؛ بہت زیادہ ہونا ۔ (اسم) چھلک ؛ لبریزی ؛ سیلاب ؛ طغیانی ؛ کثرت ؛ فراوانی ؛ غرقابی ؛ فاضل مائع کے اخراج کے لیے نکاس ۔

overgarment, n.
بالا پوش ؛ بالا جامہ ؛ دیگر کپڑوں کے اوپر پہننے کا لباس ۔

overgenerous, a.
بہت زیادہ سخی ؛ غیر متوقع طور پر فراخدل ؛ بہت زیادہ آزاد خیال ۔

overgenerousness, n.
بیش سخاوت ؛ ضرورت سے زیادہ فراخدلی ۔

overglaze, n.
(ظروف سازی) بیش رنگی ؛ مٹی کے ظروف کی سابقہ جلا کو مزید جلا دینا یا ان پر رنگ کرنا ۔ (صفت) مجلاً (ظروف) ۔ (فعل متعدی) زیادہ چمکانا ؛ زیادہ جِلا دینا ۔

overgrow, v.t.
بہت جلدی بڑھنا ؛ روئیدگی سے ڈھانپ یا ڈھک لینا ؛ بڑھنے میں پیچھے چھوڑ جانا ۔ (فعل لازم) فطری یا موزوں ناپ سے زیادہ بڑھ جانا ۔

overgrowth, n.
بیش بالیدگی ؛ بہت زیادہ بڑھوتری ؛ کسی شے ، جیسے درخت یا قلم کے اوپر اُگنے والی چیز ؛ بربالیدگی ؛ زوائد ۔

overhand, adv.
(شے) کے اوپر ہاتھ رکھتے ہوئے ؛ اُنگلیوں کے جوڑ کی ہڈّی اوپر کی سمت رکھتے ہوئے ؛ ہاتھ کندھے سے اوپر اٹھائے ہوئے ، جیسے گیند پھینکتے وقت ۔ (سوزن کاری) کپڑے کے کنارے پر لگاتار بخیے کے ساتھ ۔ نیز : overhanded ۔ (صفت) ہاتھ اُٹھا کر کیا ہوا کام یا پھینکی ہوئی گیند ۔ (اسم) ہاتھ کی پُشت اوپر کی طرف رکھتے ہوئے کیا جانے والا عمل ، جیسے پھینک یا ضرب ۔ (فعل متعدی) کنارے پر لگاتار ٹانکوں کے ذریعے سینا یا بخیہ کرنا ۔

overhand knot, n.
سادہ گرہ ؛ آسانی سے بندھنے اور کُھلنے والی گانٹھ ۔

overhang, v.t., v.i.
آگے کو نِکلا ہوا ہونا ؛ سر پر منڈلانا ؛ لٹکنا یا (اوپر) معلّق ہونا ؛ بڑھا ہوا ، باہر کو نِکلا ہوا یا آگے کو پھیلا ہوا ہونا ۔ (مجازاً) قریب یا سر پہ کھڑا محسوس ہونا ، جیسے خطرہ یا بدی ؛ بدشگُونی ، نحوست یا ڈراوے کے طور سے منڈلانا ؛ پردوں سے سجانا ؛ کسی ایسی چیز پر منڈلانا جو نیچے ہو ؛ سایہ ڈالنا ۔ (اسم) آگے کو نکلی یا باہر کو بڑھی ہوئی کوئی چیز ؛ بڑھاؤ ؛ کوئی اُبھرا ہوا حصّہ ؛ باہر کو بڑھے ہوئے حصّے کی حد ، جیسے جہاز کے آگے یا ماتھے کی لمبائی ۔ (طیرانیات) دو سطحی طیارے کے بالائی پر کی زیریں پَر سے بڑھی ہوئی اصل لمبائی ۔

overhaul, v.t.
مکمّل طور سے تفتیش یا معائنہ کرنا ، جیسے مرمّت ، نظرِثانی یا تصحیح کے لیے ؛ مرمّت کرنا یا بحال کرنا ؛ جا لینا ، جا پکڑنا یا برابر پہنچ جانا/آگے نکل جانا ۔ (جہازرانی) ڈھیلا کرنا ، جیسے رسّی کو ؛ چرخی کے سہاروں کو واگزار کرنا ، جیسے رسّا چرخی کے ۔ (اسم) جانچ پڑتال مرمت اور مکمل درستی ۔ نیز : overhauling ۔

overhauler, n.
جانچ پڑتال اور درستی کرنے والا ؛ مستری ۔

overhead, a.
اونچا ؛ بالائی یا متفرق(اخراجات)؛ اوپر کی طرف ؛ آسمان میں ، خاص طور پر سمت الرّاس کے قریب ؛ سر کے اُوپر ۔ (متعلق فعل) اوپر؛ بالا ۔ (اسم) کاروباری اخراجات ،مثلاً

کرایہ ، دفتری اخراجات ، محصولات یا گھسائی جو براہِ راست پیداواری اخراجات کے ضمن میں نہیں آتے ؛ اندرونی چھت ، خاص کر جہاز کے کیبن کی ۔ (کھیل) ٹینس یا بیڈمنٹن میں ریکٹ کی ضرب جو سر کے اوپر سے لگائی جائے ؛ زور دار ضرب ۔

overhear, v.t. سُن پانا ؛ چُھپ کر یا اتّفاقاً سُن لینا ؛ سُن گُن لینا ؛ سُننے کا ارادہ یا توقع نہ ہوتے بھی سُن لینا ، جیسے کسی بولنے والے کو یا بات چیت کو ۔

overhearer, n. اتفاقاً سُن لینے والا ۔

overheat, v.t. بہت زیادہ گرم کرنا یا برانگیختہ کرنا ۔ (فعل لازم) غُصّے میں بہت زیادہ گرم ہو جانا ؛ از حد مشتعل یا مضطرب ہو جانا ۔

overindulge, v.t., v.i. بہت زیادہ کُھل کھیلنا ؛ بہت زیادہ مروّت یا رعایت کرنا ؛ بے اعتدال ہو جانا ۔

overindulgent, a. بہت زیادہ مروّت کرنے والا ؛ کُھل کھیلنے والا ؛ بے اعتدال ۔

overindulgence, n. بیش مروّتی ؛ بے اعتدالی ۔

overissue, n. بیش اجرائی ؛ بہت زیادہ اجرا ؛ اجرا کو باضابطہ اور منظّم کرنے والی شرائط کے برعکس اجرا ، جیسے حِصص ، تمسکات یا ہنڈیوں کا ۔ (فعل متعدی) بہت زیادہ اجرا کرنا ، جیسے بینک نوٹوں یا مبادلی ہنڈیوں کا ؛ دُور اندیشی ، دیانت داری یا مجازیت کے خلاف اجرا کرنا ؛ زائد اجرا کرنا ۔

overjoy, v.t. بہت زیادہ خُوش کرنا ۔

overjoyed, a. بہت ہی خوش ؛ بیش مسرُور ؛ بے حد خوش ۔

overkill, n. (عسکری) بیش ہلاکت ؛ فوجی ہتھیاروں ، خاص کر ایٹمی اسلحوں کے ذریعے فتح پانے کے لیے ضرورت سے زیادہ ہلاک کرنے کی صلاحیّت ؛ ایسے اقدام کی کوئی مثال ۔ (فعل متعدی) زیادہ ہلاک کرنا ۔

overland, a. زمینی ؛ برّی ؛ خشکی کے راستے سے ؛ زمین پر یا زمین کے گِردا گِرد (جیسے : the overland journey)۔(متعلق فعل) زمین کے پار ، اوپر یا ذریعے سے ۔

overlap, v.t. برپوشی کرنا ؛ اوپر چڑھانا ؛ دوسری طرف نکلنا ؛ اوپر بڑھنا/ڈھانپنا ۔ (فعل لازم) کسی دوسری شے کے حصّے پر آجانا یا لپٹ جانا ؛ متراکب ہونا ؛ اوپر چڑھنا ۔ (اسم) ایک چیز کا دوسری کے اوپر آنا یا لپٹنا ؛ اس طرح اوپر آنے یا لپٹنے کی حد یا درجہ ؛ وہ جگہ جہاں ایسا عمل واقع ہو ؛ تہ بندی ۔ (ارضیات) متراکب طبقات : بہتر پرت کی کم تر پرت پر اس طرح توسیع کہ بعدُ الذکر ڈھک کر بالکل چُھپ جائے ۔

overlay, v.t. پر چڑھانا ؛ اوپر/پر بچھانا/رکھنا ؛ کسی چیز سے ڈھانپنا ، کوئی چیز پھیلانا یا چڑھانا ؛ کسی چیز کی تہ یا اطلاقی آرایش سے مزیّن کرنا (جیسے : to overlay wood with gold) ؛ اوپر/پر ڈالنا ؛ چھپا لینا یا دُھندلا دینا ، جیسے ڈھانپنے سے ۔ (طباعت) نقوش کو گہرا یا مساوی کرنے کے لیے پریس کے استر پر کاغذ کا ٹکڑا رکھنا ۔ (اسم) کسی اور چیز پر بچھائی ہوئی کوئی چیز ؛ پوشش یا تہ ؛ کسی چیز کی لگائی ہوئی تہ یا آرایش (جیسے : an overlay of fine wood)(اسکاٹ لینڈ) گردن کا کپڑا یا گلو بند ۔ (طباعت) مناسب جگہوں پر متشکل ٹکڑوں سے مضبوط بنایا ہوا کاغذ کا ٹکڑا جو حرفوں کے نقش کو گہرا یا مساوی کرنے کے لیے پریس کے استر پر رکھا جاتا ہے ؛ شفاف کاغذ کا تختہ جس پر ، نیچے رکھی ہوئی طباعتی کاپی کی تیاری کے لیے ہدایات درج ہوں ؛ نقشے پر بچھایا ہوا شفّاف کاغذ کا تختہ ، جس پر نقشے میں فوجی معلومات کا اضافہ کیا جاتا ہے ۔

overleap, v.t. پھلانگنا ؛ پھلانگ کر عُبُور کرنا ؛ بہت دُور تک اس طرح پھلانگنا کہ نشانے سے پرے نکل جائے ؛ نظر انداز کرنا ؛ چشم پوشی کرنا ۔

overlie, v.t. اوپر پڑنا ، جیسے کوئی پرت ؛ اوپر لیٹ کر ڈھانپ لینا ، جیسے بعض جانوروں کا اپنے بچوں کو ۔

overload, v.t. زیادہ بوجھ ڈالنا ؛ بہت زیادہ لاد دینا ؛ بہت بڑا/بہت بھاری بوجھ رکھنا ۔ (اسم) بہت زیادہ بوجھ ؛ بیش باری ۔ (برق) مسلّمہ حفاظتی حدوں سے زیادہ برقی رَو ۔

overlong, a., adv. بہت لمبا ؛ بیش طولی ؛ بہت طویل ۔

overlook, v.t. دھیان نہ دینا ؛ نہ دیکھنا ؛ غور نہ کرنا ؛ غلطی نہ پکڑنا ؛ چشم پوشی کرنا ؛ دیکھنے ، سمجھنے یا غور کرنے میں ناکام ہونا ؛ اغماض برتنا (جیسے : to overlook a misspelled word) ؛ مہربانی سے نظر انداز کرنا یا توجّہ نہ کرنا ، جیسے غلطیوں یا بدعملی پر ؛ اوپر سے دیکھنا ، جیسے کسی اونچی جگہ سے ؛ نیچے کا منظر پیش کرنا (جیسے : a hill that overlooks the sea) ؛اُوپر اُٹھنا ؛ معائنہ کرنا (تفتیش ، امتحان یا ملاحظہ میں) ؛ خبر گیری کرنا ؛ نگرانی کرنا یا نظر رکھنا ؛ نظرِ بد سے دیکھنا یا جادُو کرنا ۔ (اسم) زمین جہاں سے دُور تک نظارہ ہو سکتا ہو ، جیسے کوئی کھڑی چٹان یا سُتواں ساحل ۔

overlooker, n. چشم پوشی یا اغماض کرنے والا ؛ چشم پوش ۔

overlord, n. بڑا سردار ؛ وہ شخص جو کسی دوسرے امیر کا امیر ہو ؛ وسیع اختیار ، اثر یا طاقت والا شخص ۔ (فعل متعدی) تحکمانہ انداز سے فرمانروائی یا حکمرانی کرنا ۔

overlordship, n. بڑی سرداری ؛ سرداری ؛ فرمانروائی ؛ اقتدارِ اعلیٰ ۔

overly, adv. حد سے زیادہ ؛ بے حد ، بہت ؛ بہت زیادہ ؛ ناقابلِ یقین حد تک ۔

overman, n. بیش مرد ؛ صاحب اختیار ؛دوسروں سے اختیار میں زیادہ شخص ؛ فورمین یا اوورسیئر ؛ ثالث یا فیصلہ دینے والا ۔

overman, v.t. بہت زیادہ آدمی مہیّا کرنا ، جیسے کسی مخصوص صورتِ حال کے لیے ۔

overmaster, v.t. غلبہ پانا ؛ پوری طرح قابُو پا لینا ؛ طاقت سے زیر کر لینا ؛ نیچا دکھانا ؛ دبانا ۔

overmasteringly, adv. زیر کرتے ہوئے ؛ غالب آتے ہوئے ؛ دباتے ہوئے ۔

overmatch, v.t. بہت زیادہ ماہر ، چالاک یا بہت زیادہ طاقتور ہونا ؛ ایسے حریف سے مقابلہ کرنا جو طاقت ، مہارت یا ایسی ہی چیز میں بہتر ہو ۔ (اسم) بے جوڑ مقابلہ ؛ بہتر مقابلہ کُنندہ ، حریف یا مقابل ؛ زبر ۔

overmodest, a. حد سے زیادہ شرمیلا یا حیادار ۔

overmodesty, n. بیش شرافت ؛ بہت زیادہ شرافت ، حیا ، انکسار ، سادگی وغیرہ ۔

overmodestly, adv. بہت زیادہ شرافت سے ؛ حد سے

بڑھی ہوئی شرم سے ۔

overmuch, a. بیش افزوں ؛ حد سے زیادہ ؛ ضروری اور مناسب سے سوا ۔ (متعلق فعل) بہت بڑے پیمانے پر ؛ بڑی حد تک ۔ (اسم) بیش افزونی ؛ کافی سے زیادہ ؛ افراط ؛ کثرت ۔

overnight, adv. رات کی رات ؛ ایک رات پہلے ؛ رات میں یا رات کے دوران ؛ رات یا شام کے دوران ؛ گزری ہوئی شام کو ؛ پچھلی رات کو ؛ رات کے لیے ؛ اچانک یا توقع سے زیادہ جلدی ؛ راتوں رات (جیسے : Cities sprang up overnight) ۔ (صفت) رات بھر کا ؛ شبانہ ؛ رات میں ہونے والا ؛ رات میں پیش کیا جانے یا واقع ہونے والا ؛ رات کے لیے یا محدود استعمال کے لیے بنایا ہوا (جیسے : an overnight bag, an overnight pass) ۔ (اسم) شبانہ اجازت نامہ ۔

overpass, v.t. طے کرنا ؛ پر سے گزرنا ؛ میں سے ہو کر گزرنا یا عبور کرنا ؛ پیچھے چھوڑ دینا ؛ غلبہ پانا ؛ نظرانداز کرنا ؛ حد سے بڑھنا ۔ (فعل لازم) گزر ہونا ۔

overpass, n. سرپُل ؛ شاہراہ ، ریل کی پٹڑی یا ایسی ہی کسی چیز کا وہ حصّہ جو کسی اور سڑک یا شاہراہ کے اوپر پُل بناتا ہو یا اسے قطع کرتا ہو ؛ بالائی عبور/گزر ۔

overpassionate, a. بیش جذباتی ؛ بہت زیادہ سرگرم ، پُر جوش یا جذباتی ۔

overpassionately, adv. بہت زیادہ جذباتی طور سے ۔

overpay, v.t. بیش ادائی کرنا ؛ واجب الادا رقم سے زیادہ ادا کرنا ، جیسے اُجرت وغیرہ ؛ زائد ادا کرنا ۔

overpayment, n. بیش ادائی یا زائد ادائی ۔

overpersuade, v.t. بیش ترغیبی کرنا ؛ ترغیب سے قائل کر لینا ، خاص طور پر کسی شخص کے رجحان یا ارادے کے برعکس ؛ راہ پر لے آنا ؛ بہلا پُھسلا کر اپنے راستے پر لے آنا ۔

overpersuasion, n. بہت زیادہ ترغیب ؛ بہکاوا ؛ بہلاوا ؛ پُھسلاوا ۔

overplay, v.t. کھیلنے ، اداکاری کرنے یا پیش آنے میں حد سے گزر جانا یا مبالغہ آمیز انداز اختیار کرنا ؛ کھیلنے میں پیچھے چھوڑ دینا یا ہرا دینا ؛ بہت زیادہ زور دینا ۔ (گالف) ہریاول سے آگے تک ضرب لگانا ، جیسے گیند کو ۔ (فعل لازم) کسی ڈرامائی حصّے یا کام پر ضرورت سے زیادہ زور دینا ۔

overplus, n. فالتو ؛ زائد ؛ مخصوص مقدار سے زیادہ چیز ؛ زیادتی ؛ کثرت ؛ افراط ؛ بُہتات ؛ بیشی ؛ افزونی ۔

overpopulate, v.t. زیادہ آبادی کرنا ؛ کثرت سے بسانا ؛ بہت زیادہ افراد سے بھر دینا ؛ کافی خوراک یا دیگر ضروریات پیدا کرنے کی صلاحیّت سے زیادہ لوگوں کی تعداد بڑھانے کا سبب ہونا ۔

overpopulated, a. ضرورت سے زیادہ آباد ؛ گُنجان آباد ۔

overpopulation, n. ضرورت سے زیادہ آبادی ؛ گنجان آبادی ۔

overpower, v.t. مغلوب کر لینا ؛ زیر کر لینا/قابُو میں لانا ؛ قابُو کر لینا ؛ اختیار یا طاقت سے غالب آنا ؛ مطیع کر لینا ؛ سختی یا شدت سے اثر کرنا (جیسے : his emotions over powered him) ؛ حد سے زیادہ اختیار مہیا کرنا ۔

overpowering, a. اختیار/طاقت سے غالب آنے والا ؛ شدید ؛ بے پناہ ؛ ناقابل مزاحمت ۔

overpoweringly, adv. شدّت سے ؛ بے حد ؛ بے پناہ طور پر ۔

overpraise, v.t. حد سے زیادہ تعریف کرنا ؛ بے حد یا بہت زیادہ ستایش کرنا ؛ تعریف میں غُلو کرنا ۔ (اسم) بے حد ستایش ؛ بے اندازہ تعریف ۔

overprice, v.t. بہت زیادہ قیمت رکھنا ؛ قیمت کا بڑھا چڑھا کر رکھنا ؛ حد سے زیادہ قیمت طلب کرنا ۔

overprint, v.t. برطبع کرنا ؛ بیش طبع کرنا ؛ مطبوعہ کاغذ پر چھاپنا یا چھاپ لگانا (جیسے : to overprint a postage stamp with additional marks) ۔ (اسم) اس طرح چھپا ہوا ٹکٹ ؛ ٹکٹ پر چھپے ہوئے فالتو نشانات ؛ بیش طباعت ؛ برطبع ۔

overprize, v.t. بہت زیادہ قدر کرنا یا عزیز رکھنا ؛ بہت زیادہ آنکنا یا قیمت لگانا ؛ بہت زیادہ مول لگانا ۔

overproduce, v.t., v.i. بہت زیادہ یا طلب سے زیادہ پیدا کرنا ؛ ضرورت سے زیادہ اُگانا ۔

overproduction, n. بیش پیداوار ؛ ضرورت یا طلب سے زیادہ پیداوار ۔

overproof, a. بیش معیاری ؛ معیاری اسپرٹ کی نسبت الکوحل کا زیادہ تناسب رکھنے والی شراب سے متعلّق ؛ اعلیٰ معیار کی یا بہت تیز شراب ۔

overproportion, v.t. تناسُب سے بڑھانا ؛ درست تناسب کی نسبت بڑا بنانا یا بڑی تصویر کھینچنا ۔ (اسم) بیش تناسب ۔

overproportionate, a. تناسب سے بڑا ؛ بیش متناسب ۔

overproportionately, adv. بیش تناسبی سے ؛ تناسب سے بڑھ کر ۔

overprotect, v.t. ضرورت سے زیادہ تحفُّظ دینا ؛ ناواجب طور سے یا مبالغہ آمیز تشویش کے ساتھ پناہ دینا یا ضرورت سے زیادہ تحفّظ فراہم کرنا ۔

overprotection, overprotectiveness, n. بیش محافظت ؛ بیش پناہی ؛ ضرورت سے زیادہ تحفّظ ۔

overprotective, a. بیش محافظ ۔

overprotectively, adv. بیش پناہی سے ؛ بے حد حفاظت کے ساتھ ؛ ضرورت سے زیادہ تحفظ کے ساتھ ۔

overrate, v.t. بیش تعریفی کرنا ؛ اصل یا استحقاق سے بڑھ کر سمجھنا ؛ بہت موافقت سے (قدروقیمت کا) اندازہ لگانا ؛ حقیقت کے برعکس زیادہ قابلِ قدر خصوصیات کا حامل سمجھنا ۔

overreach, v.t. کسی جگہ سے آگے نکل جانا ؛ اوپر یا پرے پہنچ جانا یا بڑھ جانا ؛ ہدف سے آگے نکل جانا (جیسے : to overreach the target) ؛ حصول مقاصد میں ضرورت سے زیادہ سرگرمی یا چالاکی کے باعث خود اپنا زیاں کر لینا ؛ بہت دُور پہنچنے سے بے دَم ہو جانا ؛ غالب آجانا ؛ زیادہ چالاک نکلنا ۔ (فعل لازم) بہت دور تک پہنچنا ؛ اوپر بڑھ جانا ؛ دغا دینا ؛ گھوڑوں کی اگلی ٹانگ کا پچھلی ٹانگ سے ٹکرانا یا ٹکرانا اور زخمی ہونا ۔ (اسم ، صفت) بیش رسائی ۔

overreacher, n. بیش رسا ؛ آگے پہنچنے والا ۔

overrefinement, n. بیش شایستگی ؛ بہت زیادہ شایستگی یا نفاست ؛ لطافت کی زیادتی یا نفاست کے تصنّع سے مملو شایستگی ؛ تصنُّع کی

حد تک شائستگی ۔

override, v.t. (کسی کی رائے) مُستَرد کر دینا ؛ سوار ہونا ؛ کُچل ڈالنا ؛ جگہ لینا ؛ منسُوخ کر دینا ۔ (جرّاحی) ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑتے ہوئے ہڈی کا سرا اُوپر چڑھا دینا ۔ (اسم) ماموریہ ؛ کسی خود کار آلے کے عمل کی نگرانی کے لیے نصب کیا جانے والا آلہ ۔

overripe, a. بیش رسیدہ ؛ بیش پُختہ ؛ زیادہ پکا ہوا ؛ بہت زیادہ تیّار ؛ ضرورت سے زیادہ پُختہ ۔

overripeness, n. بیش پُختگی ؛ بیش رسیدگی ؛ زیادہ پکاپن ۔

overrule, v.t. اثراقتدار استعمال کرنا ؛ اب زیادہ تر قُدرتِ الٰہی یا اللہ تعالیٰ کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ اس طرح غالب آنا کہ مقصد یا عمل بدل جائے ؛ خلاف فیصلہ دینا یا طے کرنا جیسے درخواست ، دلیل یا اعتراض وغیرہ ؛ اجازت نہ دینا ؛ دلائل کے خلاف فیصلہ دینا یا دلائل پیش کرنے کی اجازت نہ دینا ۔

overrun, v.t. چڑھ دوڑنا ؛ کُچل ڈالنا ؛ پرے نکل جانا ؛ اس طرح توڑ پھوڑ کرنا یا بہت بڑی تعداد میں ہجوم کرنا کہ زخمی کر دیا جائے یا کُچل دیا جائے ؛ پھیل جانا یا تیزی سے اُگنا ، جیسے بیلیں یا جھاڑ جھنکاڑ ؛ تیزی سے پھیل جانا ، جیسے نئے خیال یا فیشن کا ؛ اوپر سے بہ جانا یا چھلک پڑنا ؛ کسی جگہ سے آگے نکل جانا ۔ (مجازاً) بڑھ جانا ۔ (طباعت) اگلی سطر میں لے جانا ، جیسے الفاظ کو ۔ (فعل لازم) اوپر سے بہ جانا یا چھلک جانا ؛ مناسب یا مطلوبہ حد سے آگے بڑھ جانا ۔ (اسم) چڑھ دوڑنے یا کچل ڈالنے کا عمل ؛ فاضل یا فالتو چیز ۔

oversanded, a. بیش ریگی ؛ حد سے زیادہ ریت پر مشتمل ، جیسے سیمنٹ ۔

overseas, oversea, adv. سمندر پار ؛ ماورائے بحر ؛ سمندر کے پار یا پرے ؛ دساور ۔ (صفت) سمندر کے پرے ؛ سمندری سفر سے متعلّق ۔

oversee, v.t. نگرانی کرنا ؛ انتظام سنبھالنا ؛ چوری چھپے یا اتفاقاً مشاہدہ کرنا ؛ دیکھنا بھالنا ؛ نگہداشت کرنا ۔

overseer, n. اوورسیئر ؛ نگران ؛ ناظر ۔

oversell, v.t. کثرت سے بیچنا ؛ ذخیرے سے زیادہ بیچنا ؛ بے حد ترقّی دینا ۔ (فعل لازم) کسی چیز کو زیادہ ترقی دینا ۔

oversensitive, a. بیش حسّاس ؛ غیر ضروری طور پر حسّاس یا انتہا کا حسّاس ۔

oversensitiveness, n. بیش حسّاسی ؛ بیش حسّیت ؛ انتہا کی حسّاسیت ۔

overset, v.t. ذہنی یا جسمانی طور پر پریشان کرنا ؛ شکست دینا/منہدم کرنا/ تباہ کرنا ۔ (فعل لازم) (طباعت) دستیاب جگہ میں زیادہ ''ٹائپ'' لگانا یا زیادہ 'کاپی' لگانا ؛ پریشان ہونا ؛ ہار جانا ۔ (اسم) بیش قائم ۔

oversexed, oversexual, a. بیش جنسہ ؛ شہوتی ؛ بہت شدید جنسی خواہش رکھنے والا یا اس کا ثبوت دینے والا ۔

overshadow, v.t. ماند کرنا ؛ سایہ ڈالنا ؛ اپنا سایہ کرنا ؛ سایہ یا آڑ کرنا ؛ ڈھانکنا ؛ تاریک یا غم ناک کرنا ؛ پناہ دینا یا حفاظت کرنا ؛ غلبہ پانا ؛ تقابل سے اہمیت گھٹا دینا یا غیر نمایاں کر دینا ۔

overshoe, n. بالائی کفش ؛ جُوتے کے اوپر پہنا جانے والا جُوتا ؛ اوپر کا پن روک حفاظتی جُوتا یا بُوٹ ؛ نمدےکا کفش پوش ۔

overshoot, v.t. آگے نکل جانا ، جیسے کسی مقام ، حد یا ہدف سے (جیسے : overshoot the mark) ؛ مناسب حد سے پرے دھکیل دینا یا پسپا کر دینا ؛ پر غلبہ پا لینا ۔ (طیرانیات) آگے پرواز کرنا ، جیسے مجوّزہ ہدف ، مقام یا سرحد سے ؛ جہاز کو نیچے لانا ، جیسے معیّنہ مقام سے ؛ نشانے سے دُور بم گرانا ۔ (فعل لازم) ہدف سے پرے یا ہدف کے اوپر نشانہ لینا ؛ آگے نکل جانا ۔

overshot, a. آب گرد ؛ زیریں جبڑے کی نسبت آگے کو نکلے ہوئے بالائی جبڑے والا ؛ اوپر سے گرنے والے پانی کے وزن سے حرکت پذیر ہونے والا (جیسے : an overshot wheel) ۔

overshot, n. کپڑے کی سطح پر ڈھیلے دھاگوں کے نمونے کے باعث نمایاں نظر آنے والی بُنائی ؛ بیش بُنائی ۔

oversight, n. بھول چوک ؛ فروگُزاشت ؛ سہو ؛ نگرانی ؛ چوکسی ؛ پُر احتیاط نگرانی ۔

oversimplify, v.t. زیادہ سہل بنانا ؛ اس طرح سادہ و سہل کرنا کہ معنی بدل جائیں ، مسخ ہو جائیں یا دُھندلا جائیں ۔ (فعل لازم) غیر معمولی تسہیل میں مشغول ہونا ۔

oversimplification, n. بیش تسہیل ؛ ضرورت سے زیادہ تسہیل ؛ ازحد تسہیل ؛ زائد سہل کاری ۔

oversize, a., غیر معمولی حجیم ؛ بہت بڑے ناپ کا ؛ ایسے ناپ کا جو ضرورت یا معمول سے بڑا ہو ۔ نیز : oversized -(اسم) غیر معمولی طور پر بڑی چیز ؛ بڑا ناپ ؛ بہت بڑا سائز ؛ غیر معمولی حجم کی حامل کوئی چیز ۔

overskirt, n. اوپری سایا یا لہنگا ؛ ملبوسی سائے کے اوپری حصّے یا خودسائے کے اوپر ترتیب دیا جانے والا سایا ؛ بیش سایا ۔

oversleep, v.i. دیر تک سوتے رہنا ؛ جاگنے کے وقت سے بعد تک سوتے رہنا ۔ (فعل متعدی) بعد تک یامسلسل سونا ؛ دیر تک سونے دینا ، جیسے اپنے آپ کو ؛ بہت دیر تک سونا ۔

oversoul, n. (اکثر بڑے O سے) (فلسفہ) ساری مخلوق کی رُوحانی یکتائی ۔

overspend, v.t. حد سے زیادہ خرچ کرنا ۔ (فعل لازم) بے محابا خرچ کرنا ؛ بے پروائی سے خرچ کرنا ؛ بیش ازحد خرچ کرنا ۔

overspread, v.t. پھیل جانا یا چھا جانا ؛ اوپر دراز ہونا یا بچھ جانا ؛ پوری طرح سے ڈھانپ لینا ۔ (اسم) ڈھکنا ؛ پوشش ؛ سرپوش ۔

overstate, v.t. مبالغے سے بیان کرنا؛ بڑھا چڑھا کر بتانا؛ مبالغہ کرنا؛ زور دار کلمات میں بیان کرنا ؛ رنگ آمیزی کرنا ۔

overstatement, n. بیش گوئی ؛ مُبالغہ آمیز بیان ؛ بیش بیان ۔

overstay, v.t. تادیر ٹھہرنا ؛ مجوزہ حدود یا دورانیے سے زیادہ رُکنا ؛ پذیرائی سے زیادہ دیر تک ٹھہرنا ۔ (مالیات)مال یا حصص کو فروخت کے صحیح وقت سے زیادہ روکنا؛ بروقت فروخت نہ کرنا: اس وقت کو ، جب مال یا حصص کی فروخت سے زیادہ سے زیادہ منافع حاصل کیا جا سکتا ہو، گنوا دینا ۔

overstep, v.t. حد سے آگے قدم بڑھانا ؛ حد سے بڑھنا ؛ پار یا پرے قدم رکھنا ؛ تجاوُز کرنا ۔

overstock, v.t. بہت زیادہ مال بھر لینا ؛ ضرورت یا طلب سے زیادہ ذخیرہ کرنا ؛ گُنجایش سے سوا بھرنا ۔ (اسم) بیش بندی؛

بیش ذخیرہ کاری ۔

overstride, v.t. پار یا اوپر سے پھلانگنا یا قدم رکھنا ؛ اس طرح کھڑا ہونا یا بیٹھنا کہ ٹانگیں دونوں طرف ہوں ؛ پرے یا آگے تک ڈگ بھرنا ؛ پیچھے چھوڑ دینا ؛ قوّت میں یا اہلیت میں برتر ہونا ۔

overstrung, a. اعصاب کشیدہ ؛ کشیدہ خاطر ؛ وہ شخص جس کے اعصاب پر بہت زیادہ بوجھ پڑا ہو ؛ بہت بے چین یا حسّاس ؛ بیش حسّاس ۔ (تیراندازی) اس کمان کے حوالے سے جو ضرورت سے زیادہ تنی ہوئی ہو ؛ ضرورت سے زیادہ تنی ہوئی کمان سے متعلق ۔

overstuff, v.t. بہت زیادہ ٹھونس دینا ۔ (فرنیچر) مکمل و دبیز پوشش فراہم کرنا ۔

oversubscribe, v.t. ضرورت سے زیادہ لگانا ؛ موجود یا دستیاب سے زیادہ کے لیے چندہ دینا/حصّہ خریدنا/قرض دینا ؛ ضرورت سے زیادہ چندہ دینا ۔

oversubscription, n. ضرورت سے زیادہ چندہ/ خریداری/قرض ؛ بیش خریداری ۔

oversubtle, a. بیش لطیف ؛ حد سے زیادہ نازک اور باریک ۔

oversupply, n. زائد فراہمی ؛ بیش فراہمی ؛ طلب سے زیادہ فراہمی ؛ بیش بہم رسانی ؛ بہت زیادہ رسد ؛ ایسی رسد جو طلب سے زیادہ ہو ۔ (فعل متعدّی) ضرورت سے زیادہ رسد پہنچانا یا فراہم کرنا ۔

overt, a. کُھلّم کُھلّا ؛ صاف ؛ صریح ؛ علی الاعلان ؛ جسے ہر کوئی دیکھ سکے ؛ جو ہر کسی کے علم میں ہو ؛ ظاہر ۔ (قانون) واضح ؛ مُجرمانہ ؛ عمل پر مُنتج ہونے والا ۔

overtly, adv. کُھلّم کھلّا ؛ صریحاً ؛ اعلانیہ طور پر ۔

overtake, v.t. جا لینا ؛ آگے نکل جانا ؛ اچانک آلینا ؛ پیچھا کرتے ہوئے جا لینا یا برابر پہنچ جانا ؛ پرے پہنچ جانا یا نکل جانا (جیسے : Demand may overtake the supply) ؛ بے خبری میں جالینا ۔

overtalkative, a. بیش گُفتار ؛ جسے حد سے زیادہ بولنے کی عادت ہو ؛ باتُونی ؛ فضول گو ؛ پُر گو ۔

overtalkativeness, n. بیش گفتاری ؛ زبانی گرم گُفتاری ؛ فضول گوئی ؛ پُر گوئی ؛ زائد باتُونی پن ۔

overtax, v.t. حد سے زیادہ محصول کا بوجھ ڈالنا ؛ بہت محنت کرنا ؛ بہت زیادہ کام لینا ؛ بہت زیادہ محصول لگانا/محاصل تلے کچل ڈالنا ؛ بہت زیادہ مطالبہ کرنا ، جیسے کسی کی طاقت یا صلاحیتوں سے ۔

over-the-counter, a. ورائے دکان ؛ تمسکات کی منظّم یا باقاعدہ مُبادلہ گاہ کی نسبت کسی اور طریقے سے فروخت شدہ ، جیسے حِصص ۔ (دواسازی) نسخے کے بغیر قانوناً بکنے والی ۔

overthrow, v.t., v.i. تہ و بالا کرنا ؛ زیر و زبر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ نیچا دکھانا ؛ شکست دینا ؛ خاتمہ کرنا/ختم کرنا ؛ نیچے گرادینا ، جیسے حیثیت اقتدار سے ؛ درہم برہم کرنا یا اُلٹ دینا ؛ اوپر سے اور آگے پھینک دینا ، جیسے 'بیس بال' کو 'بیس' سے پرے پھینکنا ؛ آگے پھینک دینا ۔ (اسم) انہدام/خاتمہ/تباہی ؛ معزولی ؛ اختیارات کا انتزاع ؛ شکست ؛ ہزیمت ؛ زوال ؛ بربادی ۔

overthrust, n. (ارضیات) تہ بالا ؛ اوپر کا نیچے ، بُنیادی طور پر ایسا زیریں چٹانی پرت ، جو بعد ازاں ایک نئی بناوٹ میں تبدیل ہوگیا ہو ؛ پرت کا وہ حصّہ جو دوسری پرت کو ڈھک لے ۔

overtime, n. بیش وقتی ؛ زائد وقت ؛ اوور ٹائم ؛ باقاعدہ اوقات کار سے قبل یا بعد کا وقت جس کے دوران کام کیا جائے ؛ مقرّرہ وقت کے بعد کام کرنے کی اُجرت ؛ خاص وقفے سے اُوپر کا وقت ۔ (صفت ، متعلق فعل) اوور ٹائم کی بابت ، کے دوران یا کے لیے ۔ (فعل متعدی) (عکّاسی) بیش کشائی کرنا ؛ زیادہ دیر تک کھلا رکھنا ۔

overtone, n. (موسیقی) مضاعف سُرتی ؛ بر سُرتی ؛ سُر کی ثانوی آوازوں میں سے ایک ، جو امتداد (pitch) میں اونچی رکھی جائے اور بُنیادی آواز کے ساتھ مل کر کیفیت پیدا کرتی ہو ؛ مضاعف ؛ رنگدار سطح سے منعکس ہونے والی روشنی کا رنگ ؛ مثنیٰ اور عموماً کم اہم معانی یا مُضمرات ۔

overtop, v.t. بڑھنا یا اونچا ہونا ؛ کسی پر اختیار حاصل کرنا ؛ پیچھے چھوڑ دینا ؛ چوٹی سے بلند ہونا ؛ اونچائی میں بڑھ جانا ۔

overtrade, v.i. (مالیات) زائد تجارت کرنا ؛ اپنے سرمائے یا منڈی کی ضروریات سے ماورا قیاس آرائی کرنا ؛ حد سے بڑھ کر کاروبار کرنا ۔

overtrain, v.t., v.i. (کھیل کُود) کھلاڑی کو حد سے زیادہ تربیت دینا یا دلانا ؛ زائد تربیت دینا ؛ بیش از ضرورت یا جسمانی ردّعمل کے مرحلے تک ورزش یا مشق کرانا یا کرنا ۔

overtrick, n. (تاش) چال کی تعداد سے بڑا یا بازی مکمّل کرنے کے لیے درکار پتّوں سے زیادہ پتّوں والا ہاتھ ۔

overtrump, v.t., v.i. (تاش) پہلے سے کھیلے گئے تُرپ کے پتّے پر بڑا تُرپ لگانا ؛ بڑھ کر تُرپ لگانا ۔

overture, n. (موسیقی) تمہیدی نغمہ ؛ ابتدائیہ ؛ اوپرا یا مذہبی اوپرا کے تعارف کی تشکیل کرنے والی مُطربانہ ترتیب ؛ اکثر ابتدائیہ کے طور پر استعمال ہونے والا موسیقی کا علیحدہ ٹکڑا ، جو ناٹک یا غنائیہ کے شروع میں ہوتا ہے ؛ بات چیت کا آغاز ؛ کوئی تجویز یا پیش کش ۔ (فعل متعدی) سلسلہ جُنبانی یا تجویز کے طور پر پیش کرنا ؛ سلسلہ جُنبانی کرنا یا تجویز پیش کرنا ۔

overturn, v.t. اُلٹ دینا ؛ تشدّد سے گرا دینا ؛ درہم برہم کر دینا ؛ برباد کر دینا یا خاتمہ کر دینا ؛ اقتدار تباہ کر دینا ؛ شکست دینا ؛ برباد کرنا ؛ اوندھا دینا ۔ (فعل لازم) پہلو یا منھ کے بل اُلٹ جانا ؛ درہم برہم ہونا ؛ اوندھا ہونا ۔ (اسم) اُلٹنے کا عمل یا اُلٹے جانے کی حالت ؛ کوئی تجارتی لین دین یا جملہ حاصلات ؛ اُلٹ پلٹ ؛ اوندھا پن ۔

overuse, v.t. بہت زیادہ استعمال کرنا ؛ بہت سخت یا بار بار استعمال کرنا ۔ (اسم) حد سے زیادہ استعمال ؛ بکثرت استعمال ؛ مُتجاوز استعمال ۔

overwarm, a. بیش گرم ؛ سخت گرم ؛ تکلیف دہ حد تک گرم ۔ (فعل متعدی) مطلوبہ درجے سے زیادہ گرم کرنا ۔

overwatch, v.t. بہت زیادہ نگرانی کرنا ؛ نگرانی سے اُکتا جانا یا تھک ہار جانا ۔

overwatcher, n. بیش نگراں ؛ بہت زیادہ نگرانی کرنے والا/بہت زیادہ جاگنے والا/بہت زیادہ دیکھنے والا ؛ ضرورت سے زیادہ نگران ؛ حد سے زیادہ نگہبان ۔

overwear, v.t. گھس جانے تک پہننا ؛ پہن پہن

کے گھِسا دینا ؛ دُہرا دُہرا کے فرسودہ کر دینا ؛ بار بار بیان کرکے ناگوار بنا دینا ۔

overweary, a. تھکن سے چُور ؛ حد سے زیادہ تھکا ماندہ ؛ تکان سے مغلوب ۔ (فعل متعدی) بہت زیادہ تھک جانا یا تھکا دینا ۔

overweather, a. بیش موسمی ؛ ایسے موسمیاتی حالات سے متعلق جو ہوائی جہازوں کی پرواز پر اثر انداز ہونے والی موسمی خلل اندازیوں سے بڑھ کر ہوں ۔

overweening, a. مغرور ؛ خود پرست ؛ برخود غلط (جیسے : an overweening individual) ؛ غیر معمولی ؛ پرلے درجے کا (جیسے : an overweening ambition) ۔

overweeningly, adv. خود پرستانہ طور پر ؛ خود پسندانہ طور پر ؛ متکبّرانہ طور پر ۔

overweeningness, n. خود پرستی ؛ گھمنڈ ؛ غرور ؛ شیخی ؛ خودستائی ؛ تکبّر ؛ نخوت ۔

overweigh, v.t. وزن میں بڑھ جانا ؛ زیادہ بھاری یا وزنی ہونا ؛ ستانا/ظلم یا تشدّد کرنا ۔

overweight, n. فاضل وزن ؛ قانونی مقدار سے زائد وزن ، جیسے جہاز رانی کے لیے ؛ رواجی یا صحت مندانہ مقدار سے زیادہ وزن/ بھاری بوجھ ، زیادہ وقعت یا اہمیت ؛ غلبہ ۔ (صفت) معمول یا اجازت سے زیادہ وزن رکھنے والا ؛ غیر معمولی طور پر بھاری ؛ زیادہ بھاری ۔

overwhelm, v.t. حاوی ہو جانا ؛ چھا جانا ؛ گھیرے میں لے لینا ؛ کُچل ڈالنا ؛ ڈھانپ لینا یا دفن کر دینا (جیسے : Volcanic eruptions can overwhelm great areas) ؛ غرقاب کرنا ؛ زیر کرنا یا کچل دینا (جیسے : Misfortunes overwhelm us) ؛ شکست دینا ؛ خاتمہ کرنا ؛ مکمل طور سے مغلوب یا زیر کرنا (جیسے : grief that overwhelms) ۔

overwhelming, a. غالب ؛ حاوی ؛ زبردست ؛ قوی ؛ بے پناہ ۔

overwhelmingly, adv. بے انتہا ؛ بے حد ؛ غلبے سے ؛ حاوی طور پر ۔

overwind, v.t. زیادہ چابی دے دینا ؛ بہت دُور تک یا بہت زیادہ لپیٹنا ، بل یا چکّر دینا جیسے کسی اسپرنگ کو ۔ (برق) برقی مقناطیس پر اس قدر تار لپیٹ دینا کہ تھوڑی سی برقی رَو سے مقناطیسی سیری حاصل ہو جائے ۔

overwinter, v.i. سردیاں گزارنا ؛ موسم سرما بسر کرنا ۔

overword, n. ترجیع ؛ اکثر دہرایا جانے والا لفظ یا فقرہ ، جیسے گیت کا مُکھڑا ۔

overwork, v.t., v.i. بہت زیادہ کام لینا یا ڈالنا ؛ بہت زیادہ استعمال کرنا ؛ ہیجان کی حد تک برانگیختہ کرنا ؛ تمام سطح پر آرایش کرنا ؛ بہت محنت کرنا ؛ کام کی مطلوبہ مقدار سے زیادہ کام کرنا ۔ (اسم) بہت زیادہ کام ؛ مقررہ مقدار سے زیادہ کیا ہوا کام ؛ زیادہ کام ؛ محنت شاقہ ۔

overwrite, v.t., v.i. مُبالغہ آمیز خطیبانہ اسلُوب میں لکھنا ؛ ضروریات سے زیادہ تفصیل کے ساتھ لکھنا ؛ کسی چیز کی سطح پر لکھنا ؛ بہت ہی مبالغہ آمیز انداز میں لکھنا ؛ لکھی ہوئی چیز پر لکھنا ؛ برتحریری کرنا ۔

overwrought, a. بہت زیادہ کام کے باعث تھکا ہوا ؛ بہت جوش میں ؛ مغلوب الغضب ؛ جس پر طاقت سے زیادہ کام یا بوجھ ہو ؛ جس پر بہت زیادہ اثر ڈالا گیا ہو یا جوش دلایا گیا ہو ؛ جو جذباتی طور پر تکلیف میں ہو ، جیسے محنت ، تشویش یا فکر سے ؛ بہت زیادہ مفصّل ۔

oviduct, Fallopian tube, n. (حیوانیات) بیض نالی ؛ تُخم یا انڈے کو بیضہ دان سے باہر لانے والا راستہ ؛ راہِ بیضہ ۔

oviductal, a. بیض نالی سے متعلق /کے بارے میں ۔

ovine, a. میشی ؛ بھیڑوں سے متعلّق ؛ میش نما ؛ بھیڑوں جیسا ۔

oviparous, a. (حیوانیات) بائض ؛ بیض زا ؛ ایسے انڈے پیدا کرنے والا جانور جو جسم سے اخراج کے بعد سیے جائیں ؛ ovoviviparous کی ضد ۔

oviparously, adv. بیض زائیانہ ؛ بیضہ کشی سے ۔

oviparousness, oviparity, n. بیض زائی ؛ بیضہ کشی ۔

oviposit, v.i. (حیوانیات) بیض گزاری؛ عضو بیض انداز کے ذریعے انڈے دینا ۔

oviposition, n. بیض اندازی/گزاری ؛ انڈے دینے کا عمل ؛ بیض ریزی ۔

ovipositor, n. (حیوانیات) بیض انداز ؛ بیض گزار ؛ عضو بیض ریز ؛ بہت سے حشرات کے پیٹ کی انتہا پر واقع انڈے جمع رکھنے کا عضو ؛ مچھلیوں کی متعدد اقسام میں ایسے ہی عمل کے لیے پایا جانے والا عضو ۔

ovoid, a. بیض نما ؛ بیضوی جسم ؛ انڈے جیسی شکل رکھنے والا ؛ بیضی ۔ نیز : ovoidal ۔ (اسم) ایسا جسم جو انڈے کی طرح ہو ؛ بیضوی یا بیضہ نما جسم ۔

ovolo, n. (فن تعمیر) بیضیہ ؛ بیض حاشیہ ؛ بیضہ نما گولا ؛ کسی بیضوی شکل یا دائرے کا چوتھائی حصہ تشکیل کرنے والی محدب ڈھلائی ۔

ovoviviparous, a. (حیوانیات) بیض زندہ زا ؛ ایسے انڈے پیدا کرنے والا جانور جو جسم کے اندر ہی سیے جائیں لیکن آنول کے بغیر ہوں ، جیسے متعدد مچھلیاں اور رینگنے والے جانور؛ oviparous کی ضد ۔

ovoviviparously, adv. بیض زندہ زائیانہ ۔

ovoviviparousness, n. بیض زندہ زائی ۔

ovulate, v.i. بویضہ دار بنانا ؛ بویضہ یا بیض دان سے تُخم پیدا کرنا یا چھوڑنا ۔

ovulation, n. تبویض ؛ بیض ریزی ؛ اخراج بیضہ ۔

ovule, n. (حیاتیات) غیر بار ور تخمک ؛ بیضک ؛ بیضدان ؛ چھوٹا سا انڈا ؛ تخم یا بیضہ ، خاص کر جو چھوٹا ، قبل از وقت یا غیر بارور ہو ۔ (نباتیات) ابتدائی تخم ؛ وہ جسم جس میں بیضہ دان یا جنین کیسہ اور اس وجہ سے ، باروری کے بعد ، نمو پانے والا مادّہ تخم خلیہ ہوتا ہے جو باروری کے بعد بیج بنتا ہے ۔

ovular, a. تخمکی ؛ بیضکی ۔

ovum, n. (حیاتیات) بیضۂ خلیہ ؛ مادّہ گمٹہ ؛ وسیع تر حیاتیاتی مفہوم میں ، انڈا ؛ حیوانوں کا مادّہ تولیدی خُلیہ جو عموماً باروری کے بعد ہی ایک نئے وجود میں نمو پذیر ہوتا ہے ؛ پودوں کا مادّہ تولیدی خلیہ

یا گمٹہ ـ (فن تعمیر) ایک بیضہ نما آرایش ـ

owe, v.t. مقروض ہونا؛ رہینِ مِنّت ہونا ؛ پابند ہونا ؛ ادا کرنے ، دینے یا پیش کرنے پر مجبُور ہونا (اس صورت میں بعض اوقات owe کے بعد to استعمال ہوتا ہے) ؛ بعض حالات کے سبب احسان مند ہونا یا قرض دار ہونا ؛ کسی شخص کے لیے کوئی خاص جذبہ رکھنا ـ (فعل لازم) قرض دار ہونا ؛ مقروض ہونا ـ

owing, a. دادنی ؛ واجبُ الادا ؛ ممنون ، مقروض یا واجب ـ

owing to, کی وجہ سے ، کے باعث یا کے سبب سے ؛ بدولت ـ

owl, n. (طیوریات) اُلّو ؛ بوم ؛ چُغد ؛ آگے دیکھنے والی بڑی بڑی آنکھیں ، رُخی قُرصیں ، خمدار چونچ اور تیز پنجے رکھنے والا Strigiformes جنس کے متعدّد بڑے سر والے شبینہ شکاری پرندوں میں سے کوئی پرندہ ؛ اُلّو جیسا سر رکھنے والی کبوتروں کی ایک نسل ؛ ایسا شخص جو رات جاگ کر گُزارنے کو ترجیح دیتا ہو ؛ اُداس شکل رکھنے والا شخص ـ (صفت) خدمت کے لیے آخر شب کے دوران دستیاب ـ

owlet, n. نو عمر اُلّو ؛ بچّۂ بُوم ، چُغد بچّہ ؛ اُلّو کا پٹّھا ـ

owlish, a. اُلّو جیسا ؛ بُوم صفت ـ

owlishly, adv. اُلّو کی طرح سے ؛ اُلّو پن سے ـ

owlishness, n. اُلّو پن ؛ بُوم صِفتی ؛ چُغدپن ـ

own, a. ذاتی ؛ حقیقی ؛ خُود کا ؛ سگا ؛ اپنا ؛ ماں جایا ؛ واضح اور زور دار طور پر کسی کی اپنی مِلک (عموماً حالتِ اضافی میں اضافی اسمِ اشارہ یا اسم کے بعد استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے : my own idea) ؛ کسی کی ذات یا وجود سے متعلّق (جیسے : my own niece) ـ (فعل متعدی) رکھنا یا قابض ہونا ، خاص طور پر جائیداد ؛ قبول یا تسلیم کرنا ـ (فعل لازم) مان جانا (to یا up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ـ

hold one's own, ڈٹے رہنا/جمے رہنا ؛ ہمّت نہ ہارنا ؛ اپنی صورتِ حال کو برقرار رکھنا ؛ مَفوّضہ کام یا مخالفت کے لیے برابر کا ہونا ـ

owner, n. مالک ـ

ownership, n. مِلکیت ـ

ox, n. بیل ؛ سانڈ ؛ ڈھگا ؛ ثوری /بقری جنس کا کوئی جانور ؛ ثوری /بقری نر جانور ، جو پورا جوان اور آختہ ہو ـ (جمع: oxen)ـ بےڈھنگا نوجوان یا مرد ـ (جمع: oxes) ـ

oxalate, n. (کیمیا) نمک ترشک ؛ تُرشک کے تیزاب کا ایسٹر یا نمک ؛ نمکِ حماض ـ

oxalic acid, n. آگزالک ایسڈ ؛ تُرشک کا تیزاب ؛ رنگ کاٹنے ، صاف کرنے اور رنگنے کے لیے استعمال ہونے والا ایک زہریلا سفید قلمی تیزاب جو بعض نباتات سے حاصل ہوتا ہے اور مصنوعی طور پر بھی بنایا جاتا ہے ؛ حماضی تیزاب ـ

oxalis, wood sorrel, n. (نباتیات) جنسِ حماض ؛ ترشک ؛ آگزالک ایسڈ رکھنے والی ، جنسِ حماض (Oxalis) سے متعلق کوئی بُوٹی ـ

oxazine, n. (کیمیا) آگزازین ؛ حلقی تشکیل میں کاربن کے چار ، نائٹروجن اور آکسیجن کا ایک ایک جوہر رکھنے والے سالمات کا کوئی مرکب جس کا تعلّق ، C_4H_5NO ضابطے کے مجموعۂ مرکبّات سے ہو ـ

oxblood, n. گہرا اور دُھندلا سُرخ رنگ ـ

oxbow, n. پنجالی ؛ جُوا ؛ بیل کی گردن کے گرد اور نیچے رکھّا جانے والا لکڑی کا کمان نما ٹُکڑا ، جس کے بالائی سرے جوت ڈنڈے میں پھنسے ہوتے ہیں ؛ ایک ارضیاتی ہیئت، جیسے دریا کا کمان نما موڑ یا اس پر مشتمل زمین ـ (صفت) پنجالی کا ؛ کمان نما ـ

oxeye, oxeye daisy, n. (نباتیات) گاؤدیدہ ؛ گُل داؤدی ؛ سفید کرن پھولوں والا مخلُوط سلسلے کا ایک گُلِ داؤدی جیسا گیاہی پودا ، سفید گلہ گُلِ داؤدی (Chrysanthemum leucanthemum)مخلوط سلسلے کا زرد کرن پھولوں والا ایک سورج مُکھی جیسا گیا ہی پودا ، دھوپ پودا (Heliopsis helianthoides) ، جو شمالی امریکا کے معتدل جنگلوں میں پایا جاتا ہے ؛ متعدّد ساحلی پرندوں میں سے کوئی ، جیسے امریکی قرقف ، پُھدکی پودنا ـ

oxford, n. (بعض اوقات بڑے O سے) آکسفورڈ جوتا ؛ ایک قسم کا نیچا بُوٹ ، جو عام طور پر پاؤں کے اوپری حصّے پر باندھا جاتا ہے ـ

oxford cloth, n. آکسفورڈ کپڑا ؛ قمیصوں اور ہلکے کھیلوں میں پوشاک کے لیے استعمال ہونے والا موٹا کپڑا ، جو سوت یا نقلی ریشم سے بُنا جاتا ہے اور بعض اوقات اس کی بُنت ٹوکری جیسی ہوتی ہے ـ

Oxford Group movement, Moral Re-Armament, Buchmanism, n. بُک مَین تحریک ؛ عوامی اور نجی اخلاقیات کے ذریعے دُنیا کی بہتری کے لیے وقف ایک تحریک ، ۱۹۲۱ء میں فرینک بک مین نے جس کی بُنیاد رکھی تھی ـ

Oxford movement, n. تحریکِ آکسفورڈ ؛ کلیسائے انگلستان میں اعلیٰ کلیسائی اصولوں کے لیے چلائی گئی تحریک ، جو ۱۸۳۳ء کے لگ بھگ آکسفورڈ یونیورسٹی سے شروع ہوئی تھی ـ

oxheart, n. شاہ دانہ ؛ گیلاس ؛ چیری کی ایک بڑی دل نما قسم ـ

oxidant, n. (کیمیا) مکسِد ؛ کوئی عاملِ تکسید ؛ تکسیدی عامل ـ

oxidase, n. (حیاتی کیمیا) تکسیدی خامرہ ؛ زندہ نسیج میں پائے جانے والے متعدّد تکسیدی خمیروں میں سے ایک ـ

oxidasic, a. تکسیدی خامرے کے بارے میں یا اس سے متعلق ـ

oxidation, n. (کیمیا) تکسید ؛ آکسیجن کے ساتھ اکٹھا ہونے کا فعل یا عمل ؛ اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی کیفیت ؛ وہ عمل جس کے نتیجے میں مرکّب بناتے وقت کسی مرکب میں موجود کسی عُنصر کے برقیے بڑھتے یا گھٹتے ہیں ـ

oxidative, a. تکسیدی ؛ تکسیدی عمل سے متعلّق ـ

oxidatively, adv. تکسیدی طور پر ـ

oxidation reduction, n. (کیمیا) تکسیدی تخفیف ؛ ایک کیمیائی ردِّ عمل جس کے نتیجے میں مرکّب کی تشکیل کرنے والے ایٹم ، برقیوں کو منتقل یا تقسیم کر لیتے ہیں ـ

oxide, oxid, n. (کیمیا) آکسائڈ ؛ اکسِید ؛ کسی دوسرے عُنصر یا اصلیے اور آکسیجن کا مرکّب ـ

oxidic, a. آکسائڈ سے متعلّق /آکسیدی ـ

oxidize, v.t. تکسید کرنا ؛ آکسیجن کے ساتھ مرکّب بنانا ؛ زنگ دار کرنا یا زنگ لگانا ؛ آکسائڈ میں بدلنا ؛ آکسیجن کے ساتھ ملانا ؛ آکسائڈ یا زنگ کی تہ سے ڈھانپنا ؛ ہائیڈروجن نکالنا ، جیسے آکسیجن کے عمل کے ذریعے ؛ اس طرح بدلنا کہ مثبت عُنصر کی گرفت زیادہ ہو ، جیسے کسی مرکّب کو ـ (فعل لازم) تکسید ہونا ـ

oxidizable, a.
قابلِ تکسید ؛ آکسیجن سے مِلنے والا ؛ زنگ خور۔

oxidizer, n.
تکسید کرنے والا ؛ تکسیدی عامل ؛ مکسِّد ؛ زنگ آفریں۔

oxime, n.
(کیمیا) آگزائم ؛ زیادہ تر کیٹون یا ایلڈی ہائڈ پر ہائیڈروکسی لَمائن کے عمل سے پیدا ہونے والا ایک مُرکّب C=NOH کے گروپ پر مشتمل ہوتا ہے۔

oxlip, n.
گاؤ زبان پیوندی ؛ زہرالربیع ؛ پامچال ؛ ایک گیاہی چٹانی ، بستانی یا حاشیائی پودا ، جنس زہرُ الربیع (Primula elatior) ، جو خوشبودار زرد پھولوں کے لیے اُگایا جاتا ہے۔

Oxonian, a.
آکسونیئن ؛ آکسفورڈ ، انگلینڈ یا آکسفورڈ یونیورسٹی کا / سے متعلّق ۔ (اسم) آکسفورڈ کا مقامی یا رہنے والا ؛ آکسفورڈ یونیورسٹی کا رُکن یا فارغُ التحصیل ؛ فاضل آکسفورڈ۔

oxtail, n.
گاؤ دُم ؛ بیل کی دُم ؛ بیل یا مویشیوں کی کھال اُتری ہوئی دُم ، جس کی یخنی بنائی جاتی ہے۔

oxtongue, n.
گاؤزبان ؛ لسانُ الثور سلسلے کی جنس Anchusa کے متعدّد گیاہی پودوں میں سے کوئی ، خاص طورپر ، گاؤزبان (Anchusa officinalis) جس کی خصوصیّت سخت اور کھردرے روئیں والے زبان نما پتے ہیں۔

oxyacetylene, a.
آکسی ایسٹلین ؛ آکسیجن اور ایسٹلین کے آمیزے کا/سے متعلّق /کو استعمال کرنے والا (جیسے oxyacetylene torch: used in welding) ۔

oxycalcium, a.
آکسی کیلسیم ؛ آکسیجن اور کیلسیم سے متعلّق یا ان کا پیدا کردہ ، جیسے کیلسیم کی روشنی یا بہت تیز روشنی۔

oxygen, n.
(کیمیا) آکسیجن ؛ کُل فضا کے پانچویں حصّے پر مشتمل ، O_2 کی حیثیت سے رُوپذیر ، ایک بے بُو ، بے ذائقہ گیسی عُنصر جو عمل احتراق میں مددگار ہونے کے ساتھ ، حیوانات اور نباتات کے عمل تنفّس میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔

oxygenic, a.
آکسیجن سے متعلّق ؛ آکسیجنی ؛ آکسیجن زا ۔

oxygenicity, n.
آکسیجن زائی ؛ آکسیجن کی خاصیت۔

oxygen acid, oxyacid, n.
(کیمیا) آکسیجن‌ایسڈ/ آکسی ایسڈ ؛ آکسیجن کی آمیزش کے ساتھ ایک غیر نامیاتی تُرشہ یا تیزاب ؛ آکسیجن کا تیزاب۔

oxygenate, v.t.
کسی چیز سے آکسیجن گُزارنا یا کسی شے میں آکسیجن ملانا ؛ اکتسا کرنا۔

oxygenation, n.
تکسید ؛ آکسیجنا ؛ آکسیجن آمیزی ؛ آکسیجن گُزارنے کا عمل۔

oxygen mask, n.
آکسیجن نقاب/جالی ؛ آکسیجن ماسک ؛ناک اور مُنہ کو ڈھانپنے اور ملحقہ ٹنکی سے آکسیجن فراہم کرنے والا آلہ۔

oxygen tent, n.
آکسیجن ٹینٹ ؛ خالص آکسیجن پہنچانے اور برقرار رکھنے کو ممکن بنانے والا حفاظتی غلاف ، جو سانس لینے میں مدد دینے کے لیے مریض کے سر اور شانوں پر رکھا جاتا ہے۔

oxyhemoglobin, n.
(حیاتی کیمیا) آکسی ہیمو گلوبن ؛ شریانی خون میں پایا جانے والا آکسیجن آمیز ہیمو گلوبن ، آکسیجن ملا خون کا سُرخ ذرّہ۔

oxyhydrogen, a.
آکسی ہائیڈروجن ؛ آکسیجن اور ہائیڈروجن کے امتزاج سے متعلّق ۔ (اسم) آکسیجن اور ہائیڈروجن کا امتزاج جیسا کہ دھاتیں کاٹنے اور جوڑنے والے شعلے میں استعمال ہوتا ہے۔

oxymoron, n.
(عِلم بیان) صنعتِ تضاد ؛ صنعتِ اجتماعِ ضدّین ؛ ایسے الفاظ کو بالمقابل رکھنے والا اندازِ گُفتار جو عموماً متضاد ہوں ، جیسے ظالمانہ مہربانی۔

oxysulfide, oxysulphide, n.
(کیمیا) آکسی سلفائڈ ؛ ایسا سلفائڈ جس میں آکسیجن نے گندھک کے کُچھ حصّے کی جگہ لے لی ہو۔

oxytetracycline, n.
(عِلمِ ادویہ) آکسی ٹیٹرا سائیکلین ؛ بہت سے مرض آور خُرد عضویات کو ختم کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ضدّ نامیہ۔

oxytocic, n.
مُمدِ وِلادت ؛ مقبض الرحم ؛ مُسرع الولادت ؛ بچے کی پیدایش کو سُرعت دینے والا ؛ عضلۂ رحم کے سکڑاؤ میں مُحرّک ۔ (اسم) بچے کی پیدایش میں مُمد یا عضلۂ رحم کے سکڑاؤ میں مُحرّک کوئی دوا۔

oxytocin, n.
(حیاتی کیمیا) مُہیجۂ منقبضہ ؛ منقبض ہارمون ؛ ہموار عُضلۂ رحم کے سکڑاؤ اور شیرپستان کے بہاؤ میں مُمد ہارمون۔

oyer and terminer, n.
امریکا کی کچھ ریاستوں میں متعدّد اعلیٰ فوجداری عدالتوں میں سے کوئی عدالت ۔ (برطانوی) اپنے حلقے میں دورے پر جانے والے منصفوں کو سماعت و فیصلہ کی عدالتیں لگانے کے اختیارات تفویض کرنے والا مختار نامہ۔

oyez, interj.
خبردار! ہوشیار! سُنو! متوجّہ ہو! صدا ؛ جو خاموش و متوجّہ کرانے کے لیے ، کسی باضابطہ اعلان سے پہلے ، عوامی یا عدالتی اہل کار ، عموما تین بار لگاتا ہے ۔ (اسم) بذاتِ خود ایسی صدا ؛ متوجہ کرنے کی صدا۔

oyster, n.
کستُورا مچھلی ؛ صَدفہ ؛ خُوردنی صَدفہ ؛ محار ؛ جنسِ محار (Ostreidae) قبیل کے بے ڈھنگے خولوں والے متعدّد سمندری ذوصِمامی خوردنی صدفیوں میں سے کوئی ، جو تہ میں یا اُتھلے پانی میں چٹانوں سے چمٹے ہوتے ہیں ؛ اسی طرح کے متعدّد ذوصِمامیوں میں سے کوئی ؛ مُرغ کی بغلی ہڈّی کے سامنے والے مجوف میں چُھپا ہوا صدفہ نما گوشت ؛ ایسی چیز جس سے کوئی فائدہ حاصل کرسکے یا اخذ کر سکے (جیسے : The world is the young man's oyster) ۔ (عوامی) چُپ شاہ یا گُھنّا ۔ (فعل لازم) زیر آب کھدائی یا اورطرح سے صدفے کا حاصل ہونا۔

oyster bed, n.
ساحلِ محار ؛ پرورش گاہ صدفہ ؛ صدفہ گاہ ؛ ایسی جگہ جہاں صدفے پرورش پاتے ہوں یا پرورش کیے جاتے ہوں۔

oystercatcher, n.
(طیوریات) محارگیر ؛ صدفہ گیر ؛ صدفہ گیر نوع کے (Haematopus) متعدّد جسیم کالے اور سفید رنگ کے ساحلی پرندوں میں سے کوئی ، خاص طور پر شمالی امریکا کے H.palliatus جن کی فانہ نما چونچ ، لال اور پروں پر سفید دھبے ہوتے ہیں اور جو اوقیانوس اور خلیج کے ساحلوں کے ساتھ ساتھ صدفوں اور ریگ صدفوں پر پلتے ہیں۔

oyster crab, n.
خولی صدفہ ؛ کستُورا کیکڑا ؛ صدفہ سرطان (Pinnotheres ostreum) نامی کیکڑا جو ہم باش کے طور پر محار کے خول ہی میں رہتا ہے۔

oyster cracker, n.
محار نمک پارا ؛ کستُورا بسکٹ ؛ محار یا